www.imroz.com.pk

بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta
A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 12 | بروز اتوار 28 مارچ 2021، 14 شعبان 1442ھ | شمارہ 272 | قیمت 10

# سینیٹ میں قائد حزب اختلاف بنانا ہماری جماعت کا حق تھا، بلاول بھٹو زرداری

مسلم لیگ (ن) کے دوستوں سے درخواست ہے ذرا سا پانی پی لیں، حوصلہ رکھیں، بی بی شہید کیس کے وکیل کی حمایت کیسے کرتا؟، سلیکٹڈ کا لفظ میں نے دیا تھا اور میں جانتا ہوں اس کا استعمال کس پر بنتا ہے

الزامات کا جواب نہیں دوں گا، اسٹیٹ بینک سے متعلق مجوزہ آرڈیننس خودمختاری چھیننے کے مترادف ہے، ندیم بابر کی طرح تمام وزراء کو ہٹایا جائے، چیئرمین پیپلزپارٹی پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سینیٹ میں قائد حزب اختلاف بنانا ہماری جماعت کا حق تھا۔ بی بی شہید قتل کیس میں اعظم نذیر تارڑ وکیل تھا، میں کیسے انکی حمایت کرتا؟۔ مسلم لیگ (ن) کے دوستوں سے درخواست ہے ذرا سا پانی پی لیں، حوصلہ رکھیں۔ مسلم

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## اسٹیٹ بینک سے متعلق غیر قانونی آرڈیننس کا ہر فورم پر مقابلہ کریں گے

بلاول بھٹو زرداری کا پیٹرول بحران کے معاملے میں وزیراعظم سمیت پوری کابینہ سے مستعفی ہونے کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پیٹرول بحران کے معاملے میں وزیراعظم سمیت پوری کابینہ سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک سے متعلق آرڈیننس کو ہر فورم پر چیلنج کریں گے، حکومت اسٹیٹ بینک کے

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## کراچی کی عدالت کا ماروی سرمد سمیت عورت مارچ منتظمین کیخلاف مقدمے کا حکم

عورت مارچ میں انتشار پھیلانیوالے، فحش اور اسلام مخالف نعرے لگائے گئے جس سے توہین اسلام ہوئی، درخواست گزار

کراچی (این این آئی) مقامی عدالت نے اسلام آباد میں ہونے والے عورت مارچ کیخلاف مقدمے کے اندراج کا حکم دیدیا۔ ہفتہ کو کراچی سٹی کورٹ میں ایڈیشنل اینڈ سیشن جج ساؤتھ کے روبرو عورت مارچ کیخلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ درخواست گزار جی ایم ایڈووکیٹ نے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

# عوام پہچان گئی ہے کہ کس کا کیا بیانیہ ہے، مریم نواز

پہلی بار دیکھا کہ اپوزیشن لیڈر سرکاری ارکان سے مل کر بنا، سلیکٹ ہونا ہے تو آپ کو عمران خان کی پیروی کرنی چاہیے' صف بندی ہوگئی، ایک طرف وہ لوگ جو عوام کی خاطر جدوجہد کر رہے

دوسری طرف وہ لوگ جنہوں نے چھوٹے سے فائدے کیلئے جمہوری روایات کو روند ڈالا، "زرداری سب پر بھاری" والی بات شرمندگی ہے، نائب صدر ن لیگ کی ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ پہلی دفعہ دیکھا لیڈر آف اپوزیشن سرکاری ارکان سے مل کر بنا، پ کو باپ کے لوگوں نے باپ کے کہنے پر ووٹ دیا، سلیکٹ ہونا ہے تو آپ کو عمران خان کی پیروی کرنی چاہیے،

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب پریس کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں

## اب شہری کورونا ویکسی نیشن کا سرٹیفکیٹ حاصل کر سکیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کووِڈ ایمونائزیشن سرٹیفکیٹ پورٹل کا اجرا کر دیا گیا، پورٹل کے ذریعے شہری کورونا ویکسی نیشن کا سرٹیفکیٹ

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## وفاقی حکومت کا گرمیوں میں کراچی کو اضافی بجلی دینے کا اعلان

450 میگاواٹ بجلی پہلے سے فراہم کی جانیوالی 800 میگاواٹ کے علاوہ ہوگی، وزیر توانائی

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے گرمیوں میں کراچی کو اضافی بجلی دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے شہریوں کے لئے اچھی خبر ہے، کہ وفاقی حکومت نے گرمیوں میں شہر کے لئے اضافی بجلی دینے کا اعلان کیا ہے۔ وفاقی

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## بلوچستان کے مسائل کا حل جماعت اسلامی کے پاس ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

جماعت اسلامی اقتدار میں آکر بغیر کسی تعصب کے تعلیم، صحت، رہائش، روزگار، صاف پانی، بجلی و گیس ہر شہری کو فراہم کرے گی

بلوچستان کے غریب عوام کو دو وقت کے کھانا میسر نہیں حکومت کی طرف سے روزانہ غریبوں کو تباہ و غربت بڑھانے کی خبریں آرہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی اقتدار میں آکر بغیر کسی تعصب کے تعلیم، صحت، رہائش، روزگار، صاف پانی، بجلی و گیس ہر شہری کو فراہم کرے گی۔ بلوچستان کے مسائل کا حل جماعت اسلامی کے پاس ہے جماعت اسلامی حکومت والے پی ڈی ایم کے کی کرپشن بچانے کے بجائے الگ عوامی حقوق کے حصول نفاذ اسلام کیلئے جدوجہد کر رہی ہے۔ قومی مسائل کے ذمہ دار حکومت و اپوزیشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ اور موجودہ حکومتوں نے عوام پر مہنگائی کے کوڑے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## حکومت کے ترقی کے دعوے جھوٹے ہیں، نواب رئیسانی

حزب اختلاف کے حلقوں میں ترقیاتی کام بند کر دیئے گئے ہیں، دھاندلی کی پیداواروں کا دھاندلا ہے، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

فیڈرل بیورو آف سٹیٹسٹکس کے اعداد و شمار ہیں کہ ہم 47 ہزار ارب قرض دار ہیں اتنا قرض تو ملک کیسے چلے گا پاکستان کی معاشی حالت بہت کمزور ہے

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم رئیسانی نے ایک بار پھر صوبائی حکومت کو تعصب پرست قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کے ترقی کے دعوے جھوٹے ہیں، حزب اختلاف کے حلقوں میں ترقیاتی کام بند کر دیئے گئے ہیں، دھاندلی کی پیداواروں کا دھاندلا ہے، ڈھائی تین سالوں میں نوکریوں کے اشتہار آتے ہیں اور پھر کینسل ہو جاتے ہیں، فیڈرل بیورو آف سٹیٹسٹکس کے اعداد و شمار ہیں کہ ہم 47 ہزار ارب قرض دار ہیں اتنا قرض تو ملک کیسے چلے گا پاکستان کی معاشی حالت بہت کمزور ہے۔ ان خیالات

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مسلح شخص نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا

تمبو (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مسلح شخص نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا اور

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## پی ڈی ایم کو پی پی نے نقصان پہنچایا، سردار یعقوب ناصر

وزیراعظم اور انکی اہلیہ دونوں کورونا میں مبتلا ہیں لیکن وزیراعظم اسکے باوجود میڈیا سے بات چیت کر کے ایس او پیز کی دھجیاں اڑا رہے ہیں

باپ پارٹی میں حکومتی ایماء پر راتوں رات فارورڈ بلاک بنا کر یوسف رضا گیلانی کی حمایت کرائی گئی جو کہ ہمارے سمجھ سے بالاتر ہے، میڈیا سے بات چیت

لورالائی (این این ائی) مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر نائب صدر سابق وفاقی وزیر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت عوام کو کورونا سے بچانے کیلئے ایس او پیز کا کہہ رہی ہے دوسرے طرف وزیراعظم اور اسکی اہلیہ دونوں کورونا میں مبتلا ہیں لیکن وزیراعظم اسکے باوجود میڈیا سے بات چیت کر کے ایس او پیز کی دھجیاں اڑا رہے ہیں انکے اس عمل سے عوام میں بڑا منفی میسج گیا ہے دنیا میں بھی ہمارے ملک کا کوئی اچھا میسج نہیں گیا انہوں نے کہا کہ یوسف رضا گیلانی اور پی پی نے پی ڈی ایم کے ساتھ جو گیم کھیلا وہ انکے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## جیکب آباد میں محکمہ صحت کی غفلت سے خسرہ کی وبا پھیل گئی، 6 معصوم بچے انتقال کر گئے

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں محکمہ صحت کی غفلت سے خسرہ کی وبا پھیل گئی، 6 معصوم بچے انتقال کر گئے، ضلع میں 140 بچے خسرہ کے مرض

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## چینی سٹہ مافیا کے 40 سرکردہ ارکان کے بینک اکاؤنٹس منجمد

لاہور (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے نے چینی سٹہ مافیا کے 40 سرکردہ ارکان

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## پی ڈی ایم تحریک سے ہٹنے والے زیرو ہو جائیں گے، امیر مقام

میں مفتاح اسماعیل کا ساتھ دینے والے شیروں کا شکریہ ادا کرتا ہوں

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا کے صدر امیر مقام نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کی تحریک بائیس کروڑ عوام کی

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## اسٹیٹ بینک سے متعلق بل کی پارلیمنٹ میں مخالفت کی جائے گی، سینیٹر رضا ربانی

پچھلے چند دنوں کے واقعات بہت بدقسمت ہیں، ہم ملکی مسائل کے حل کے لیے آگے بڑھیں گے

کراچی (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ اور پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے سینئر رہنما رضا ربانی نے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک سے متعلق بل کی

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## پی ڈی ایم ختم ہو چکی، عوام ان کی دھینگا مشتی دیکھ رہے ہیں، فواد چودھری

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چودھری نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم ختم

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## ہرنائی کے علاقہ زرغوغر میں ٹریکٹر ٹرالی الٹنے سے ایک شخص جاں بحق

خاتون دو بچوں سمیت 6 افراد زخمی ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا

ہرنائی (حریف ترین) ہرنائی کے علاقہ زرغوغر میں ٹریکٹر ٹرالی الٹنے سے ایک شخص جاں بحق، خاتون، دو بچوں سمیت 6 افراد زخمی، ابتدائی طبی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## حکومت گورننس اور سیاست میں ناکام ہو چکی ہے، حافظ حمد اللہ

موجودہ حکومت ملکی مسائل حل نہیں کر پا رہی، این ایف سی ایوارڈ کیلئے وزیراعظم کے پاس وقت نہیں

وزیراعظم صرف ترجمانوں کا اجلاس بلاتے ہیں، پی ڈی ایم نہ ہوتی تو حکومتی ایوانوں سے آوازیں نہ آتیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات و جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ حکومت گورننس اور سیاست میں ناکام ہو چکی ہے، موجودہ حکومت ملکی مسائل حل نہیں کر پا رہی۔ این ایف سی ایوارڈ کیلئے وزیراعظم کے پاس وقت نہیں، وزیراعظم قومی معاملات پر اجلاس نہیں بلاتے۔ وزیراعظم صرف ترجمانوں کا اجلاس بلاتے ہیں، پی ڈی ایم نہ ہوتی تو حکومتی ایوانوں سے آوازیں نہ آتیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## اسٹیٹ بینک ایکٹ 2021 معیشت اور ملک کیلئے خطرناک ثابت ہوگا، سینیٹر رحمٰن ملک

اس ایکٹ کے بعد پاکستان معاشی دلدل میں گر یگا جس کے نتیجے میں ملک اور عوام بھاری نقصان اٹھیں گے

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر داخلہ سینیٹر رحمان ملک نے اسٹیٹ بینک ایکٹ 2021 پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک ایکٹ 2021 معیشت اور ملک کے لئے خطرناک ثابت ہوگا۔ اپنے بیان میں سینیٹر رحمان

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## اے این پی عوامی مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے، اے این پی

مسلم باغ سمیت پشتونخوا وطن کی عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں، شاہینہ کاکڑ

ہم نے اقتدار میں آنے سے قبل عوام کے ساتھ جو وعدے وعید کئے تھے ان کی تکمیل کیلئے کوششیں جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کی نائب صدر و رکن صوبائی اسمبلی شاہینہ کاکڑ نے کہا ہے کہ اے این پی عوامی مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے، مسلم باغ سمیت پشتونخوا وطن کی عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں، پروانشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کی جانب سے برف باری سمیت دیگر قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے مسلم باغ اور گرد و نواح کے لوگوں کیلئے مشینری و دیگر کی فراہمی خوش آئند ہے امید ہے کہ وہ آئندہ بھی یہاں کی عوام کے مسائل کے حل کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی۔ ان خیالات کا اظہار

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## بلوچستان کے ضلع بولان کے علاقے مچھ میں ٹریفک حادثہ دو افراد زخمی ہو گئے ہیں

مچھ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع بولان کے علاقے مچھ میں ٹریفک حادثہ دو افراد زخمی ہو گئے ہیں

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## بی آر ایس پی جھل مگسی کی جانب سے سیلاب متاثرین کی امداد جاری ہے

جھل مگسی گنداواہ (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کی جانب سے یو این او چھا اور پی ڈی ایم اے کے تعاون سے تحصیل

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## حکومت اور ریاستی ادارے لینڈ مافیا کی سرپرستی چھوڑ دیں، لشکری رئیسانی

سیاسی اداروں پر قبضہ گیری جاری ہے حقیقی نمائندوں کو پارلیمنٹ سے دور رکھا جا رہا ہے سلیکٹڈ حکومت اور اسمبلیاں وجود میں لائی گئی ہیں، نواب ایاز خان جوگیزئی

بلوچ و پشتون اپنی آبا و اجداد کی ملکیت اور سرزمین سے دستبردار نہیں ہونگے ریاست ہمیں محکوم نہ سمجھے، لینڈ مافیا سمیت تمام قانون شکن گروپوں اور انکی پشت پناہی کرنیوالوں سے بخوبی آگاہ ہیں

کوئٹہ (این این آئی) قومی گرینڈ جرگہ کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ حکومت اور ریاستی ادارے لینڈ مافیا کی سرپرستی چھوڑ دیں بلوچ و پشتون اپنی آبا و اجداد کی ملکیت اور سرزمین سے دستبردار نہیں ہونگے ریاست ہمیں محکوم نہ سمجھے لینڈ مافیا سمیت تمام قانون شکن گروپوں اور انکی پشت پناہی کرنے والوں سے بخوبی آگاہ ہیں۔ یہ بات نواب ایاز خان جوگیزئی، نوابزادہ میر حاجی لشکری رئیسانی، چیف آف بیرک نواب محمد خان شاہوانی، پیپلز پارٹی کے بسم اللہ خان کاکڑ، بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک سکندر ایڈووکیٹ، بی این پی کے رہنما ملک ولی

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین، چیئرمین خدمت خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل نعمت اللہ ظہیر، جرمن قونصل جنرل، ڈی سی پشین، طارق خان ترین اور دیگر کا گروپ فوٹو

مسلم باغ، ایم پی اے شاہینہ کاکڑ، اور ڈی جی پی ڈی ایم اے نصیر احمد ناصر مسلم باغ میں پی ڈی ایم اے سینٹر میں مسائل سن رہے ہیں

## بچ جانیوالی 7 سالہ بچی نے کمسن بچوں کے قاتل ملزم کو پہچان لیا

7 سال کی بچی، گلا کٹنے سے شدید زخمی ہونے کے باعث بول تو نہیں سکتی تھی لیکن ہوش میں آنے کے بعد ان کی یادداشت بحال ہوگئی، اظہر اکرام

جب پولیس اہلکاروں نے انھیں بعض لوگوں کی تصاویر دکھائیں تو انھوں نے اس شخص کو فوراً پہچان لیا جس نے مبینہ طور پر ان کا گلا کاٹ دیا تھا، ڈی آئی جی پولیس

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں کمسن بچوں کا قتل، زندہ بچ جانے والی 7 سال کی بچی نے اپنے بہن بھائیوں کے قتل کے ملزم کو تصویر سے پہچان لیا سات سال کی

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## پولیو مہم کا بائیکاٹ ہوگا، آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس چاغی

ہسپتال میں ایمرجنسی شعبہ حادثات لیبر روم کے علاوہ باقی بند ہونگے تمام دفاتر بند رہیں گے

دالبندین (نامہ نگار) آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس چاغی کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت کامریڈ اللہ نور بلوچ منعقد ہوا۔ جنرل سیکرٹری حاجی اسد اللہ غالب۔ چیئرمین خلیفہ نذیر اسجبانی۔ عمران بڑیچ نے 29 مارچ کو کوئٹہ احتجاجی دھرنے میں بھرپور انداز

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## ملکی شخصیات کے اسلحہ لائسنس، وزیراعظم نے سمری وفاقی کابینہ بھیجنے سے روک دی

وزارت داخلہ کو 15 روز میں آرمز آرڈیننس رولز کابینہ میں پیش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے وزارت داخلہ کو اہم ملکی شخصیات کو ممنوعہ بور کے اسلحہ لائسنس جاری کرنے سے متعلق سمری وفاقی کابینہ کو

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## پی ڈی ایم میں پیپلز پارٹی کے مستقبل کا فیصلہ مولانا فضل الرحمٰن کرینگے، مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم میں

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## حمزہ شہباز کی جیل میں شہباز شریف سے ملاقات، پی ڈی ایم میں تضادات پر مشاورت کی گئی

مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے حمزہ شہباز کو پیپلز پارٹی کیخلاف کسی بھی قسم کی بیان بازی سے روک دیا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صدر

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## فیصل آباد، کورونا ایس او پیز کی خلاف ورزی پر مزید 5 شاپنگ مالز اور 22 ریسٹورنٹ سیل

فیصل آباد/ٹوبہ ٹیک سنگھ (این این آئی) ضلع بھر میں لاک

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## سینیٹ میں پاکستان پیپلز پارٹی اپوزیشن کی سب سے بڑی جماعت تھی، پلوشہ خان

مسلم لیگ (ن) والے بتائیں کہ بزدار کو برقرار رکھ کر عمران خان کی حکومت کو کیوں مضبوط کر رہے ہیں؟

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما سینیٹر پلوشہ خان نے کہا ہے کہ کہ مسلم لیگ (ن) والے بتائیں کہ وہ بزدار کو برقرار رکھ کر

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## ایف آئی اے نے چینی سٹہ مافیا کو بے نقاب کر دیا، بڑے نام سامنے آگئے

ایف آئی اے لاہور نے ایف آئی اے کراچی کو شہر میں 23 چینی سٹہ کرنے والوں کی تفصیل فراہم کر دی

کراچی (این این آئی) چینی سٹہ مافیا کے خلاف کارروائی کیلئے ایف آئی اے لاہور نے ایف آئی اے کراچی کو ایک خط ارسال کیا ہے جس میں کہا گیا ہے

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## محکمہ ایکسائز میں 4 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ ایکسائز میں 4 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے گئے

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## مستقبل میں نجی پارٹنر شپ کے لیے مزید لین دین کی راہ ہموار ہوگی، اسد عمر

منصوبے کی کامیابی سے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے قومی پروگرام کو تقویت ملے گی

اسلام آباد (این این آئی) پرائیویٹ پارٹنر شپ

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## صوبہ پنجاب کو چینی کی فراہمی کے لیے ڈسٹری بیوشن پلان تیار

لاہور (این این آئی) صوبہ پنجاب کو چینی کی فراہمی

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

## جے یو آئی اصول پرست اور محب وطن جماعت ہے، مولانا عبدالرحمن

جمعیت نے سیاست میں عہد و پیمان اور میثاق کی خاطر دنیا کے مناصب اور چمک دمک کا ذرہ برابر خیال نہیں رکھا

جمعیت علما اسلام اصول پرست اور محب وطن جماعت ہے جو عوام کے جمہوری حقوق پر کوئی سمجھوتا نہیں کرے گی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم خیشگی مفتی عبدالسلام ریسانی مفتی غلام نبی محمدی مولانا محمد اشرف جان حافظ عبدالحق حقانی مولانا حکیم حبیب اللہ مفتی عبدالسلام ریسانی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حافظ مسعود احمد حاجی محمد شاہ لالا حاجی ولی محمد بڑیچ حاجی ظفر اللہ کاکڑ سیکرٹری مالیات میر

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ سے ایم پی اے ثناء بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

## ہر حالات میں جمعیت کی جدوجہد کا بہاؤ زندہ رہے گا، جے یو آئی

جمعیت علمائے اسلام اسلاف دیوبند کے عظیم جماعت ہے مولانا فضل الرحمٰن کی قیادت وقت کی اہم ضرورت ہے

صالح معاشرے کی قیام کیلئے نیک صالح باکردار قیادت کی ضرورت ہے، مفتی جمیل، حاجی روزی، شمس اللہ و دیگر کا اجلاسوں سے خطاب

پشین (آن لائن) جمعیت علما اسلام کے رہنماؤں، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی نے کہا ہے کہ صالح معاشرے کی قیام کیلئے نیک صالح باکردار قیادت کی ضرورت ہے، جمعیت کا ہر کارکن مرکزی قیادت کے حکم پر لبیک کہتے ہوئے لانگ مارچ میں بھرپور شرکت کرتے ہوئے اسلام آباد میں سلیکٹڈ حکمرانوں کے کٹھ پتلی تماشے کے خاتمہ کیلئے حتمی اور فیصلہ کن مرحلہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علما اسلام تحصیل پشین کے امیر مفتی جمیل احمد، رکن قومی اسمبلی مولوی کمال الدین، اراکین صوبائی اسمبلی مولوی عزیز اللہ آغا، اصغر علی ترین، نائب امیر حافظ

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

**بقیہ 1**

ایام کو بہتر انداز میں منا سکے لیکن پاکستان میں اس کے برعکس جب بھی رمضان المبارک کا مہینہ قریب آتا ہے مصنوعی مہنگائی کا طوفان عوام کو چاروں جانب سے گھیر لیتا ہے اشیاء خوردونوش سمیت ہر چیز مہنگی ہو جاتی ہے سامان بلیک میں فروخت کیا جاتا ہے اس بار بھی حکومت کی عدم توجہ کی وجہ سے رمضان سے قبل مہنگائی کا طوفان سر اٹھا رہا ہے اشیاء کی قیمتوں میں من مانہ اضافہ جاری ہے ملک میں پہلے ہی مہنگائی بے قابو ہے اب مزید مہنگائی ہونے سے حالت ابتر ہوتی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے اشیاء خوردونوش سمیت تمام چیزوں کی قیمتوں پر قابو پانے کے اقدامات کرے ساتھ ہی تاجروں کو بھی چاہیے کہ وہ ناجائز منافع خوری کرنے والوں کی بیخ کنی میں اپنا کردار ادا کریں۔

**بقیہ 2**

ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کے ان کا ڈیپارٹمنٹ ضلع جھل مگسی میں زچہ وبچہ کی صحت اور آبادی کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھا رہا ہے انہوں نے کہا کہ ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر محمد گل اور سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر منظور احمد زہری کی کوششوں سے محکمہ صحت کے تعاون سے صوبے کے تمام اضلاع کے ڈی ایچ کیو ہسپتالوں میں پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے فیملی ویلفیئر کلینک کھولے جائیں گے اس سلسلے میں ہر ڈویژن میں بھی آفس کھولے جائیں گے اور فیملی پلاننگ سسٹم کو بحال کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کے ضلع جھل مگسی میں چار سینٹر اور ایک موبائل سروس یونٹ فعال ہیں اس موقع پر اے ڈی ای او جھل مگسی طارق عزیز مگسی بھی موجود تھے۔

**بقیہ 3**

حلقہ انتخاب میں بڑے بڑے میگا پروجیکٹ پر جلد کام کا آغاز ہونے والا ہے جس حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہونگے حلقے کے بیروزگار نوجوانوں کو روزگار سمیت عوام کے اجتماعی مسائل کا حل اولین ترجیحی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول سیکرٹریٹ اپنے آفس میں زیارت، سنجاوی ہرنائی سے آئے ہوئے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ضلع ہرنائی کے سید شادی گل بخاری علی آغا، یونین کونسل کچھ کے صدر محمد اکبر خان بھی موجود تھے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ہم نے الیکشن میں جو عوام سے وعدے کیے تھے ان وعدوں کو پورا کرنے کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے ہیں حلقے کی عوام کے لیے قومی شاہراہوں کی تعمیر، ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن، بجلی، زراعت، تعلیم، صحت، مواصلات، پینے کے صاف پانی کی فراہمی سمیت غرض روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے تمام بنیادی سہولیات عوام کی دہلیز پر پہنچائی جا رہی ہیں ان سہولیات سے عوام براہ راست مستفید ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ ہم جھوٹے وعدوں پر یقین نہیں رکھتے جو عوام سے وعدے کئے ان وعدوں کی پاسداری کی جا رہی ہے موجودہ صوبائی حکومت تعمیرات کے شعبے میں خصوصی دلچسپی لے رہی ہے مختلف قومی شاہراہوں اضلاع میں فارم ٹو مارکیٹ روڈز بنائے جا رہے ہیں تا کہ دیہاتوں کو شہروں سے جوڑ لیا جائے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے صوبائی اسمبلی کے حلقوں میں سب سے بڑا حلقہ پی بی 6 زیارت کم ہرنائی ہے اور ماضی میں عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے کوئی خاطر خواہ توجہ نہ دینے کی وجہ سے اتنے بڑے حلقے کے عوامی مسائل حل کیلئے اقدامات کرنے میں مشکلات درپیش آ رہی ہیں مگر پھر بھی ہمارے حوصلے چٹانوں کی مانند بلند ہیں ہم عوام کو ان کی دہلیز پر سہولیات پہنچا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ تعلیم صحت کے شعبوں میں بہتری لانا موجودہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے صوبے سے جہالت کے خاتمے کے لیے بھی ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے گئے جبکہ صحت کی سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے تمام وسائل خرچ کئے جا رہے ہیں صوبائی وزیر نے کہا کہ عوام کے اجتماعی مسائل کے ساتھ ساتھ بیروزگار نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار کی فراہمی کا سلسلہ بھی جاری ہے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کابینہ اجلاس میں عوام کو صحت کی سہولتیں فراہم کرنے سمیت دیگر اہم اقدامات پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کو خراج تحسین پیش کر دیا۔

**بقیہ 4**

نے پولیس فورس کے ہمراہ خفیہ اطلاع پر فیصل کالونی والبندین میں کامیاب کاروائی کرتے ہوئے دو موٹر سائیکل چور ضیاء الحق اور عبدالرزاق کو گرفتار کر لیا گیا جن کے قبضے سے چوری شدہ چار موٹر سائیکل برآمد کر لی ہے۔ ابتدائی تفتیش جاری ہے ملزمان سے مزید اہم انکشافات متوقع ہے۔

**بقیہ 5**

تنازعے کے تصفیے کے لیے عبدالستار نے نوید خان کو اپنے گھر بلایا اور قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق مقتول نوید خان کو قتل کرنے کے بعد قاتل عبدالستار نے اپنی والدہ اور بھائی کو گھر بلایا اور سارا واقعہ بیان کر دیا، اب تینوں نے مل کر لاش کو ٹھکانے لگانے کا منصوبہ بنایا اور طے کیا کہ رات کے لاش کو پھینک دیں گے۔ مقتول نوید خان کی لاش کو ٹھکانے لگانے کے لیے ملزمان نے کرائے کی گاڑی منگوائی، لاش کو چادر میں لپیٹ کر گاڑی میں منتقل کرنے کے دوران کرائے کے ڈرائیور نے خون ٹپکتا دیکھ کر شور مچا دیا، جس پر مرکزی ملزم وہاں سے فرار ہوگیا۔ پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر لاش کو ضابطے کی کارروائی کے لیے سول اسپتال منتقل کیا ساتھ ہی ملزم کی والدہ اور بھائی کو گھر سے گرفتار کرتے ہوئے تھانے منتقل کر دیا۔ پولیس نے مرکزی ملزم عبدالستار کی گرفتاری کے لیے ٹیمیں تشکیل دیتے ہوئے اس کی تلاش شروع کر دی ہے، قاتل اور مقتول کے درمیان کتنے روپے مالیت کا تنازعہ چل رہا تھا اس بارے میں مرکزی ملزم کی گرفتاری کے بعد معلوم ہو سکے گا۔

**بقیہ 6**

پروگرام لسبیلہ کے کوارڈینیٹر ڈاکٹر قمر رونجھو نے بریفنگ دی اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی اور پی پی ایچ آئی لسبیلہ کے ڈی ایس ایم ریحان احمد سعید بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹی بی ایک متعدی بیماری ہے لیکن خطرناک نہیں ہے کیوں کہ اب اس کی تشخیص اور علاج مفت کیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ اگر مریض کو دو ہفتے سے کھانسی اور بخار ہو اور کمزوری محسوس ہو رہی ہو مسلسل کم ہو رہا ہو تو فوری طور پر ماہر ڈاکٹر سے رجوع کرنا ہو گا اپنا چیک اپ کسی بھی ٹی بی سینٹر سے کرائیں ضلع لسبیلہ میں قائم ٹی بی سینٹر سے بلغم کا مفت ٹیسٹ کرائیں اور اگر ٹیسٹ مثبت آئے تو مفت علاج کرایا جائے انہوں نے کہا کہ دنیا میں 24 مارچ 1882 میں ٹی بی کا پہلا کیس سامنے آیا تھا ٹی بی کے اثرات طاقتور انسان میں دیر سے ظاہر ہوتے ہیں کمزور اور ضعیف افراد پر فوری طور اثر کرتا ہے اسے لوگوں کو فوری طور ٹیسٹ اور علاج شروع کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ عوام کی نظریں محکمہ صحت پر لگی ہوئی ہیں تا کہ ان مریضوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے اور ہماری یہ کوشش ہونی چاہیے کہ ہم اپنے اپنے علاقوں میں ٹی بی کے بارے میں لوگوں کو آگاہ کریں اور علاج کی طرف راغب کریں انہوں نے کہا کہ ٹی بی کا علاج اب موجود ہے اور یہ مرض لاعلاج اب نہیں رہا انہوں نے کہا کہ اگر محکمہ صحت کا عملہ نیک نیتی سے کام کریں تو ضلع لسبیلہ سے ٹی بی کی بیماری کو کنٹرول کیا جا سکتا ہے لیکن محکمہ صحت کا عملہ اپنے فرائض میں کوتاہی برتتا ہے اور گھر گھر جا کر لوگوں سے معلومات اکٹھی نہیں کرتے اسی لئے ٹی بی کے مریضوں میں اضافہ ہو رہا ہے انہوں نے کہا کہ اچھی طرح سے ٹیسٹنگ کی جائے تو لسبیلہ میں ہزاروں کی تعداد میں ٹی بی کے مریض ملیں گے اس لئے میں محکمہ صحت کے عملے کو ہدایت دیتا ہوں ہوں کہ ضلع بھر میں لوگوں کو ٹی بی کے بارے میں لوگوں کو آگاہی دیں تا کہ اس بیماری کو کنٹرول کیا جسکے اور ہمیں اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہوگا اور محکمہ صحت کے عملے کو 33 بیماریوں کی ہفتہ وار رپورٹ بھی کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اس موقع پر نیشنل کوارڈینیٹر ٹی بی کنٹرول پروگرام ڈاکٹر عمران، محمد رمضان شکیب جاموٹ، ایس پی او لسبیلہ کے ضلعی کوارڈینیٹر عبدالواحد لہڑی اور پی پی ایچ آئی کے مانیٹرنگ آفیسر عمران ستار کھوسہ بھی موجود تھے۔

**بقیہ 7**

کرنٹ سے جھلسنے والے بچے کی درخواست پر عدالت نے فیصلہ سنا دیا۔ کے الیکٹرک کو متاثرہ لڑکے سفیر کو ڈیڑھ کروڑ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا حکم دے دیا گیا۔ مواچھ گوٹھ کا رہائشی 12 سالہ سفیر 26 نومبر 2013 کو اپنے گھر سے نکلا تو کے الیکٹرک کے ہائی ٹینشن تاروں میں آگ لگنے سے جھلس کر زخمی ہوگیا تھا۔ متاثرہ لڑکے نے کہا کہ میرا سارا جسم جل گیا تھا، 2 سال تک میرا علاج ہوا، تاہم اب بھی میں کوئی کام کرنے اور وزن اٹھانے کے قابل نہیں۔ درخواست میں کہا گیا تھا کے الیکٹرک کی غفلت کی وجہ سے حادثہ ہوا اس لئے سفیر کو معاوضہ ادا کیا جائے۔ عدالت نے اپنے فیصلہ میں قرار دیا کہ شواہد سے کے الیکٹرک کی غفلت ثابت ہوتی ہے، بجلی فراہم کرنے والا ادارہ تاروں کی مرمت کا بھی ذمہ دار ہے۔ متاثرہ لڑکے کے وکیل نے کہا کہ عدالتوں کے فیصلے موجود ہیں کہ بجلی فراہمی کا ایسا نظام ہونا چاہئے کہ تار ٹوٹنے کے ساتھ ڈی فیوز ہو جائیں مگر کے الیکٹرک کے پاس ایسا سسٹم نہیں۔

**بقیہ 8**

لائین پر کام جاری ہے جس سے علاقے کے لوگوں کو صاف ستھرا ماحول اور گندگی سے پاک ہموار گزرگاہ میسر آئے گی علاقے مکینوں نے اس کام کو سراہتے ہوئے ایم این اے شکور شاد ایم پی اے رمضان گھانچی کا دل سے شکریہ ادا کیا یوسی 18 میں اس کام کی نگرانی جناب یاسر بلوچ، میر حماد، سعید بلوچ، عمیر نیازی، گلفام حیدر ہاشمی، ساجد عوان، الطاف حسین کر رہی ہیں

**بقیہ 9**

طرف ہریالی کا راج ہوتا ہے یہ تہوار حق اور سچ کی فتح اور ظلم کی شکست کے دن ہوتا ہے۔ اس دن راجا ہرن کشپ نے ظلم کے پہاڑ اپنے بیٹے پرلاد بھگت کے اوپر کر رکھا ہے۔ پرلاد بھگوان ایشور مانو گر زادہ بھگت نے انکار کیا اور کہا کہ میرا ماتما اور پروالا ہو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے جو سب کی رکشا کرنے والا ہے، راجا ہرن کشپ نے حق اور سچ کی آواز کو دبانے کے لئے قتل کرنا چاہا تو پرلاد بھگت نے پرماتما کو یاد کیا اور پرماتما نے اُس کو بچالیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں تمام قوم مل کر ایک دوسرے کے تہوار میں شریک ہوتی ہیں ہم یہاں پوری آزادی سے تہوار مناتے ہیں اور یہاں بسنے والی تمام قومیتوں اور پاکستان کی سلامتی واستحکام کے لئے بھی خصوصی دعا کرتے ہیں کہ یہ بھائی چارہ ہمیشہ قائم رہے اور ہمارا ملک تیزی سے ترقی کرکے دنیا کے اچھے ملکوں میں شامل ہو جائے۔ انہوں نے ہولی کے موقع پر قائد میاں نواز شریف کی صحت یابی کیلئے بھی خصوصی دعا کی۔

**بقیہ 10**

عبداللہ شوگر ملز دیپالپور، عبداللہ شوگر ملز ایکس یوسف، حبیب وقاص شوگر ملز، جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز، سیری شوگر ملز سمیت عبداللہ شاہ غازی جق باجوہ شوگر ملز، تاندلیانوالہ شوگر ملز شامل ہیں۔ دوسری جانب وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے نے چینی سٹہ مافیا کے 40 سرکردہ ارکان کے بینک اکاؤنٹس منجمد کرتے ہوئے ان کے خفیہ اثاثوں کی چھان بین کا آغاز کر رکھا ہے۔ ابھی تک ایف آئی اے چینی سٹہ مافیا کے 40 سرکردہ ارکان کے بینک اکاؤنٹس منجمد کر دیے ہیں جبکہ 100 سے زائد جعلی بے نامی اکاؤنٹس کو بھی منجمد کیا ہے۔ ایف آئی اے کا کہنا تھا کہ چینی سٹہ مافیا نے غریب عوام کے ساتھ سنگین ترین مالی فراڈ کیا اور غریب عوام کی جیبوں سے 110 ارب نکال لیے۔

**بقیہ 11**

میں آٹھ کتابوں کی رونمائی کی جا رہی ہیں اور مختلف سیشنز میں نئی نسل کی آواز، انگلش فکشن، آرٹ اور ادب، ایشیا اور یورپ کے کلچر کے حوالے سے بھی سیشنز رکھے گئے ہیں۔ ادبی میلے میں ملک اور بیرون ممالک سے دانشور، ادیب، سیاستدان اور سماجی شخصیات آن لائن سیشنز میں شرکت کر رہے ہیں۔ سینئر رضا ربانی کے ناول The Smile Snatchers کی رونمائی بھی کی گئی۔ جس پر بات کرتے ہوئے رضا ربانی نے بتایا کہ یہ ایک اسمگلنگ آرٹسٹ کے حوالے سے ہے، اس میں ان بچوں کے بارے میں بھی لکھا گیا ہے جو متنازع علاقوں میں کسی حادثہ کے باعث متاثر ہونے سے ان کی خوشیاں چھن گئیں۔ کراچی لٹریچر فیسٹیول میں غلط خبریں اور غلط معلومات کے حوالے سے بھی دلچسپ سیشن رکھا گیا جبکہ ادبی میلے کے دوسرے روز کا اختتام مشاعرے سے کیا گیا۔

**بقیہ 12**

عابد، مولانا فخر الدین رازی، ڈاکٹر نصیر الدین سواتی، ڈاکٹر عطاء الرحمٰن خان، حافظ محمد نعیم، حافظ حبیب الرحمٰن خاطر، قاری اشرف مینگل، قاری سعید مہمند، مولانا عبدالوحید خان سواتی، شاہ اللہ شیدواری مولانا نثار احمد نثار، مولانا محمد رحیم، مولانا محمد عمر، محمد شاہ، مولانا تاج محمد، مفتی خلیل اللہ، محسن آفریدی، مولانا امین اللہ پیرزادہ، مولانا نعمت اللہ، مولانا عطاء اللہ سمیت پی ایس 115 اور 116 میں شامل تمام یونیز کے عہدیداران شریک ہوئے، اجلاس میں این اے 249 پر انتخابی مہم بھرپور انداز میں چلانے کا فیصلہ کیا گیا، یونیز کی سطح پر مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئیں اور انہیں ڈیوٹیاں بھی تفویض کی گئیں۔ جے یو آئی ضلع غربی کراچی کے جنرل سیکرٹری مولانا فخر الدین رازی کے مطابق جے یو آئی نے حلقے میں موجود دیگر سیاسی ومذہبی جماعتوں سے انتخابی اتحاد وحمایت کیلئے رابطے شروع کر دیے ہیں، ضمنی انتخابات میں جے یو آئی حیران کن نتائج دے گی، ہم ووٹ کی طاقت سے دولت کے جنون اور اقتدار کے غرور کو عبرتناک شکست دیں گے، عوام ابن الوقت لیڈروں کو مسترد کر دیں گے۔ واضح رہے جے یو آئی کے امیدوار مولانا عمر صادق این اے 249 میں شامل پی ایس 116 سے 2002 کے عام انتخابات میں کامیاب ہوئے تھے اور اس وقت سندھ اسمبلی میں ڈپٹی اپوزیشن لیڈر اور ایم ایم اے پارلیمانی لیڈر منتخب ہوئے تھے، 2018ء کے عام انتخابات میں این اے 249 سے ایم ایم اے امیدوار نے 10307 ووٹ لئے تھے، مولانا عمر صادق نے عام انتخابات میں این اے 249 میں شامل پی ایس 116 سے حصہ لیا اور 5306 ووٹ کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہے، پی ایس 116 سے 2013 کے انتخابات میں جے یو آئی کے مولانا عمر صادق نے 12 ہزار ووٹ حاصل کئے تھے، مولانا عمر صادق نے اپنے دور رکنیت کے دوران عوام سے تعلق اور رابطہ برقرار رکھا اور عوام کے مسائل حل کراتے رہیں۔

**بقیہ 13**

کے رہنما وسیم اختر، عامر خان کے علاوہ فاروق ستار بھی پیش ہوئے۔ کیس میں شناخت پریڈ کی کارروائی مکمل ہوگئی۔ گواہ انسپکٹر علی رضا نے دس ملزموں کو شناخت کر لیا۔ شناخت پریڈ عدالت کے احاطے میں کرائی گئی، جس کے دوران 25 سے زائد افراد موجود تھے۔ وکلا نے گواہ کے بیان پر جرح مکمل کر لی۔ مزید سماعت 24 اپریل تک ملتوی کر دی گئی۔ اشتعال انگیز تقاریر کے 21 مقدمات میں ایم کیو ایم کے رہنما عامر خان، خواجہ اظہار اور وسیم اختر کے علاوہ فاروق ستار بھی پیش ہوئے۔ عدالت نے مقدمے کے چار گواہوں کے بیانات قلمبند کر لئے اور وکلا صفائی نے گواہوں پر جرح مکمل کر لی۔ مزید سماعت 17 اپریل تک ملتوی کر دی گئی۔

**بقیہ 14**

کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بلوچستان حکومت اور وزیر اعلی بلوچستان مسائل کے حل کیلئے سراپا احتجاج مزدوروں کے مطالبات تسلیم کریں وفاق نے اعلان کر دیا بلوچستان حکومت کو 25 فیصد تنخواہ بڑھانا ہوگی حکومت کے پاس اسکے علاوہ کوئی چارہ نہیں ان خیالات کا اظہار بلوچستان کے ممتاز مزدور رہنماء اور پاکستان ورکرز کنفیڈریشن بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر خان زمان اور مرکزی سیکرٹری انفارمیشن عابد بٹ نے نشریاتی ادارے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان ریلوے پاکستان پوسٹ واپڈا جیسے بڑے قومی اور منافع بخش اداروں میں افرادی قوت کم کرنے کی کوشش کی گئی تو ملک بھر میں زبردست مزاحمتی تحریک کا آغاز ہوگا۔ جو امریکی سامراج اور انکے گماشتہ کاسہ لیسوں کو ملک سے بھاگنے پر مجبور کر دے گا۔ آج ملک بھر میں اداروں کو ختم کر کے بوروزگاری میں اضافے کی کوشش شروع ہو چکی ہے تاریخ کی ناکام ترین حکومتیں عوام کو ریلیف دینے کی بجائے ٹیکس بڑھانے یوٹیلٹی بلز کے ذریعے غریب عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈال رہی ہیں۔ مہنگائی بیروزگاری نے بلوچستان سمیت ملک بھر کے غریب عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے لوگ خودکشیوں پر مجبور ہو چکے ہیں۔ پاکستان ورکرز کنفیڈریشن بلوچستان رجسٹرڈ کے رہنما خان زمان اور عابد بٹ نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے ہٹ دھرمی کی انتہا کر دی ہے جو حکومت اپنے محکموں کی پروموشن اپ گریڈیشن کے مسائل حل نہ کر سکے مزدور اور ملازمین اس سے کس اچھائی کی توقع کریں۔ صوبے کے بڑی مزدور پلیٹ فارم بلوچستان لیبر فیڈریشن نے صوبے بھر میں احتجاجی تحریک شروع کر رکھی ہے کیونکہ حکومت ملازمین ومزدوروں کے مسائل حل کرنے میں ناکام ہو چکی ہے مہنگائی کے تناسب سے تنخواہوں میں اضافہ نہ ہونے پنشن کے حصول بی اینڈ آر سمیت دیگر اداروں سے جبری برطرفیوں۔ پروموشن اپ گریڈیشن نہ ہونے بی ڈی اے ملازمین کو مستقل نہ کرنے اور اداروں کو تباہی سے بچانے اور نجکاری کیخلاف بلوچستان بھر میں ملازمین سراپا احتجاج بن چکے ہیں محکمہ واسا صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے عوام کو پانی فراہم کر رہا ہے عیدوں سمیت دیگر تہواروں اور چھٹیوں کے دوران کام کرنیوالوں کا اوور ٹائم بند کر کے محکمہ فنانس نے بحران کی کیفیت بنا دی ہے۔ محکمہ اریگیشن میں لیبر قوانین کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں سیکرٹری اریگیشن عدالتی حکم کی خلاف ورزی کر رہے ہیں اور حکومت کے سر پر جوں تک نہیں رینگ رہی ہے بیوروکریسی عدالتوں کے حکم ردی کی ٹوکری کی نظر کر کے ریاست کے اندر اپنی ریاست کا عندیہ دے رہی ہے۔ بلوچستان کا ہر طبقہ مسائل حل نہ ہونے کا شکوہ لئے سراپا احتجاج بن چکا ہے۔ کسی دور حکومت میں اتنے احتجاج نہیں ہوئے جتنے ان ڈھائی سال میں ہوئے حکومت کی اپنی کوئی پالیسی نہیں اور نہ ہی موجودہ نااہل حکمران مسائل کے حل میں دلچسپی لے رہے ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ تنخواہوں 25 فیصد اضافے بی ڈی اے واسا سی اینڈ ڈبلیو میونسپل کارپوریشنوں ومیونسپل کمیٹیوں محکمہ اریگیشن کے ملازمین کے مسائل کے حل کیلئے بھرپور جدوجہد کی جائے گی۔ بلوچستان کے ملازمین اور مزدوروں کے مسائل کے حل کیلئے جمعرات یکم اپریل 2021 کو کوئٹہ میں بھرپور احتجاجی ریلی اور مظاہرہ کیا جائے گا۔ کیونکہ صوبائی حکمت مسائل حل نہیں کر رہی بلوچستان کے ملازمین اور محنت کش طبقے کے پاس جدوجہد ہی واحد راستہ ہے اور ہم جدوجہد کی بدولت مسائل حل کرنے پر یقین رکھتے ہیں دنیا بھر کے محنت کش طبقہ کی پہچان لال جھنڈا ہے ہمارے مزدور لال جھنڈے کو لیکر پرامن جدوجہد پر یقین رکھتے ہیں۔

**بقیہ 15**

اینڈ بیلنس بھی ان پر لاگو نہیں ہوگا اور گورنر اسٹیٹ بینک لارڈ کلائیو کی حیثیت سے پاکستان پر حکومت کریگا اور تمام مالی ادارے ان کے کنٹرول میں ہوں گے۔ اپنے بیان میں کنور محمد دلشاد نے کہا کہ 2018 کے الیکشن سے اب تک معاشی صورتحال روز بروز بدتر ہوتی جا رہی ہے اور وزیراعظم عمران خان کے اردگرد آئی ایم ایف کے نمائندوں نے گھیرا تنگ کر رکھا ہے کیونکہ آئی ایم ایف اور عالمی بینک بہت عرصے سے اسٹیٹ بینک کی خودمختاری کنٹرول کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں اور اس مجوزہ بل سے خودمختاری حاصل کرنے کے بعد اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی عسکری قوت پر بھی اثرات مرتب ہوں گے اور ان کے عسکری بجٹ میں کٹوتی کرنے کی مذموم سازش کرے گی کیونکہ مجوزہ بل کی منظوری سے گورنر سٹیٹ بینک سمیت ملازمین کو قومی احتساب بیورو نے ایف آئی اے کو حساس اداروں کے بیورو اتھارٹی یا اداروں کی انکوائریوں سے حاصل ہو جائے گی اور کسی قسم کی کارروائی کے لئے وزیر اعظم کے اثر سے بھی نکل جائیں گے پارلیمنٹ کے ارکان سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر ملکی مفاد میں اس بل کی مخالفت کریں۔

**بقیہ 16**

آٹے کی پسوائی کرنے کی بجائے گندم سمگل کر رہے ہیں محکمہ خوراک کے راشی افسران کی ملی بھگت سے گندم کی غیر قانونی ترسیل کا انکشاف ہوا ہے ذرائع کے مطابق بااثر فلور ملز مالکان نے اپنے آٹا ڈیلرز کے ذریعے لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے لاکھوں روپے کی دیہاڑیاں محکمہ خوراک کے افسران کی ملی بھگت سے لگائی جا رہی ہیں گندم کی غیر قانونی ترسیل کر کے رائے ونڈ اور گردونواح کے آٹا ڈیلرز کو برائے نام آٹے کا کوٹہ دیا جا رہا ہے ذرائع نے مزید بتایا کہ کہ بااثر فلور ملز مالکان گندم کا سرکاری کوٹہ حاصل کرنے کے باوجود آٹے کی پسائی نہیں کر رہے بلکہ گندم سمگل کرنے میں مصروف ہیں آٹا ڈیلرز کو 300 تھیلے کی انوائس بھیجی جاتی ہے جبکہ حقیقت میں اسکو 200 تھیلا بھیج کر زبردستی وصولی کی جا رہی ہے اس مذموم دھندے کی وجہ سے صوبہ بھر میں آٹے کا بحران دوبارہ جنم لے رہا ہے فلور ملز مالکان کی سپلائی کا چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے اور محکمہ خوراک کے آشیر باد سے فلور ملز مالکان لاکھوں روپے کی دیہاڑیاں لگا رہے ہیں، شہر کے ایک آٹا ڈیلر نے اپنا نام شائع نہ کرنے کی شرط پر بتایا ہے کہ رائے ونڈ میں آٹے کے دو ٹرک لگا کر محکمہ خوراک اور فلور ملز مالکان اصل حقائق مسخ کر رہے ہیں سنجیدہ حلقوں نے رائے ونڈ تحصیل کے فلور ملز مالکان کی چیرہ دستیوں بارے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

**بقیہ 17**

سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی ضلعی معاون سیکرٹری ضلعی معاون ناظم مالیات حاجی قاسم خان خلجی ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ سراج الدین جمیعت علمائے اسلام عشرہ مبشرہ یونٹ اختر آباد کے امیر مولانا مفتی سمیع الحق مولانا عصمت اللہ مولانا وکیل خیالی نے اختر آباد میں جمیعت علمائے اسلام عشرہ مبشرہ یونٹ اختر آباد کے زیراہتمام لانگ مارچ کے تیاریوں کے سلسلے میں ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قادیانی نواز حکمرانوں کے سازشوں کو ہر میدان میں ناکام بنا دینگے تبدیلی سرکار مغربی دنیا کے خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ملک کے اسلامی تشخص کو مٹانے کے درپے ہیں عورت مارچ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے اسلامی تشخص پر حملہ ہے آہین وقانون کے مطابق کسی کو اسلامی جمہوریہ پاکستان کے اسلامی تشخص کی مٹانے کی اجازت نہیں دیں گے انہوں نے کہا کہ انصاف کے دعویدار حکمران ریاست مدینہ کے نام پر ملک کو تباہی فحاشی اور عریانی کے ماحول کی طرف دھکیل رہے ہیں جو پاکستان کی آہین وقانون سے بغاوت ہے انہوں نے مزید کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی قیادت میں آہین وقانون کے دائرے میں رہ کر اسلامی فلاحی ریاست کے قیام کے لئے جدوجہد جاری رکھیں گے جمعیت علما اسلام کے کارکن جماعتی اصولوں کے پاسداری کرتے ہوئے جمعیت علما اسلام کے جاری تحریک کو مزید کامیابی سے ہمکنار کرے۔

**بقیہ 18**

ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عطاالمعنم کی زیر نگرانی ٹیموں نے چک 202 ر۔ب بھائی والا میں حمیدہ میٹرنٹی ہوم کو چیک کیا تو وہاں اپریشن تھیٹر، لیبر روم ولیبارٹری میں علاج معالجہ کی صورتحال انتہائی ناقص پائی گئی جبکہ وہاں کوالیفائیڈ ڈاکٹر بھی موجود نہ تھا اور اوزاروں کی حالت بھی تسلی بخش نہ تھی جس پر تھیٹر، لیب اور لیبر روم کو سیل کر دیا گیا اسی طرح چک 204 میں شکایت ملنے پر نواب میڈیکل سنٹر کو سیل اور بھائی والا میں اچانک چیکنگ کے دوران نعمان ڈینٹل کلینک پر علاج کے نام پر بیماری پھیلانے پر کلینک کو سیل کر دیا گیا۔

**بقیہ 19**

اسٹیٹ آفیسر امتیاز علی گورایہ کی سربراہی میں بلڈنگ انسپکٹرز سلیمان قیصر، اسلم گجر، محمد نوید، محمد اسلم ودیگر سٹاف پر مشتمل ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے ایف ڈی اے کے زیر کنٹرول مختلف رہائشی کالونیوں اور کمرشل مارکیٹ میں جاری تعمیرات کو چیک کیا تو ملت ٹاؤن میں پلاٹ نمبر 382-E،444-E،176-E،767-B اور چناب مارکیٹ میں دکان نمبر 65 پر بلا منظوری بلڈنگ پلان تعمیرات جاری تھیں جنہیں فوری طور پر سر بمہر کر دیا گیا جبکہ احمد نگر پر پلاٹ پر C-544 پر ناجائز قبضہ کو ناکام بنا کر تعمیرات مسمار کر دی گئیں۔ ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے نقشہ جات اور لے آؤٹ پلان کو چیک کر کے ستارہ سپریم سٹی میں پبلک بلڈنگ کیلئے مختص ساڑھے چار کنال اراضی کا قبضہ حاصل کر کے وہاں پر ایف ڈی اے کی ملکیتی جگہ کا بورڈ آویزاں کر دیا گیا۔ ایف ڈی اے انتظامیہ کی طرف سے خبردار کیا گیا ہے کہ کمرشلائزیشن اور بلڈنگ پلان کی منظوری کے بغیر عمارات تعمیر نہ کی جائیں بصورت دیگر پلاٹس کو سر بمہر کرنے کے علاوہ تعمیرات مسمار اور بھاری جرمانے بھی کئے جائیں گے جبکہ مزید خلاف ورزیوں پر قصور داروں کیخلاف فوجداری مقدمات بھی درج کرائے جا سکتے ہیں۔

**بقیہ 20**

تک جو بھی ٹارگٹ ملا انہوں نے پورا کیا۔ اپنے بیان کے حق میں دلیل دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہیں ٹارگٹ ملا کہ انہوں نے فاروق لغاری کے لیے ووٹ لینے ہیں اور انہیں صدر بنانا ہے، آصف زرداری نے یہ ٹارگٹ پورا کیا۔ اعتزاز احسن نے کہا کہ ان کا ٹارگٹ تھا کہ انہوں نے خود صدر بننا ہے، اسٹیبلشمنٹ سمیت ہر کوئی ان کے خلاف تھا مگر تمام تر مشکلات کے باوجود انہوں نے نمبرز پورے کیے اور صدر بنے۔ معروف قانون دان اور پی پی رہنما نے کہا کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ میں بھی پریگمیٹک پالیٹکس ہی کرنی ہے وہاں وئی اخلاقیات کی سیاست نہیں ہو رہی۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم میں ایسے ایسے لوگ موجود ہیں جو کہتے تھے کہ میری جائیداد یہاں بھی نہیں اور وہاں بھی نہیں اور ان لوگوں پہ کئی کئی مقدمات بنے ہوئے ہیں۔ اعتزاز احسن نے کہا کہ پی ڈی ایم کے کچھ لوگ ایسی بڑی بڑی بیماریاں بنا کر لندن چلے جاتے ہیں، میاں صاحب نے ایسی بیماری بنائی کہ ہر کوئی سانس روکے بیٹھا تھا کہ اف اللہ میاں صاحب کو جہاز میں بیٹھاؤ اور لندن پہنچاؤ۔

**بقیہ 21**

سرکاری بقایاجات کی وصولی مہم کو مزید تیز کیا جائے اور مقررہ ہدف کا حصول یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ آبیانہ، زرعی انکم ٹیکس سمیت مختلف مدات میں سرکاری وصولیوں کی پراگریس کی کڑی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے لہٰذا ریونیو افسران اپنی ذمہ داریوں کو پورا کریں۔ انہوں نے پرائس کنٹرول میکنزم پر حکومتی وژن کے مطابق عملدرآمد کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ دکانوں ومارکیٹوں میں اشیائے ضروریہ کے نرخناموں کی موجودگی یقینی بنائی جائے۔ اس موقع پر ریونیو افسران نے سرکاری بقایاجات کی ریکوری، بھٹوں کی انسپکشنز رپورٹ اور پرائس کنٹرول میکنزم پر عملدرآمد سے تفصیلی آگاہ کیا۔

**بقیہ 22**

جمعیت علمائے اسلام پاکستان کی طرف لوٹیں۔ جمعیت علماء اسلام کے سیکرٹریٹ کا افتتاح کرتے ہوئے مولانا خان محمد شیرانی اور حافظ حسین احمد نے پریس کانفرنس کی۔ حافظ حسین احمد نے کہا کہ 2018ء کے انتخابات میں مولانا فضل الرحمٰن اور ان کے بیٹے کو قومی اسمبلی انتخابات سے روکا تاہم مولانا فضل الرحمٰن نے نواز شریف کے کہنے پر انتخابات میں حصہ لیا۔ حافظ حسین احمد نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن اپنی ساکھ کو بچانے کے لیے لگے ہوئے ہیں، جے یو آئی میں نظریات کی سیاست کو نقصان پہنچا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کا شیرازہ بکھر گیا ہے۔ حافظ حسین احمد نے سوالیہ انداز میں کہا کہ مریم نواز کی کیا قابلیت ہے؟ پارٹی کی بڑی شخصیات مریم نواز کے پیچھے کھڑی ہوتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ میں اور مولانا شیرانی مولانا فضل الرحمٰن سے پہلے پارٹی کے رکن بنے۔

**بقیہ 23**

نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ڈی ایم سی ایسٹ کی انتظامیہ کو زبردست الفاظ میں سراہا اور کہا کہ آوارہ کتوں کی موجودگی میں انہیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا لیکن ڈی ایم سی ایسٹ کی جانب سے چلائی جانے والی مہم کے بعد علاقوں سے آوارہ کتوں کا تقریباً خاتمہ ہو چکا ہے جو کہ قابل تعریف اقدام ہے جس پر ڈی ایم سی ایسٹ انتظامیہ کے مشکور ہیں، ڈی ایم سی ایسٹ کی جانب سے سگ گزیدگی کی روک تھام کے ساتھ محمود آباد کی تنگ گلیوں کی صفائی کا کام بھی انجام دیا جا رہا ہے، میونسپل کمشنر شعیب احمد ملک کا کہنا ہے کہ سگ گزیدگی کی روک تھام کیلئے مہم میں تیزی لائی گئی ہے اس مہم کے ذریعے ضلع شرقی کو آوارہ کتوں سے پاک کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات بروئے کار لائے جائیں گے، کوشاں ہیں کہ مرحلہ وار ہر یوسی میں سگ گزیدگی کی روک تھام کیلئے امور کی انجام دہی کو یقینی بنایا جائے مذکورہ امور ڈائریکٹر میونسپل سروسز توقیر عباس اور شمون ہدایت کی نگرانی میں سرانجام دیئے گئے۔

**بقیہ 24**

فاروق نامی شہری کی جانب سے درخواست دائر کر دی گئی۔ درخواست میں پیمرا، چیف سیکرٹریز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ عورت مارچ کوریج اور الیکٹرانک میڈیا پر کوریج کی پابندی عائد کی جائے اور عدالت عورت مارچ انتظامیہ کے خلاف کاروائی کرنے کا حکم دے۔ اس سے قبل پشاور کی ایک مقامی عدالت میں عورت مارچ منتظمین کیخلاف مقدمہ درج کرنے کیلئے درخواست دائر کی گئی تھی جس میں جس میں مؤقف پیش کیا گیا کہ عورت مارچ کے نام پر غیر اسلامی حرکات کی گئیں اور اس بنیاد پر اس مارچ پر پابندی عائد کی جائے۔

**بقیہ 25**

لائن ہیلتھ ورکرز کورونا کا شکار ہو چکے ہیں، ہسپتال کے ترجمان ڈاکٹر عبدالجبار بھٹو نے ہیلتھ ورکرز میں کورونا کی تصدیق کر دی ہے۔ ڈاکٹر عبدالجبار بھٹو نے بتایا کہ ہسپتال میں اب تک 212 فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز کورونا وائرس سے متاثر ہو چکے ہیں اور صرف ایک ہفتے کے دوران 30 فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز کورونا سے متاثر ہوئے ہیں، کورونا وائرس سے متاثرہ ہیلتھ ورکرز میں 71 ڈاکٹرز، 73 نرسز اور دیگر عملے کے 68 افراد شامل ہیں۔

**بقیہ 26**

نوٹیفکیشن کے مطابق سوشل میڈیا پر اشتعال انگیز مواد پھیلانے والے اکاؤنٹس اور پیجز کی خصوصی مانیٹرنگ کی جائیگی اس حوالے سے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) ڈویژنل حکام اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان ضروری کوآرڈینیشن کی بھی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔ جاری نوٹیفکیشن کے مطابق سوشل میڈیا پر فرقہ ورانہ اشتعال انگیزی پھیلانے والے تمام افراد کیخلاف سائبر کرائم ایکٹ کے تحت بلا تفریق سخت کارروائی ہوگی، کسی کو بھی سوشل میڈیا کے ذریعے فتنہ وفساد پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ محکمہ داخلہ گلگت بلتستان کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق شر انگیزی پھیلانے والے اکاؤنٹس کو بلاک کرنے کیساتھ ساتھ اس میں ملوث افراد کو گرفتار کیا جائے گا۔ ایسے عناصر کیخلاف قانونی کارروائی عمل میں لا کر سخت سے سخت سزا دی جائیگی۔ صوبائی حکومت نے گلگت بلتستان کے سوشل میڈیا صارفین سے بھی اس حوالے سے تعاون کی اپیل کی ہے۔ ترجمان صوبائی حکومت علی تاج کے مطابق وزیراعلیٰ گلگت بلتستان خالد خورشید نے حکام کو سوشل میڈیا پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت کر دی ہے۔

**بقیہ 27**

اپنے بیان میں عمر ایوب خان نے کہا کہ ٹرانسمیشن لائن سے رواں سال گرمیوں میں کراچی کو اضافی 450 میگاواٹ بجلی میسر ہوگی۔ عمر ایوب خان نے کہا کہ 130 کلومیٹر طویل ڈبل سرکٹ ٹرانسمیشن لائن جامشورو سے کراچی تک اپ گریڈ کی گئی ہے۔ عمر ایوب خان نے کہا کہ ٹرانسمیشن لائن کے ذریعے رواں سال 31 مارچ تک بجلی کی ترسیل ممکن ہو جائے گی۔ یانہوں نے کہا کہ ٹرانسمیشن لائن کی بروقت تکمیل سے نیشنل گرڈ سے "کے ای" پاور کو اضافی ساڑھے چار سو میگاواٹ بجلی میسر ہوگی۔ عمر ایوب نے کہا کہ کراچی الیکٹرک کو پہلے ہی نیشنل گرڈ سے 650 سو میگاواٹ بجلی فراہم کی جا رہی ہے۔ عمر ایوب خان نے کہا کہ ٹرانسمیشن لائن کی تکمیل سے کراچی کو گرمیوں میں مجموعی طور پر 11 سو میگاواٹ بجلی میسر ہوگی

**بقیہ 28**

برسائے ہیں اور ان کو ضروریات زندگی سے محروم کر دیا۔ بلوچستان کے غریب عوام کو دو وقت کے کھانا میسر نہیں حکومت کی طرف سے روزانہ غریبوں کو تباہ وغربت بڑھانے کی خبریں آ رہی ہے۔ حکومتی پالیسیاں آئی ایم ایف کے تابع اور غریبوں کو زندہ درگور کرنے کیلئے ہیں۔ جو حکومت چینی کی قیمت کنٹرول نہ کر سکی شوگر مافیا کے سامنے بے بس ہو وہ عوامی مسائل حل نہیں کر سکتی۔ جماعت اسلامی ملک کی نظریاتی وجغرافیائی سرحدوں اور قومی آزادی وخود مختاری کا تحفظ اور ہر قسم کی مداخلت کا سدباب کرے گی قوم کو ووٹ دینے کے رویے اور طریقے کو بدلنا ہو گا ووٹ کی پرچی کا درست استعمال ملک اور قوم کے مستقبل کو سنوار سکتا ہے، ملک میں کلمہ طیبہ کے نام سے تبدیلی کی ہوا چل پڑی ہے، لوگ حکومت واپوزیشن جماعتوں کی روایتی سیاست، بدعنوانی، بے حسی سے تنگ آ چکے ہیں، گزشتہ 70 سالوں سے برسراقتدار طبقے نے ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر قوم کو جن مسائل سے دوچار کیا۔ وقت آ گیا ہے کہ قوم دیانت دار قیادت کا انتخاب کر کے ظلم کی اس رات کی تاریکی ختم کر دے۔ انہوں نے کہا جماعت اسلامی ایک واضح پروگرام کے ساتھ جدوجہد کر رہی ہے، ہمارا مقصد ملک میں اسلامی نظام کا نفاذ ہے۔

**بقیہ 29**

لودین اور داوی صدیوں سے ایک دوسرے کے ساتھ بھائی چارے کے طور پر زندگی بسر کر رہے ہیں، لیکن بعض عناصر کو کلی کربلا کا امن اور یہاں آباد قبائل کا بھائی چارہ اور باہمی اتحاد اور اتفاق ہضم نہیں ہو رہا ہے، اور آئے دن علاقے میں مختلف آقوام کے آراضیات کو قبضہ کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ان بااثر قبضہ مافیا نے قبرستان کے مردوں کو بھی نہ بخشتے ہوئے علاقے کی قبرستان کی اراضی پر قبضہ کر کے تعمیرات کر لی ہیں، محلہ بیان زئی کے قبرستان میں تعمیرات سے علاقے میں آباد قبائل اور قبضہ مافیا کے درمیان قبائلی تصادم کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے، انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں بارہاں مقامی انتظامیہ کو مطلع کرتے ہوئے معاملہ تمام حکام کے نوٹس میں لایا گیا ہے، لیکن بااثر قبضہ مافیا جنہیں مختلف عناصر کی پشت پناہی حاصل ہے نے اس کے باوجود غیر قانونی تعمیرات کی کوششیں شروع کر رکھی ہیں، جو ایک قابل گرفت عمل ہے، انہوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن سے مطالبہ کیا کلی کربلا محلہ بیان زئی کے قبرستان پر تعمیرات کا نوٹس لیکر ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کیجائے اور عوام کو قبضہ مافیا سے نجات دلا کر علاقے میں قبائلی تصادم کے خطرات کا راستہ روکا جائے۔

**بقیہ 30**

لے کر جائینگے۔ یہ بات انہوں نے دورہ کوئٹہ کے موقع پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت آئینی معاشی سیاسی گرداب میں ہے، عمران خان کی حکومت ہر محاذ پر ناکام ہوگئی ہے، آئی ایم ایف کے ٹیکسوں کا بوجھ عوام کے لئے برداشت سے باہر ہو چکا ہے، پارلیمنٹ کو مفلوج اور اسٹیٹ بنک کو آئی ایم ایف کے طابع کر دیا ہے، لیاقت بلوچ نے کہا کہ سی پیک منصوبہ سست روی کا شکار ہے بلدیاتی ادارے غیر فعال اور مفلوج کر دیئے گئے ہیں، سندھ میں پی پی پی کی حکومت عوام کے لیے ڈراؤنا خواب بن چکا ہے، لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی سینیٹ قومی اور سندھ اسمبلی میں اپوزیشن کا کردار ادا کر رہی ہے ہم کسی اتحاد کا حصہ نہیں ہیں اپوزیشن میں اپنا کردار ہے، لیاقت بلوچ نے کہا کہ سینیٹ کے اپوزیشن لیڈر کے معاملے میں مسلم لیگ ن ان کا لیڈر بنانے کی ذمہ دار ہے، سینیٹ الیکشن کے بعد اپوزیشن لیڈر کے لئے بھی جلد بازی کی گئی، جو طریقہ کار سینیٹ انتخابات کے لئے کئے گئے وہی طریقہ اپوزیشن لیڈر کے لئے بھی استعمال کیا گیا، جماعت اسلامی کے ملک گیر احتجاج کی طرف جانے کا فیصلہ پارٹی کی شورٰی کریں گی، لیاقت بلوچ نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام کو تقسیم کر کے ہر دور کے حکمرانوں نے اپنے مفاد حاصل کئے، بلوچستان کے عوام کی جان مال کو تحفظ حاصل نہیں ہے، بلوچستان حکومت لاپتہ افراد کی بازیابی میں ناکام ہے۔

**بقیہ 31**

120000 روپے کے کیش انعامات تقسیم کیے جائیں گے، تفصیلات کے مطابق سماجی تنظیم وانگ کے زیراہتمام غیر سرکاری تنظیم اپنا، سلامتی فیلوشپ کے تعاون سے پڑھے گا لسبیلہ پڑھے گا لسبیلہ ریاضی و سائنس مقابلے کا ٹیسٹ کا انعقاد تین اپریل بروز ہفتے کو اوتھل، بیلہ اور حب میں منعقد کیے جا رہے ہیں جس میں مقابلے میں لسبیلہ کے گورنمنٹ اسکولز سے کلاس پنجم کے نامزد 160 کے قریب طلبہ وطالبات شریک ہونگے جن سے ان مضامین سے معروضی نوعیت کا ڈیرھ گھنٹے کا پیپر لیا جائے گا، مضامین میں پہلی پانچ پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں 120000 روپے کے کیش انعامات تقسیم کیے جائیں گے، دراثنا اس سے قبل بھی گزشتہ سال وانگ کے زیراہتمام، محکمہ تعلیم لسبیلہ کے تعاون سے منعقدہ مقابلے میں ساکران، کولوائی، رانا بٹ، پتھر کالونی، نوتانی، بیلہ کے طلبہ پوزیشن لے کر کیش انعامات جیت چکے ہیں، ٹیسٹ کی آرگنائزر زیتون کریم اور خلیل رونجھو کے مطابق ٹیسٹ کے انعقاد کا بنیادی مقصد اسکولوں کے طلبہ میں سائنس اور ریاضی کے مضامین کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے اور ان مضامین میں مقابلے کا رجحان بڑھانا ہے۔

**بقیہ 32**

فریٹ سروس شروع ہونے کے بعد یومیہ لوڈ کی جانے والی ویگنوں کے اوسط عدد سے ڈھائی گنا زیادہ بنتا ہے۔ کوئلے کو کراچی سے یوسف والہ میں دو 1350 میگاواٹ کے بجلی گھروں تک پہنچانے والی پاکستان ریلوے کی فریٹ ٹرینیں محکمے کی فریٹ سروس کو ایک الگ پہچان دیتی ہیں۔ پاکستان ریلوے یومیہ چار ٹرینیں کراچی سے یوسف والہ روانہ کرتا ہے اور ایک ٹرین 40 ویگنوں پر مشتمل ہوتی ہے جن کی مجموعی گنجائش 2400 ٹن لوڈ لے جانے کی ہوتی ہے۔ اس موقع پر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلوے کراچی محمد حنیف گل نے فریٹ ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا یہ ایک نہایت خوش آئند بات ہے اور اس کا مہانہ آمدنی میں اچھا اثر مرتب ہوگا۔ انہوں نے افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کے اس کارنامے کو صرف سرکاری کاغذوں میں ایک بار کی حد تک نہ رہنے دیا جائے اور باقی فریٹ ٹرینوں کی لوڈنگ میں بھی اسی طرح کی کارکردگی دکھائی جائے۔

**بقیہ 33**

کے صاحب زادہ وودیگر نے ایک بیان میں کہا ھے کہ ھم واپڈا ہائیڈرو یونین کے مرکزی جوائنٹ صدر صوبائی چیرمین فخر مزدور حاجی محمد رمضان اچکزء سپرنڈنگ انجنیر میر مجیب مری صاحب وودیگر مینجمنٹ کے مشکور وممنون ہیں جنہوں نے ساتھیوں کے پروموشن اپگریڈیشن میں اپنے فرائض احسن طریقے سے سرانجام دیئے جی ایس او عہدران ہھاہڈرو یونین کے جنرل سیکرٹری حاجی عبدالخ، صوباء وائس چیئرمین عبدالباقی لہڑی صوبائی جوائنٹ سیکریٹری محمد یار علیزئی فنانس سیکرٹری محمد آصف سیکرٹری اطلاعات آغا محمد ودیگر قائدین کے خدمات کو بھی سراہتے ہوے کہا ھے کہ واپڈا ہائیڈرو یونین سی بی اے ہی مزدوروں کی نمائندہ تنظیم ھے سی بی اے یونین نے ہمیشہ ادارے کی مفاد مزدوروں کی فلاح وبہود کیلے گران قدر خدمات سرانجام دیئے ہیں جس کی بدولت پاکستان بھر کے لاکھوں مزدور آج ہائیڈرو یونین ہی کو اپنا محبوب تنظیم سمجھتے ہیں اس لے ھم تمام ساتھیوں کی زمہ داری بنتی ھے کہ ھم ادارے کی ترقی یونین کی فعالیت نظم وضبط اور مزدور دوستی کا پیغام آگے پھیلائیں اور ادارے کی فلاح و بہود کے لے دن رات محنت کریں۔

**بقیہ 34**

ڈی سی چوک پر دھرنا دیا گیا اور قاتلوں کو گرفتار کر کے سرعام پھانسی کا مطالبہ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں تحریک انصاف کے سرگرم رہنما راز خان پٹھان کی قیادت میں کارکنان وشہریوں نے صحافی اجے لالوانی کے قتل، کوہاٹ میں 3 سالہ بچی حریم فاطمہ سے زیادتی کے بعد قتل کرنے سمیت بنوں میں چار نوجوانوں کے بے رحمانہ قتل کے خلاف جلوس نکال کر شہر میں مارچ کیا گیا اور افسوسناک سانحات کے خلاف نعربازی کی، کارکنان نے شہر کے اہم ترین ڈی سی چوک پر پہنچ کر دھرنا دیا، دھرنے میں کاشف کھنیو، غلام حسین گولو، شنکر لعل کستوری، محسن لاشاری سمیت دیگر کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی، اس موقع پر تحریک انصاف کے سینئر رہنما راز خان پٹھان نے کہا کہ صحافی اجے لالوانی کا قتل آزادی صحافت کا قتل ہے صحافی کے قتل میں ملوث قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، انہوں نے کہا کہ کوہاٹ میں درندوں نے 3 سالہ معصوم بچی حریم فاطمہ سے زیادتی کر کے بے دردی سے قتل کر دیا معصوم حریم فاطمہ کے ساتھ زیادتی کے بعد اس کا قتل پوری انسانیت کے لیے لمحہ فکریہ ہے، معصوم حریم فاطمہ کے قاتلوں کو گرفتار کر کے سنگسار کیا جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات رونما نہ ہوسکیں، تحریک انصاف کے رہنما نے مزید کہا کہ بنوں میں چار نوجوانوں کو ذبح کر کے جس رحمانہ انداز میں قتل کیا گیا ہے اس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، دھرنے پر بیٹھے مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ معصوم بچوں سے زیادتی کر کے اسے قتل کرنے والے درندوں کو سرعام پھانسی پر لٹکایا جائے اور بے گناہ لوگوں کو قتل کرنے والے قاتلوں کو فلفور گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے۔

**بقیہ 35**

ریکارڈ قیمتوں کے باوجود پیٹرولیم مصنوعات نہ خریدنے کا فیصلہ کر کے قوم کو سستا پیٹرول دینے کے بجائے مہنگا پیٹرول فروخت کر کے کھربوں روپے کمانے والے پیٹرولیم مافیا کے خلاف نہ صرف سخت ترین سزائیں تجویز کی جائیں بلکہ قوم کے لوٹے ہوئے کھربوں روپے وصول کر کے ایسی کمپنیوں اور افراد کو بلیک لسٹ بھی کیا جائے تا کہ ان جیسے قومی مجرموں کیلئے عبرت کا نشان بن سکے۔ ڈاکٹر حاجی حنیف طیب نے مطالبہ کیا کہ بجلی، گیس، آٹا، چینی مہنگی کر کے کھربوں روپے لوٹنے والوں کو بھی نشان عبرت بنایا جائے۔ حکومت بجلی کمپنیوں کے معاہدوں پر نظر ثانی کرے، فوری طور پر بجلی کے نرخوں میں اضافہ واپس لینے اور لوڈشیڈنگ ختم کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔ حاجی محمد حنیف طیب کا مزید کہنا تھا کہ رمضان المبارک بھی قریب آ رہا ہے مہنگائی کو کم کرنے کیلئے اب کوئی اقدامات نہیں کئے گئے، ذخیرہ اندوز اور منافع خور بھی عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کیلئے تیاری مکمل کر چکے ہیں ایسے عناصر کو گرفت میں لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے یوٹیلٹی اسٹور میں جو سبسڈی دی جاتی ہے، یہ بتایا جائے کہ رعایت کن کن چیزوں پر کتنی ہیں، یہ بھی بتایا جائے کہ پاکستان کتنے شہر اور گاؤں میں یوٹیلی اسٹورز موجود ہیں اس میں چیک اینڈ بلنس کا کیا نظام قائم کیا ہوا ہے۔

**بقیہ 36**

54 ہزار 800 ٹن پیداوار ہے۔ کیلے کے درختوں کے 9 ہزار کلو سے زائد تنے ہر سال ضائع ہو جاتے ہیں جنہیں پھینک دیا جاتا ہے یا جلا دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی ٹیم نے اس تنے سے نہ صرف دھاگہ بنایا ہے بلکہ کپڑا بھی تیار کیا ہے اور اسے رنگنے میں بھی قدرتی طریقہ اجزا استعمال ہوئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ یہ کپڑا کاٹن کے مقابلے میں زیادہ پائیدار ہے جبکہ اس کی قیمت بھی کاٹن کی قیمت کی نصف ہے۔ ڈاکٹر محسن نے کہا کہ کسان پہلے اس تنے کو پھینک دیا کرتے تھے یا جلا دیتے تھے جس سے کچرے اور فضائی آلودگی میں اضافہ ہوتا تھا، تاہم اب یہ بیکار تنے بھی ان کی آمدن کا ذریعہ بن سکیں گے۔ علاوہ ازیں یہ کپڑا ماحول دوست ہوگا جبکہ کپاس کی پیداوار میں کمی کو بھی پورا کر سکے گا۔

**بقیہ 37**

ان کے ہمراہ پی ٹی آئی کے سندھ اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر بلال غفار عدیل احمد اور دیگر موجود تھے۔ فردوس شمیم نقوی نے مزید کہا کہ سندھ میں گندم کی فصل تیار ہے۔ سندھ حکومت نے اب تک خریداری نہیں کی۔ سندھ میں 42 لاکھ میٹرک ٹن گندم کی فصل ہوئی ہے۔ سندھ حکومت 14 لاکھ ٹن گندم خریدیں جبکہ مڈل مین 1600 روپے تک خرید رہا ہے، یہ چار سو روپے کی چوری ہے۔ مراعات یافتہ طبقے کو فائدہ پہنچایا جا رہا ہے۔ حکومت محنت کشوں کو چونا لگا رہی ہے۔ گندم کی خریداری ہو یا کپاس کی فصل یا گنے کی خریداری سندھ حکومت نے مڈل مین کے ذریعے کسانوں کا استحصال کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کے پی اور پنجاب میں بلدیات کا قانون بنایا جا چکا ہے۔ سندھ میں بلدیات کا قانون پاس تک نہیں ہوا۔ وفاق نے جتنے وعدے کیے وہ پورے ہوئے منگھو پیر روڈ، فائر ٹینڈرز وفاق نے مکمل کیے۔ محمود آباد، گجر نالہ پر وفاق کام کر رہا ہے۔ البتہ جو نالے سندھ حکومت کو صاف کروانے تھے وہ کام نہیں کر رہے۔ سندھ حکومت کی کراچی ٹرانسفارمیشن پلان میں کارکردگی خراب ہے۔ ہم اس معاملے پر آل پارٹی کانفرنس کرنے جا رہے ہیں۔ سندھ حکومت کو بھی اس کانفرنس میں دعوت دیتے ہیں۔ سندھ حکومت دیگر جماعتوں کو مطمئن کرے کہ کراچی ٹرانسفارمیشن میں انہوں نے کیا کام کیے ہیں۔ فردوس شمیم نقوی نے مزید کہا کہ سپریم کورٹ نے ڈسکہ کے متعلق اہم فیصلا سنایا۔ سپریم کورٹ نے بنیادی جمہوریت کی حمایت کی۔

**بقیہ 38**

پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاسی تاریخ اس امر کی شاہد ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی سے کبھی بھی اپنے سیاسی عزائم کے لیے غیر جمہوری اوامر کا ساتھ نہیں دیا، پاکستان پیپلز پارٹی جمہوری اوامر سے ہی اپنے سیاسی مخالفین کا مقابلہ جاری رکھے گی اور موجودہ سیلکٹڈ حکمرانوں کو جمہوری روایات پر عمل درامد کرتے ہوئے ہی شکست دے گی۔ سینئر لیڈر پاکستان پیپلز پارٹی میاں خرم رسول نے واضح کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کو چیئرمین سینٹ کے حوالے سے جو اعتراضات ہیں ان کے حوالے سے پاکستان پیپلز پارٹی اپنی قانونی اور آئینی جنگ جاری رکھے گی تاہم پاکستان پیپلز پارٹی ملک میں جمہوریت کے استحکام کے مشن کو جاری رکھے گی اور کبھی بھی کسی بھی قسم کے غیر آئینی امر کا حصہ نہیں بنے گی۔ سینٹ میں بطور قائد حزب اختلاف پاکستان پیپلز پارٹی کا حق تھا اور اپنے آئینی اور قانونی حق سے پاکستان پیپلز پارٹی کبھی دستبردار نہیں ہوگی، انہوں نے مزید واضح کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کو پی ایم ایل این کے سینٹ الیکشن میں قائد حزب اختلاف سے قانونی اختلافات تھے، میاں خرم رسول نے کہا کہ نااہل اور سلیکٹڈ ٹولہ ملک پر مسلط ہے جن کی نااہلی اور غیر سنجیدگی کے سبب ملک اور عوام مسائل اور چیلنجز سے دوچار ہیں، عوام کے مسائل کے حوالے سے سیلکٹڈ حکمرانوں کی پراسرار خاموشی نے عوام پر انکی حقیقت کو عیاں کر دیا ہے، مہنگائی اور بے روزگاری سے دوچار عوام کو پاکستان پیپلز پارٹی سلیکٹڈ حکمرانوں کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑ سکتی۔

**بقیہ 39**

سرکاری اسکول کا مین گیٹ اچانک گر پڑا جس کے نیچے دب کر 8 سالہ طالب علم معراج منگر یوشدید زخمی ہوگیا بچے کو فوری طور پر سول اسپتال منتقل کرنے کی کوشش کی گئی لیکن معصوم بچہ راستے میں ہی دم توڑ گیا سول اسپتال میں ڈاکٹروں نے بچے کی موت کی تصدیق کی، بچے کی لاش گھر پہنچنے پر گھر میں کہرام مچ گیا، اسکول انتظامیہ کے مطابق بریک کے وقت بچے کھیل رہے تھے کہ اچانک اسکول کا مین گیٹ بچے کے اوپر گر پڑا اور بچہ اس کے نیچے دب کر زخمی ہوگیا جس کے بعد وہ فوت ہوگیا، اہل علاقہ کے مطابق اسکول کی پوری عمارت خستہ ہو چکی ہے لیکن اسکول کی مرمت نہیں کی جا رہی اسکول کی عمارت خستہ حال ہونے کی وجہ سے آج یہ افسوسناک واقعہ رونما ہوا ہے، علاقہ مکینوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اسکول کی عمارت دوبارہ تعمیر کرائی جائے تا کہ آئندہ کوئی ایسا افسوسناک واقعہ رونما نہ ہو۔

**بقیہ 40**

کو کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے ایک انٹرویو میں کیا۔ شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ موجودہ حالات میں سیاست کی صورتحال منی مارشل لاء لگی ہوئی ہے 2018ء کے الیکشن کے بعد بلوچستان میں سیاست ختم ہو کر رہ گئی ہے تاہم اس کے ملکی سطح پر سیاست پر ایک حد تک منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان ڈیموکریٹک پارٹی میں پی ٹی آئی کے سوا دیگر جماعتوں کی شمولیت سے یہ ملکی سطح پر بہت بڑا فورم بن گیا ہے تمام سیاسی جماعتیں ایک پلیٹ فارم متحد ہیں پی ڈی ایم کامیابی سے ہمکنار ہوگی 1970ء کا طرز عمل نہ اپنایا گیا تو پی ڈی ایم کامیاب ہوگی لیکن اس طرز عمل کے انتہائی بھیانک نتائج مرتب ہوں گے، پیپلز پارٹی اپنا ایک سٹینڈ رکھتی ہے پی ڈی ایم میں کوئی اختلاف نہیں ہے سیاسی جماعتوں میں اختلاف رائے ہوتی ہے پیپلز پارٹی کا موقف ہے کہ سسٹم زورآوروں کے ہاتھ میں ہے کہ ان پر کوئی اثر نہیں پڑتا ایک صوبے میں حکومت ہو تو بہتر ہے جبکہ پی ڈی ایم کی دیگر جماعتوں کا خیال ہے کہ زورآور قوتیں پورے ملک کا سامنا نہیں کر سکتیں اس لئے ہم کو جانا چاہیے، پیپلز پارٹی بھی اسی کھائی میں آ کر گرے گی ان کے پاس کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا ایک سوچ تاہم اس کا فائدہ حکومت کو مل رہا ہے سیاست میں ملکی صورتحال پر نظر رکھنی چاہیے اسمبلی میں جانا عوام کیلئے ہونا چاہیے لازمی نہیں کہ ہم کرسی کو انجوائے کیلئے حاصل کرے، میں سوچ سمجھ کر مسلم لیگ (ن) میں شمولیت اختیار کی ہے موجودہ صورتحال سے ملک کو بہت زیادہ نقصان پہنچا ہے اور ملکی بہتری کیلئے ہر ایک کو کردار ادا کرنا چاہیے۔

**بقیہ 41**

گل کے مطابق تھانے پر رپورٹ کی ہے بچوں کے ساتھ پارک آیا اور موٹر سائیکل چوری ہوگئی ایس ایس پی جیکب آباد نوٹس لیں اور موٹر سائیکل برآمد کرا کے چوروں کو گرفتار کیا جائے۔

**بقیہ 42**

زیرنگرانی ایس ایچ او صدر بیرونی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کاوارئی کرتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے 04 اشتہاری مجرمان کو خیبر پختونخواہ سے ٹریس کر کے گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرمان میں رحمان خان، فرمان خان، عرفان خان اور یاسمین بی بی شامل ہیں، اشتہاری مجرم رحمان نے والدین اور بھائی کی ایماء پر چک جلال الدین کے علاقے میں گھریلو تنازعے پر فائرنگ کر کے اپنے سسر عثمان علی کو قتل جبکہ سالے حضرت ولی اور ابراہیم خان کو زخمی کر دیا تھا، ملزمان کے خلاف مقتول کے بھائی مسافر خان کی مدعیت میں نومبر 2019 میں مقدمہ درج کیا گیا تھا، ایس ایچ او نے بتایا کہ اشتہاری مجرمان کو قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد کے پی کے سے راولپنڈی منتقل کیا جائے گا، ایس پی صدر کامران حمید کا کہنا تھا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائیگی، ملزمان جتنے بھی شاطر ہوں قانون کے شکنجے سے نہیں بچ سکتے، سی پی او محمد احسن یونس نے انتہائی مطلوب اشتہاری مجرمان کی گرفتاری پر ایس پی صدر، اے ایس پی صدر، ایس ایچ او اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے۔

**بقیہ 43**

مس کر گئے۔ نامور گالفر شبیر اقبال نے اپنی برتری ثابت کرتے ہوئے 12 انڈر پار 204 اسکور کے ساتھ لیڈنگ بورڈ پر قبضہ جما لیا۔ محمد اشفاق اور تیمور خان مشترکہ طور پر دوسرے پر ہیں، گالفرز خوش ہیں کہ مقابلے دلچسپ ہو رہے ہیں۔

**بقیہ 44**

تحصیل چونیاں کا دورہ کیا اور وہاں پر انہوں نے اراضی ریکارڈ سینٹر میں شہریوں کو دی جانیوالی سہولیات، صفائی ستھرائی، عملے کی حاضری اور کرونا ایس او پیز پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ عوام الناس کے جائز کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور کرونا وائرس کی تیسری لہر کے پیش نظر حکومت کے جاری کردہ ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے۔ علاوہ ازیں انہوں نے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور دستیابی کا جائزہ لینے کیلئے عام مارکیٹ کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے دوکانوں پر ریٹ لسٹوں کی دستیابی، آٹا اور چینی کے سٹاک کو چیک کیا۔ ناجائز منافع خوری پر پانچ دوکانداروں کو 3 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا۔

**بقیہ 45**

سردار بابر خان موسیٰ خیل نے موسیٰ خیل ہاؤس پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے منشور پر عمل پیرا ہو کر ملک میں استحکام و ترقیاتی منصوبوں کے جال بچھائے جا رہے ہیں مگر ہمیشہ اپوزیشن نے ترقیاتی کاموں میں حکومت کی راہ میں مشکلات حائل رکھیں جن کی وجہ سے حکومت پر بے جا تنقید اور ہر کام میں مداخلت کر کے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں سب سے بڑی روکاوٹ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ حکومتوں نے وطن عزیز کو خساروں، قرضوں اور معاشی بدحالی کے سوا کچھ نہیں دیا کہ ہر بچہ بچہ قرض میں جکڑا ہے جس کی وجہ سے مہنگائی میں اضافہ سے ہر پاکستانی پریشان ہے مگر وزیراعظم پاکستان عمران خان کا سارا فوکس مہنگائی پر ہے اس سے پہلے عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کے بعد انشاء اللہ اب مہنگائی کی صورتحال پر بہت درجہ قابو پا لیا ہے اور مزید بھی اس میں مثبت نتائج بہت جلد اور بروقت سامنے آنا شروع ہو جائیں گے انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم بھی جس بیساکھی کے ساتھ آئی اسی میں دراڑیں پڑنے کی وجہ سے آپس میں ہی نالاں نظر آتے ہیں اور ان کی شکست نے ان کو یہ باور کروا دیا کہ وزیراعظم پاکستان عمران خان کو کرپٹ ثابت کرنے کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔

**بقیہ 46**

گا۔ اس کا افتتاح ٹی وی سے نشر ہونے والے ترک ڈرامہ ارطغرل میں غازی عبد الرحمٰن کا کردار ادا کرنے والے جلال آل کریں گے۔ کراچی میں اس پروجیکٹ کے تجرباتی طور پر ڈیڑھ سال سے دی مارٹ ایکسپریس کے نام سے سے زائد کریانہ اسٹورز کامیابی سے کام کر رہے تھے۔

**بقیہ 47**

پہننا مقدس قانونی پیشے کی توہین ہے۔ خط میں کہا گیا کہ اسلام آباد بار کونسل آئینی اور اسلام آباد کے وکلاء کی ریگولیٹری باڈی ہے، وکالت کی ڈگری لینے والا بھی انٹری ٹیسٹ اور ٹریننگ کے بغیر وکلاء یونیفارم نہیں پہن سکتا۔ خط میں کہا گیا کہ بارکونسلز کے رجسٹرڈ وکلاء کے علاوہ کسی شخص کو وکلاء یونیفارم پہننے کی اجازت نہیں، کوئی شخص کسی جگہ وکلاء یونیفارم میں پایا گیا تو اسکے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی، چیف کمشنر جلد از جلد اس حوالے سے سرکلر جاری کریں

**بقیہ 48**

خصوصی انٹرویو میں کیا انہوں نے کہا کہ بی این پی کی تاریخ قربانیوں سے خالی نہیں قائدین اور کارکنان نے سیاسی جدوجہد کے اس کٹھن سفر میں بے شمار قربانیاں دی ہیں جو رائیگاں نہیں جائیں گی انہوں ایک سوال کے جواب میں کہا کہ نومنتخب سینیٹر قاسم رونجھو اور بی این پی کے دیگر نومنتخب سینیٹرز ایوان بالا میں بلوچستان کے عوام کی موثر نمائندگی اور ترجمانی کریں گے انہوں نے کہا کہ موجودہ سلیکٹڈ حکمرانوں کی چھٹی اور گھر جانے کے دن قریب ہیں جنہوں نے عوام بالخصوص بلوچستان کے عوام کو مہنگائی بیروزگاری اور بھوک وافلاس کے سوا کچھ نہیں دیا اور اس وقت بلوچستان کے عوام شدید مایوسیوں اور محرومیوں کا شکار ہیں۔

روزنامہ امروز کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز اتوار 28 مارچ 2021ء

# امریکی صدر نے غیر ملکی فوجیوں کے انخلاء کے متعلق مبہم بیان دیا، طالبان

معاہدے کی خلاف ورزی کی ذمہ داری امریکا پر ہوگی، جس سے امریکہ کے عالمی تاثر کو نقصان بھی پہنچے گا، معاہدے کی خلاف ورزی کی صورت میں مجاہدین اپنے مذہب اور وطن کے دفاع پر مجبور ہوں گے، طالبان

دوحہ معاہدہ 20 سالہ جنگ کے خاتمے کے لیے مختصر ترین راستہ ہے، چاہتے ہیں امریکا بھی دوحہ معاہدے پر مضبوطی سے کاربند رہے، امریکا جنگ چاہنے والے حلقوں کے اکسانے کی وجہ سے تاریخی موقع ضائع نہ کرے

کابل (این این آئی) افغان طالبان نے امریکی فوج کے افغانستان سے انخلاء کے متعلق امریکی صدر کے بیان پر ردعمل میں کہا ہے کہ ... میڈیا رپورٹس کے مطابق ... دوحہ معاہدہ 20 سالہ جنگ کے خاتمے کے لیے مختصر ترین راستہ ہے ... امریکا جنگ چاہنے والے حلقوں کے اکسانے کی وجہ سے ... معاہدے کی خلاف ورزی کی ذمہ داری امریکا پر ہوگی ...

بقیہ 3 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## افغانستان سے فوجی انخلاء کے بعد طالبان قبضہ کرسکتے ہیں، امریکی خفیہ ایجنسی

کابل (این این آئی) امریکی خفیہ اداروں نے بائیڈن انتظامیہ کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغانستان سے امریکی فوجی دستوں کی واپسی کی صورت میں ... طالبان پورے ملک پر ... قبضہ کر سکتے ہیں ...

بقیہ 1 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

# حوثی ملیشیا کے حملے اشتعال انگیزی اور بحران کو طول دینے کی کوشش ہے، امریکا

حوثی حملے یمن میں قیام امن کی کوششوں کو خطرے میں ڈالنے اور انہیں نقصان پہنچانے کا باعث بن رہے ہیں

حالیہ حوثی حملہ عالمی توانائی کی فراہمی اور شہریوں کی سلامتی کو نشانہ بنانے کی دانستہ کوشش ہے، ترجمان امریکی وزارت خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے سعودی عرب کی سرزمین پر یمن کی ایرانی حمایت یافتہ حوثی ملیشیا کے ڈرون طیاروں ... کے حملوں کی شدید مذمت کی ہے ... امن کی کوششوں کو خطرے میں ڈالنے ... نقصان پہنچانے کا باعث بن رہے ہیں ... خبر رساں ادارے کے مطابق وزارت خارجہ ...

بقیہ 4 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

لیبکابی جی ایم آئی کے اجلاس سے علی نواز شاہوانی، میت خان ناصر اور سید آغا خطاب کر رہے ہیں

# جرمنی آنے والی تمام فلائٹس کے مسافروں کا کورونا ٹیسٹ لازمی قرار

جرمنی نے تمام مسافروں کے لیے بلا تخصیص کورونا ٹیسٹ لازمی قرار دے دیا، عمل درآمد آج سے ہوگا

تاہم اب ہر شخص جو بذریعہ ہوائی جہاز جرمنی پہنچے گا اسے کورونا ٹیسٹ کی منفی رپورٹ پیش کرنا ہوگی

برلن (این این آئی) جرمن حکومت نے جرمنی آنے والی تمام پروازوں کے مسافروں کے لیے کورونا ٹیسٹ لازمی قرار دے دیا ... ہر شخص جو بذریعہ ہوائی جہاز جرمنی پہنچے گا ... کورونا ٹیسٹ کی منفی رپورٹ ...

بقیہ 2 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

# امریکہ کی سوئز کینال میں پھنسے جہاز کو نکالنے کی پیشکش

بحری جہاز کو نکالنے کیلئے امریکہ صورتحال کا جائزہ لے رہا ہے، نہر سوئز میں پھنسے بحری جہاز کو نکالنے کیلئے امریکہ کے پاس آلات اور صلاحیت موجود ہے، امریکی صدر جو بائیڈن

بحیرہ احمر کو بحیرہ روم سے ملانے والی نہر سویز میں دنیا کا سب سے بڑا تجارتی جہاز ایور گرین پھنس جانے کے باعث سمندر میں ٹریفک جام ہوکر رہ گیا ہے جس کے سبب سمندر میں کنٹینروں اور کشتیوں کی لمبی قطار لگ گئی ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے سوئز کینال میں پھنسے بحری جہاز کو نکالنے کے لئے مدد کی پیش کش کر دی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی صدر جو بائیڈن کا کہنا تھا کہ نہر سوئز میں پھنسے بحری جہاز کو نکالنے کیلئے امریکہ کے پاس آلات اور صلاحیت موجود ہے۔ جو بائیڈن کا کہنا تھا کہ بحری جہاز کو نکالنے کیلئے امریکہ صورتحال کا جائزہ لے رہا ہے۔ خیال رہے کہ دیوہیکل کارگو کنٹینر کے سمندر میں پھنس جانے کے سبب دنیا کے سب سے بڑے بحری تجارتی راستے میں ٹریفک جام کی سیٹلائٹ تصویریں سامنے آئی تھیں۔ بحیرہ احمر کو بحیرہ روم سے ملانے والی نہر سویز میں دنیا کا سب سے بڑا تجارتی جہاز ایور گرین پھنس جانے کے باعث سمندر میں ٹریفک جام ہوکر رہ گیا ہے۔ جس کے سبب سمندر میں کنٹینروں اور کشتیوں کی لمبی قطار لگ گئی ہے۔ چند روز قبل ایور گرین نامی جہاز مصر کی سویز نہر سے گزرتے ہوئے توازن برقرار نہ رکھ سکا اور نہر میں ہی پھنس گیا۔ نہر سویز 193 کلومیٹر طویل اور 205 میٹر چوڑی ہے جبکہ اس میں پھنسنے والا جہاز

بقیہ 5 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

ال بلوچستان کوئٹہ ٹو پشین سائیکل ریس کا افتتاح صوبائی وزیر نور محمد دمڑ کر رہے ہیں

## مصر میں دو مسافر ٹرینیں آپس میں ٹکرا گئیں 32 افراد ہلاک، 100 زخمی

قاہرہ (این این آئی) مصر کے دارالحکومت قاہرہ میں مسافر ٹرینیں خوفناک حادثے کا شکار ہوگئیں۔ مسافروں نے ایک ٹرین کو ایمرجنسی بریک لگا کر روکا تھا لیکن اسی دوران پیچھے سے آئی ریل گاڑی کھڑی ٹرین سے ٹکرا گئی۔ میڈیا رپورٹس کے

بقیہ 12 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## موزمبیق میں داعش کے حملے کے بعد سڑکوں پر لاشوں کا ڈھیر

غیر ملکی بھی تین روز سے محصور، محصور افراد کو ہیلی کاپٹرز کے ذریعے نکالنے کی کوششیں کی جارہی ہیں

ماپوتو (این این آئی) افریقی ملک موزمبیق میں عالمی شدت پسند تنظیم داعش اور سکیورٹی فورسز کے درمیان تین روز سے مقابلہ جاری ہے اور ہلاک افراد کی لاشیں سڑکوں اور گلیوں میں بے یار و مددگار پڑی ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق داعش نے تین روز قبل موزمبیق کے شمالی علاقے پالما میں ایل این جی کی سائٹ کے قریب حملہ کیا، شدت پسند تنظیم کے حملے

بقیہ 13 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

# ڈھاکہ میں مودی کے دورے کیخلاف احتجاج پولیس فائرنگ سے چار افراد ہلاک

مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے ربڑ کی گولیاں برسائیں، 33 افراد کو کشیدگی پھیلانے پر گرفتار کرلیا

ہم نے ربر کی گولیاں اور آنسو گیس کا استعمال مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے کیا، پولیس

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش کے شہر چٹاگونگ میں بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کے دورے کے خلاف احتجاج کرنے والے مظاہرین پر پولیس کی فائرنگ کے نتیجے میں چار افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق پولیس عہدیدار رفیق الاسلام نے بتایا کہ ہمیں مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے آنسو گیس اور ربر کی گولیاں فائر کرنا پڑیں کیونکہ وہ پولیس اسٹیشن میں داخل ہوگئے تھے اور بڑے پیمانے پر توڑ پھوڑ کی۔ واضح رہے کہ نریندر مودی، بنگلہ دیش کی آزادی کے 50 سالہ جشن کے موقع پر دو روزہ دورے پر دارالحکومت

بقیہ 6 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

چمن، تحصیلدار عبدالرزاق میانی نائب رسالدار محمد حنیف لیویز فورس کے کارروائی میں برآمد کردہ 80 کلو منشیات اور گاڑی کے حوالے سے بات چیت کررہے ہیں

## پابندیوں کے باوجود 23 ہزار فلسطینیوں کی مسجد اقصی میں نماز جمعہ

پرانے بیت المقدس اور مسجد اقصی کے اطراف میں دسیوں پولیس اہلکار اور فوجی تعینات کیے گئے تھے، رپورٹ

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسرائیلی فوج اور پولیس کی طرف سے کڑی پابندیوں کے باوجود 23 ہزار فلسطینیوں نے مسجد اقصی میں نماز جمعہ ادا کی۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق بیت المقدس بالخصوص پرانے بیت المقدس میں فلسطینی نمازیوں کی نقل و حرکت پر کڑی پابندیاں عاید کیں۔ بیت المقدس میں مسجد اقصی میں نماز جمعہ کے لیے

بقیہ 14 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## بنگلہ دیش، مودی کے دورے کے خلاف ہزاروں افراد سڑکوں پر نکل آئے

سرینگر (این این آئی) بنگلہ دیش کے دارالحکومت ڈھاکہ، چٹاگانگ اور دیگر شہروں میں ہزاروں لوگوں نے بھارت کے فاشسٹ وزیر اعظم نریندر مودی کے ملک کے دورے کے خلاف مظاہرے کیے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق نریندر مودی

بقیہ 16 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، امریکی صدر جو بائیڈن کے قریبی ساتھی اور ڈیموکریٹ پارٹی کے مرکزی رہنما پاکستانی شاد طاہر جاوید لاہور پریس کلب کے پروگرام میٹ دی پریس میں میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

## اقوام متحدہ کی کورونا ویکسین کی منصفانہ تقسیم کی حمایت

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے 193 رکن ممالک میں سے اکثریت نے کورونا ویکسین تک مساوی رسائی کی حمایت کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اقوام متحدہ کے ایک بیان میں کہا گیا کہ صرف تیرہ ممالک نے اس سیاسی

بقیہ 7 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## فیس بک نے وینزویلا کے صدر کا پیج منجمد کردیا

نکولس مدورو کا پیج کووڈ 19 سے متعلق گمراہ کن اطلاعات شیئر کرنے پر منجمد کیا، ترجمان فیس بک

نیویارک (این این آئی) فیس بک نے وینزویلا کے صدر نکولس مدورو کا فیس بک پیج منجمد کردیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق فیس بک نے وینزویلا کے صدر نکولس مدورو کا فیس بک پیج کووڈ 19 سے متعلق گمراہ کن اطلاعات شیئر کرنے پر منجمد کیا جس کی تصدیق فیس بک کے ترجمان کی جانب سے بھی کی گئی ہے۔ فیس بک کے ترجمان کا کہنا تھا کہ صدر

بقیہ 9 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## نہتے فلسطینی مظاہرین پر قابض اسرائیلی فوج کا طاقت کا وحشیانہ استعمال

مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے ان پر آنسو گیس کی شیلنگ کی اور دھاتی گولیوں سے حملہ کیا، ایک فلسطینی زخمی

نابلس (این این آئی) قابض اسرائیلی فوج نے فلسطین کے مقبوضہ مغربی کنارے میں جمعہ کے روز یہودی آباد کاری اور فوج کی ریاستی دہشت گردی کے خلاف نکالی گئی ایک پرامن ریلی پر طاقت کا وحشیانہ استعمال کیا جس کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عینی شاہدین نے بتایا کہ جمعہ کے روز نماز جمعہ کے بعد مشرقی نابلس

بقیہ 15 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## جموں وکشمیر نیشنل فرنٹ کا جلیل اندرابی شہید کو خراج عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) جموں وکشمیر نیشنل فرنٹ نے معروف کشمیری وکیل اور انسانی حقوق کے کارکن ایڈووکیٹ جلیل اندرابی شہید کو انکے 25 ویں یوم شہادت پر شاندار خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق جلیل اندرابی کو بھارتی فوج

بقیہ 17 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## میانمار میں آمریت کے خلاف مظاہرین پر فورسز کی فائرنگ، 16 افراد ہلاک

دارالحکومت نیپاکاد میں آرمڈ فورسز ڈے کی تقریب، جنرل من آنگ کا بغیر کوئی ٹائم فریم دیے انتخابات کا وعدہ

ینگون (این این آئی) میانمار میں فوج نے آمریت کے خلاف جاری مظاہروں کے شرکا پر فائرنگ کے 16 افراد کو ہلاک کردیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یکم فروری کو فوجی بغاوت کے خلاف مظاہرین ینگون، منڈالے اور دیگر قصبوں کی سڑکوں پر نکل آئے۔ میانمار کے جرنیلوں کی جانب سے مسلح افواج کا دن منایا اور

بقیہ 20 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## البرغوثی کے جنازے میں عوام کی شرکت مزاحمت پر اعتماد کا اظہار ہے، حماس

مقبوضہ غزہ (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت حماس نے اپنے دو رہنماؤں کی وفات پر ان کے جنازوں میں عوام کی بڑی تعداد میں شرکت کو عوامی ریفرنڈم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عمر البرغوثی کے جنازے میں عوام کے جم غفیر کی شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ فلسطینی قوم مزاحمت کے پروگرام اور حماس کے ایجنڈے سے پوری طرح متفق

بقیہ 8 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## کارگو فلائٹ میں فنی خرابی، ایک گھنٹے تک لندن پر نچلی پرواز

کارگو فلائٹ میں پیدا ہونے والی ٹیکنیکل خرابی کے بارے میں معلومات سامنے نہیں آسکیں، ذرائع

لندن (این این آئی) لندن سے اٹلانٹا کیلئے روانہ ہونے والی کارگو فلائٹ کو اڑتے ہی ٹیکنیکل خرابی کی وجہ سے جہاز کو ایک گھنٹے تک لندن کے اوپر نچلی پرواز میں چکر کاٹنا پڑے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایوی ایشن ذرائع نے بتایا کہ برطانیہ کی کارگو لاجک ایئر کی پرواز پی 35130 نے اپنے ہیڈکوارٹر لندن کے ہیتھرو ایئرپورٹ سے مقامی وقت کے

بقیہ 10 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## بنگلہ دیش کی آزادی کے لیے جیل گیا تھا، بھارتی وزیراعظم کا دعویٰ

بنگلہ دیش کی آزادی کی جنگ کے وقت عمر بیس بائیس سال تھی، مودی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے دعوی کیا ہے کہ بنگلہ دیش کی آزادی کی جدوجہد میں شامل ہونے کی وجہ سے انہیں بھی گرفتار کیا گیا تھا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وزیراعظم مودی نے یہ بات بنگلہ دیش کی آزادی کی پچاسویں سالگرہ کے موقع پر ڈھاکا میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب میں کہی۔ وزیراعظم مودی کے

بقیہ 18 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## مقبوضہ جموں وکشمیر، تحریک وحدت اسلامی نے عوامی رابطہ مہم کا آغاز کردیا

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں تحریک وحدت اسلامی نے

بقیہ 19 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## سعودی عرب اور یونان کی مشترکہ فضائی مشقیں فالکن آئی 1 اختتام پذیر

مشقوں میں یونان کے ایف 16 میراج 2000 اور فینٹم پی 4 فورس طیارے اپنے کرتب دکھائے

ریاض (این این آئی) سعودی عرب اور جمہوریہ یونان کی مسلح افواج کی دو ہفتے پر محیط فوجی مشقیں فالکن آئی ون اختتام پذیر ہوگئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ مشقیں دو ہفتے قبل شروع ہوئی تھیں۔ سعودی عرب اور یونان کی مسلح افواج کی مشترکہ مشقوں کیلیے دونوں ممالک کی فضائیہ نے شمالی سیکٹر کے شاہ فیصل ایئر بیس پر

بقیہ 11 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین، انڈر 19 سٹی سینٹر ٹیم ٹرائلز کے موقع پر بورڈ ممبر منور کان ترین، ہیڈ کوچ فیصل اقبال، راج ہنس کھلاڑیوں خطاب کر رہے ہیں

## سعودی حکام کی گھریلو ملازمین کو بھرتی کرنیوالی ایجنسیوں پر بڑی پابندی عائد

وزارت افرادی قوت کی جانب سے یہ پابندی کرونا وائرس کی تیسری لہر کے پیش نظر عائد کی گئی ہے

ریاض (این این آئی) سعودی حکام نے جز وقتی گھریلو ملازم فراہم کرنے والی کمپنیوں و ایجنسیوں پر ڈیکسینیشن لازمی قرار دے دی۔ غیر ملکی خبر رساں

بقیہ 30 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

# شہید فلسطینی شہری کا جسد خاکی کئی ماہ بعد لواحقین کے سپرد

خالد نوفل کو اسرائیلی فوج نے کئی ماہ قبل رام اللہ کے قریب نعلین چوکی کے پاس گولیاں مار کر شہید کر دیا تھا، فلسطینی میڈیا

افرائم ' کالونی کے قریب فلسطینی شہری خالد نوفل نے ایک یہودی آباد کار کے گھر میں گھس کر فائرنگ کرنے کی کوشش کی تھی

غرب اردن (این این آئی) قابض اسرائیلی فوج نے شہید فلسطینی شہری کا جسد خاکی کئی ماہ کے بعد اس کے لواحقین کے حوالے کر دیا۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق راس کرکر سے تعلق رکھنے والے خالد نوفل کو اسرائیلی فوج نے کئی ماہ قبل رام اللہ کے قریب نعلین چوکی کے پاس گولیاں مار کر شہید کر دیا تھا۔ خالد نوفل کو شہید کرنے کے بعد ان کا جسد خاکی قبضے میں لے لیا تھا۔ شہید کے اہل خانہ کو بتایا گیا کہ شہید کا جسد خاکی جمعہ کے روز لواحقین کے حوالے کیا جائے گا۔ خیال رہے کہ نوفل کو 5 فروری 2021 کو جبل الریسان میں گولیاں مار کر شہید کر دیا تھا۔

بقیہ 26 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## ریاست جارجیا میں انتخابی قانون سازی پر تنازع، صدر بائیڈن کی سخت مخالفت

شہریوں کو ووٹنگ سے روکنا قبول نہیں، ایسے ریاستی قانون کا خاتمہ چاہتے ہیں، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) جارجیا میں انتخابی قانون سازی پر تنازع کھڑا ہوگیا، صدر بائیڈن نے جارجیا میں الیکشن کیلیے نئی قانون سازی کو غیر امریکی قرار دے دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق امریکی ریاست جارجیا میں انتخابی قانون سازی کے معاملے پر ریاستی حکام اور صدر بائیڈن میں اختلاف پیدا ہوگیا، صدر بائیڈن نے کہا کہ

بقیہ 21 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

# حوثیوں کے فیصلوں پر ایران غالب ہے سعودی وزارت دفاع

حوثی ملیشیا ایران کی ہدایات کی بنیاد پر سیاسی اور عسکری فیصلے کرتی ہے، بیان

سعودی رائل ایئر فورس اور رائل ایئر ڈیفنس سسٹم نے حوثی ملیشیا کی جانب سے بھیجے گئے 8 دھماکا خیز ڈرون طیارے فضا میں تباہ کر دیے

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ جازان میں پٹرولیم مصنوعات کے ڈسٹری بیوشن ٹرمینل پر حملہ یہ باور کراتا ہے کہ حوثیوں نے مملکت کی جانب سے پیش کردہ امن منصوبے کو مسترد کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جاری بیان میں وزارت دفاع نے مزید کہا کہ حالیہ حملہ اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ حوثیوں کے سیاسی اور عسکری فیصلوں پر ایران کی ہدایات غالب ہیں۔ بیان کے مطابق حوثیوں کا یہ حملہ عالمی معیشت، بحری جہاز رانی، عالمی تجارت اور پٹرولیم برآمدات کی سیکورٹی کو نشانہ بنانے کی کوشش

بقیہ 29 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

جھل مگسی، بی آر ایس پی کی جانب سے یو این او چھا اور پی ڈی ایم اے کے تعاون سے سیلاب متاثرین میں لائیو اسٹاک اور زرعی کھاد تقسیم کی جارہی ہیں

## کینیا، فوجیوں کی غفلت سے جنگل میں خوفناک آتشزدگی، جانور جھلس گئے

اہلکاروں نے کھانے پکانے کے لیے سوکھی گھانس کی مدد سے چولہا جلانے کی کوشش کی تو آگ بھڑک اٹھی

نیروبی (این این آئی) کینیا کے جنگلات میں فوجی تربیت کے دوران اہلکاروں کی غفلت سے جنگل میں لگنے والی آگ نے خوفناک صورت اختیار کرلی جس کی وجہ سے چھ جانور جھلس گئے جبکہ ہزاروں ایکڑ کا رقبہ خاکستر ہوگیا۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹ کے مطابق برطانوی فوج نے مشترکہ مشقوں کے لیے کینیا کے جنگلات میں کیمپ لگایا اور وہیں پر اپنی

بقیہ 22 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## کرونا سے جاں بحق حماس رہنماؤں کی تدفین، جنازوں میں ہزاروں افراد شریک

تدفین کے موقع پر ہر آنکھ اشک بار تھی اور پورا علاقہ صدمے اور سوگ کی کیفیت میں تھا، فلسطینی میڈیا

رام اللہ (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت حماس کے دو سینئر رہنماؤں عمر البرغوثی اور ڈاکٹر عدنان حتانہ کی کرونا سے وفات کے بعد دونوں رہنماؤں کو سپرد خاک کر دیا گیا۔ دونوں کے جنازوں میں ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ اس موقعے پر ہر آنکھ اشک بار تھی اور پورا علاقہ صدمے اور سوگ کی کیفیت میں تھا۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق حماس رہنما 68 سالہ عمر البرغوثی کو رام اللہ کے نواحی علاقے کوبر میں ان کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا جب کہ ڈاکٹر خالد ابو حتانہ کو الخلیل میں ان کے آبائی قبرستان میں دفن کیا

بقیہ 25 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## جو بائیڈن کی چالیس عالمی رہنماؤں کو کلائمٹ سمٹ میں شرکت کی دعوت

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر جو بائیڈن نے روسی صدر ولادیمیر پوٹن اور چینی صدر شی جن پنگ سمیت دنیا کے تقریباً چالیس رہنماؤں کو اپریل میں مجوزہ ماحولیاتی تبدیلی کے حوالے سے سربراہی اجلاس میں شرکت کی دعوت دی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وائٹ ہاؤس نے

بقیہ 24 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## یوٹیوب نے جنسی حملوں کے الزامات کے بعد ڈیوڈ ڈوبرک کے چینلز کو ڈی مونیٹائز کردیا

ڈیوڈ ڈوبرک کے 3 چینلز، ڈیوڈ ڈوبرک، ڈیوڈ ڈوبرک ٹو اور ان کے پوڈ کے چینل ویوز کو ڈی مونیٹائز کیا گیا

واشنگٹن (این این آئی) یوٹیوب نے کامیڈین، اداکار اور یوٹیوبر ڈیوڈ ڈوبرک کے ولاگ اسکواڈ کے سابق رکن کے خلاف جنسی حملے کے الزامات کے بعد ان کے متعدد چینلز کو عارضی طور پر ڈی مونیٹائز کردیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ڈیوڈ ڈوبرک کے 3 چینلز، ڈیوڈ ڈوبرک، ڈیوڈ ڈوبرک ٹو اور ان کے پوڈ کے چینل ویوز کو ڈی مونیٹائز کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی یوٹیوب نے ڈرٹے ڈوم کو بھی ڈی مونیٹائز کردیا ہے جو الزامات کا سامنے کرنے والے شخص کا ذاتی چینل ہے۔ یوٹیوب کے ترجمان نے ایک بیان میں 'ہماری سخت پالیسیاں ہیں جو یوٹیوب پر جنسی ہراسانی کو روکتی ہیں اور جنسی حملے کے الزامات کو سنجیدہ لیتی ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ ہم نے ہماری

بقیہ 23 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## بھارت میں کسانوں کا احتجاج، متعدد ٹرینیں منسوخ

نئی دہلی (این این آئی) متنازع زرعی قوانین کے خلاف بھارت میں جاری کسانوں کے احتجاج کے باعث ٹرین سروس بھی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق بھارتی کسانوں کی جانب سے ہریانا اور پنجاب میں متعدد مقامات پر دھرنے دیے جارہے ہیں جس کے باعث مختلف شاہراہیں بلاک ہیں۔ متنازع زرعی قوانین کے خلاف کسانوں کی جانب سے بھارتی دارالحکومت

بقیہ 27 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

## اسرائیل میں کرونا سے مزید 26 اموات، 470 نئے کیسز کی تصدیق

صیہونی ریاست میں کرونا کے نئے آنے والے کیسز میں کمی، اموات میں اضافہ ہوا ہے، وزارت صحت

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) قابض اسرائیلی وزارت صحت نے کہا ہے کہ گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران صیہونی ریاست میں کرونا کے 26 مریض ہلاک ہوگئے جب کہ 470 نئے کیسز کی تصدیق کی گئی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی وزارت صحت نے بتایا کہ گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران صیہونی ریاست میں کرونا کے نئے آنے والے کیسز میں کمی دیکھی گئی ہے جب کہ اموات میں اضافہ ہوا ہے۔ اسرائیل میں کرونا وبا پھیلنے کے بعد اب تک 6 ہزار 157 افراد ہلاک ہوچکے ہیں جب کہ متاثرین کی تعداد 8 لاکھ 30 ہزار 515 ہے۔ وزارت صحت کے مطابق گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ہونے والے ٹیسٹوں میں 1 اعشاریہ 1 فی صد مثبت کیس سامنے

بقیہ 28 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

گنداواہ، ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر جھل مگسی ممتاز علی مگسی میر یوسف عیز مگسی پریس کلب میں صحافیوں کو بریفنگ دے رہے ہیں

روزنامہ
امروز
کوئٹہ

ایڈیٹر و پبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس پٹیل روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل اینگل پلازہ، اینگل روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا
فون:2835212 فیکس:2835212
ای میل imroz.ad@gmail.com

# سالانہ ترقیاتی پروگرام میں اجتماعی نوعیت کے منصوبے

وزیراعلیٰ جام کمال خان کی زیر صدارت بجٹ 2021-22 اور نئے سالانہ ترقیاتی پروگرام سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات محترمہ بشریٰ رند، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات سمیت اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ نئے ترقیاتی پروگرام میں گرم علاقوں کے ہائی سکولز اور بنیادی مراکز صحت کو سولرائز کرنے کے منصوبے شامل کیئے جارہے ہیں۔ بائیو گیس پلانٹ کی تنصیب کا پائلٹ پروجیکٹ بھی مرتب کیا جارہا ہے۔ وفاقی کے تعاون سے زرعی ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ مائننگ ایریاز میں سڑکوں کی تعمیر، ریسکیو اینڈ سیفٹی سینٹر، کے منصوبے تجویز کیئے جارہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ آئندہ سالانہ ترقیاتی پروگرام میں اجتماعی نوعیت کے منصوبے شامل کیئے جائیں۔ ضلعی سطح پر ایل پی جی آف گرڈ گیس سولوشن پائلٹ پروجیکٹ کے لئے تیار کیا جائے۔ ہم یہ کہنا ضروری سمجھتے ہیں کہ موجودہ حکومت نے صوبے میں طرز حکمرانی کو تبدیل کرنے کے لئے نمایاں کام کیا ہے۔ ماضی کی طرح صرف کاغذات پر منصوبے بنانے اور ناقص پلاننگ و بے قاعدگیوں کے ساتھ منصوبوں پر رقوم کے ضیاع کی پالیسی ترک کردی گئی ہے۔ انفرادی فائدہ کی بجائے اجتماعی مفادات کی اسکیمات لانے پر بھرپور توجہ دی جارہی ہے۔ ترقیاتی کام اب زمین پر ہوتا نظر آرہا ہے۔ آئندہ مالی سال کے بجٹ کے لئے کئی ماہ قبل ہی اعلیٰ سطحی اجلاسوں کا سلسلہ شروع کردیا گیا ہے، تاکہ ہر شعبہ بارے باریک بینی سے امور کا جائزہ لے کر، جامع منصوبہ بندی کے ساتھ ایسے پروجیکٹس بنائے جائیں۔ جن سے عوام کو سہولیات زندگی کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ صوبے کے پاس وسائل محدود ہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ کوئی بھی منصوبہ بنانے سے قبل تمام پہلوؤں پر غور کیا جائے۔ ترقیاتی فنڈز کے ضیاع کی متحمل نہیں ہوسکتی۔ شفافیت کے ساتھ منصوبوں کے آغاز سے لے کر تکمیل تک تمام مراحل کو خوش اسلوبی سے طے کرنے کیلئے حکمت عملی ترتیب دی گئی ہے۔ ہم یہ بتانا ضروری سمجھتے ہیں کہ گزشتہ سال کورونا کے منفی اثرات سے جہاں ملک کے دیگر حصوں میں ترقیاتی عمل متاثر ہوا، وہاں بلوچستان بھی محفوظ نہیں رہا۔ کئی ماہ تک تعمیراتی سرگرمیاں بند رہین۔ حکومت نے بھی زیادہ توجہ وائرس سے متاثرین کی امداد پر مرکوز رکھی تاکہ بے روزگاری کے مارے لوگوں کو خوراک سمیت دیگر لوازمات فراہم کیئے جاسکیں۔ اگر حکومت بروقت اقدامات نہ اٹھاتی تو کورونا کی وبا سے متاثرہ لوگوں کے لئے سانس اور جسم کا رشتہ برقرار رکھنا بھی دشوار ہوجاتا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے۔ کہ کورونا کی کی تیسری لہر سے صوبہ زیادہ متاثر نہیں ہوا، اس میں حکومتی اقدامات کا بھی عمل دخل ہے۔ جس نے بروقت فیصلے کرکے کورونا کے پھیلاؤ کو روکنے کی کوشش کی۔

اجتماعی نوعیت کے منصوبوں بارے ہم یہ ضرور کہنا چاہیں گے کہ حکومتی ترجیحات میں پانی کے مسئلہ کو سرفہرست رکھنا ہوگا، کیونکہ حکومت کی کارکردگی بارے اپوزیشن جماعتیں جو منفی پروپیگنڈہ کررہی ہیں۔ اس میں شہریوں کو صاف پانی کی عدم فراہمی پر تنقید نمایاں ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ سابق حکومتوں کی کوتاہیوں کا خمیازہ عوام بھگت رہے ہیں۔ لوگوں کی مشکلات میں اضافہ ہوا ہے۔ ماضی میں جو غلط فیصلے اور پالیسیان ترتیب دی گئیں۔ اب انہیں محض دہرانا وقت کے ضیاع کے علاوہ کچھ نہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ مستقبل کے لئے سوچا جائے اور صحیح فیصلے و پلاننگ کرکے اس صورتحال کے دوبارہ نہ آنے کیلئے پیش بندی کی جائے۔ جس سے کثیر رقوم بھی ضائع ہوئیں۔ اور عوام بھی ترقی کے ثمرات سے محروم رہے۔ صوبے کے وسائل کو بروئے کار لانے میں کوئی پیشرفت نہ کرنے کے اثرات اب ظہار ہورہے ہیں۔ سابق حکومتوں نے وسائل کی لوٹ مار بھی کی۔ جس کی وجہ سے عوام مسائل میں کمی آنے کی بجائے اضافہ ہوتا چلا گیا۔ مخلوط صوبائی حکومت وزیراعلیٰ جام کمال خان کی قیادت میں صوبے کی ترقی کے لئے بھرپور اقدامات کررہی ہے۔ آئندہ سال کے بجٹ کی تیاری کے حوالے سے ہم حکومت کو یہ تجویز پیش کرنا چاہیں گے کہ بجٹ میں اسامیوں کی تعداد کو دوگنا کردیا جائے۔ تاکہ نوجوانوں کو ملازمتیں دیکر ان میں پائی جانے والی مایوسی و بے چینی ختم کی جاسکے۔ اسی طرح پرائیویٹ سیکٹر کے ان شعبوں کو مستحکم کیا جائے، جو لوگوں کو روزگار مہیا کرتے ہیں۔ ایسا نظام بھی وضع کرنا ہوگا۔ جس میں مانیٹرنگ کو بنیادی اہمیت حاصل ہو، تاکہ ترقیاتی کاموں کی مناسب نگرانی کی جاسکے۔

# سیاست کی بدلتی کروٹ، کون کس حد تک جانے کو تیار ہے؟

## محمود جان بابر

بہت کوشش کی کہ اس واقعے کا حوالہ دیے بغیر ہی اپنی بات مکمل کرلوں لیکن کامیاب نہ ہوپایا۔

ایک تھے بادشاہ وقت، ان کو بڑا شوق تھا انوکھے قسم کے کپڑے پہنے جائیں اور جو بھی انہیں یہ کپڑے بنا کردے گا وہ اسے بہت بڑا انعام دیں گے، بہت سے لوگ اپنے اپنے بنائے ہوئے کپڑے لے کر آئے لیکن بادشاہ کو پسند نہیں آئے آخرکار محل میں دو ایسے پارچہ باف (کپڑا ساز) آگئے جنہوں نے دعوی کیا کہ وہ ایک ایسا کپڑا تیار کرسکتے ہیں جسے آج تک کسی نے نہیں پہنا اور وہ یہ کپڑا ایک مہینے میں تیار کرکے دے سکتے ہیں ہاں البتہ یہ کپڑا صرف عقل مندوں کو ہی نظر آئے گا۔

اب بادشاہ کو بھی بڑا تجسس ہوا کہ جلدی یہ کپڑا بنا جائے۔ اگلے دن دونوں پارچہ باف اس کپڑے کے بننے کے لئے ایک مشین اٹھائے محل میں آئے اور اسے ایک کونے میں لگادیا، کپڑے کے ساتھ ساتھ یہ مشین بھی نظر آنے والی نہیں تھی لیکن محل کے کسی وزیر، مشیر یا کارندے نے کچھ نہیں کہا ایسا نہ ہو کہ عقل مندوں کی فہرست سے نکالے جائیں اور لگی روٹی بند ہوجائے۔ یہ کاریگر ایک مہینے تک اس خیالی مشین پر خیالی کپڑا بنتے رہے اور سارا سارا دن کام کرتے، ہر آنے جانے والا انہیں داد دیتا اور اس نظر نہ آنے والے کپڑے کی خوبصورتی کا ذکر ضرور کرتا۔

اسی دوران مہینہ گزر گیا اور کپڑے بادشاہ کو پہنانے کا وقت آپہنچا۔ منادی کروادی گئی اور رعایا کو اگلے روز شہر کے سب سے بڑے میدان میں جمع ہونے کا کہا گیا، سب وہاں آئے بادشاہ سلامت کو ایک بڑی بگھی میں کھڑا کرکے ان کے پہلے والے کپڑے اتارے گئے اور دونوں کاریگروں نے بادشاہ کو بڑے طریقے سے وہ کپڑے پہنائے۔ اب بادشاہ کو بگھی میں میدان کے اردگرد پھرایا جانے لگا سب لوگ بادشاہ کی نئی پوشاک کی تعریف کررہے تھے کہ اچانک ہجوم میں کھڑے ایک بچے نے آواز لگائی کہ بادشاہ تو ننگا ہے۔ اس نے تو کچھ نہیں پہنا ہوا۔

سب چونک گئے اور اچانک ان کو بچے کی بات کی حقیقت کا احساس ہوا۔ بس پھر کیا تھا بادشاہ نے اپنی رہی سہی عزت کو ہاتھوں سے چھپانے کی کوشش شروع کی اور بگھی کو واپس محل کی طرف دوڑایا گیا۔

پارچہ بافوں یعنی نوسر بازوں کے ساتھ کیا تاریخ تو اس حوالے سے خاموش ہے ہاں البتہ محلوں کے اندر خوشامد گری کا پیشہ پوری طرح پنپتا ہوا آج بھی پورے عروج پر پایا جاتا ہے۔ ہر کوئی کپڑا بننے کے اس عمل میں خود شامل ہے یا سب کچھ نظر آنے کے باوجود بھی خاموش ہے کہ ایسا نہ ہو کھیل سے باہر کر دیا جائے۔

کئی دن سے بنوں جانی خیل میں چار جوانوں کی لاشیں پڑی ہیں، سب اس پر خاموش ہیں پانچویں چھٹے دن ''ہجوم میں موجود بچوں'' کی جانب سے آوازیں لگنے کے بعد اب حکومت بھی ہوش میں آچکی ہے اور بیان دیا گیا ہے کہ جلد ہی اس واردات میں ملوث لوگوں کو سامنے لایا جائے گا۔

کرک میں حریم فاطمہ نامی چار سالہ بچی کو جنسی تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد قتل کیا جاچکا ہے اس کا قاتل ابھی قانون کے شکنجے میں نہیں آیا۔ یہ دونوں وارداتیں ایک ایسے وقت میں ہوئیں جب ملک کے سب سے بڑے آئینی ادارے یعنی پارلیمان میں پاکستان بھر سے سب سے زیادہ اعتماد کے قابل سمجھے جانے والے اراکین ایوان بالا کی مختلف نشستوں پر لوگوں کے انتخاب کے عمل سے گزر رہے تھے۔

پارلیمان کے اندر اس دنگل میں حکومت اور اس کے حامی اپنی جیت اور اپوزیشن جماعتوں کے اتحاد پی ڈی ایم کے لوگ اپنی جیت کے لئے کوشاں تھے۔ سارا زور ایک دوسرے کو پچھاڑنے پر تھا لیکن اتنے دن گزرنے کے باوجود اس عوامی نمائندہ پارلیمان کے کسی کونے سے بنوں کے چار جوانوں اور کرک کی حریم فاطمہ کے نام پر کوئی ایک لفظ نہیں کہا گیا۔ عوام کے یہ سب سے زیادہ قابل اعتماد اراکین پارلیمنٹ سمجھتے رہے کہ کوئی انہیں نہیں دیکھ رہا لیکن یہ ان کی خام خیالی ہے آج ہی ایک عام آدمی کی جانب سے میرے واٹس ایپ میں موصول ہونے والے ایک پیغام سے اندازہ ہوا کہ معاشرے میں موجود ''بچوں'' کی بادشاہوں کی بگھیوں پر نظر ہے اور انہیں خوب معلوم ہے کہ کون کپڑے پہنے ہوئے ہے اور کون۔ ہے۔ اس میسج کو آپ بھی پڑھیں۔

پہلا منظر: سنجرانی کو سینٹ کا چیئرمین بنانے کے لئے پیپلز پارٹی کے یوسف رضا گیلانی نے سات ووٹ اسے دیے۔

دوسرا منظر: پیپلز پارٹی کے یوسف رضا گیلانی کو لیڈر آف دی اپوزیشن بنانے کے لئے سنجرانی نے اسے چھ ووٹ دیے۔

تیسرا منظر: صادق سنجرانی چیئرمین سینٹ اور یوسف رضا گیلانی لیڈر آف دی اپوزیشن۔

چوتھا منظر: اکثریت نہ ہونے کے باوجود صادق سنجرانی چیئرمین سینٹ

پانچواں منظر: اپوزیشن کی اکثریت سے محرومی کے باوجود یوسف رضا گیلانی قائد حزب اختلاف

چھٹا منظر: تحریک انصاف سینٹ میں سب سے بڑی جماعت ہونے کے باوجود چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے عہدوں سے محروم

ساتواں منظر: مسلم لیگ نون اپوزیشن کے سب سے زیادہ ووٹ رکھنے کے باوجود سینٹ میں اپوزیشن لیڈر کے عہدے سے محروم

آٹھواں منظر: جماعت اسلامی نے حکومت اور اپوزیشن کو ایک ہی سکے کے دو رخ قرار دے کر سینٹ میں یوسف رضا گیلانی اور مولانا عبدالغفور حیدری کو ووٹ نہیں دیے۔

نواں منظر: جماعت اسلامی نے اپنے ووٹ سے اسی بار والے یوسف رضا گیلانی کو لیڈر آف دی اپوزیشن بنالیا۔

دسواں منظر: چیئرمین، ڈپٹی چیئرمین اور لیڈر آف دی اپوزیشن سب ''باپ'' کے منتخب کردہ اور پارٹیاں بھی ''باپ کمپنی'' کے حکم کے منتظر

خلاصہ: سب ہی ایک صف میں کھڑے ہوگئے اور ناں کوئی کرپٹ رہا اور ناں ہی صاف۔ سکے کے دونوں رخ بھی اب الگ الگ ہوگئے۔

ایک کھچڑی سی پکی ہوئی ہے حکومت ہو یا اپوزیشن کسی کا دامن بھی اس کھیل اور عوامی مینڈیٹ کے ساتھ کھلواڑ کے داغوں سے بچ نہیں پایا۔ یہ بات سب کی سمجھ میں آرہی ہے کہ حکومت اپنی سیاسی جیت کے لئے اپوزیشن کے اندر پیپلز پارٹی کے ساتھ مل کر ہر حد تک گئی۔

پیپلز پارٹی پی ڈی ایم کا حصہ ہوتے ہوئے بھی کھلم کھلا حکومتی حمایت یافتہ ''باپ'' کے امیدواروں کو کامیاب کرتی رہی اور اپنے امیدوار کے لئے اس کے ووٹ لیتی رہی، اے این پی اپوزیشن جماعتوں کے اتحاد پی ڈی ایم کا بھی حصہ ہے اور وہ لیڈر آف دی اپوزیشن کے انتخاب کے موقع پر یوسف رضا گیلانی کو ووٹ دیتی رہی، جماعت اسلامی ''کھوٹے سکوں'' کو ووٹ دے کر خود کو بری الذمہ سمجھ رہی ہے کہ اس نے اس کھیل میں اپنے آپ کو بچائے رکھا۔ جمعیت علما اسلام کے ڈپٹی چیئرمین سینٹ کو کم ووٹ پڑنے کی وجوہات بھی سامنے آچکی ہیں کہ کس جماعت کی خواتین نے اتحادی ہونے کے باوجود اس کے امیدوار کو ووٹ نہیں دیا۔

اس سارے عمل میں سب سے زیادہ کارآمد ثابت ہونے والے ''باپ'' کے ووٹرز فائدے میں ہیں اور مستقبل قریب کے بنتے نقشے سے معلوم ہورہا ہے کہ اب کے بعد ملکی سیاست میں عوام چاہے جسے بھی ووٹ دیں پارلیمان کے اندر وہی جیت کر اوپر آئے گا جسے ''باپ'' کا کندھا دستیاب ہوگا اور باپ کس کے کہنے پر اپنا کندھا کب کسے پیش کرے گی یہ بھی کوئی چھپی حقیقت نہیں رہی۔

مستقبل قریب میں سینیٹر دلاور اور ان کے دوستوں کی اہمیت بڑھتی نظر آرہی ہے اور سیاسی جماعتیں جتنی بھی کوشش کرلیں ونگ نمبر پھر بھی انہیں چند آزاد یا باپ کے اراکین کے پاس ہوگا۔ بعض ناقدین کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی اس نئے انتظام کو سمجھ چکی ہے اور مستقبل قریب کے نقشے میں خود کو فٹ کرنے کے لئے حاضری لگوا چکی ہے اور یوسف رضا گیلانی کا اس طریقے سے لیڈر آف دی اپوزیشن کا انتخاب اسی سلسلے کی ایک کڑی تھی۔

# اچھا اور گندا لمس

## رابعہ الربا اور تحریم عظیم

کیوٹ تحریم جیتی رہو

تمہارا پریم پتر پڑھ کر مجھے نجانے کتنی سہیلیوں کے ساتھ رونما ہونے والے کتنے ہی واقعات یاد آگئے۔ تم نے ایک ہی تحریر میں کئی مسائل کی طرف بہت نرمی سے اشارہ کردیا ہے۔ اچھا ہے، میں اس اشارے پہ مسکرادوں تاکہ تم کو یقین ہوجائے کہ میں تمہاری بات سے متفق ہوں۔

میری پیاری سی دوست!

سب سے پہلے تو یہ کہ دو خواتین کو، اف اور ہنستی ہوئی خواتین کو اکٹھے لکھتا دیکھ کر بہت سے سینوں میں دوزخ کے انگارے، یا کوئی آتش فشانی ہو رہی ہے کیونکہ ان بے چارے منافق مردوں نے سب سے پہلے عورت کو ہی عورت کے مخالف کیا اور اس کی بنیاد پہ اپنے حاکمانہ معاشرے کی بنیاد رکھی تاکہ یہ مکھن سے بال کی طرح یہ کہہ کر باہر نکل جائیں گے کہ عورت عورت کی دشمن ہے۔ اور ذمہ داریوں سے بھی ماحول کا بہانہ کرکے فرار ہو جائیں، سو م کسی گرل فرینڈ نامی مخلوق سے بے چارگی کا گلہ کرکے سکون کی بھیک مانگتے ہوئے اپنی ہوس کی آگ کا دریا رواں رکھ سکیں۔

لیکن اس گنگا میں سب نہائے ہوئے نہیں ہیں۔ پچاس فی صد کی وجہ سے باقی پچاس فی صد بلاوجہ بدنام ہیں۔ بہت سے ڈرتے ہیں کہ بدنامی نہ ہو جائے۔ بہت سوں کو ہمت ہی نہیں ہوتی، بہت سوں کا دل تو بہت کرتا ہے پر حالات نہیں بنتے۔ بہت سے دیکھتے ہی رہ جاتے ہیں، بہت سے اچھے دوست نما مرد بھی ہوتے ہیں، جو اپنی بیگمات سے بھی دوستی کروادیتے ہیں۔ باقی یہ سب، ہر قسم کے مرد اپنے گھر والوں سے بہت مخلص ہوتے ہیں۔ اس لئے بے وفا اور ہوس پرست ہوتے ہیں۔

بھئی عورت، عورت کی مخالف ہے۔ میری جان! ان کو ان کی زبان میں سمجھاوں تو کچھ یوں ہوگا کہ ''جب تم دوسری شادی کرلیتے ہو تو عورت سوتن کو برداشت کرلیتی ہے۔ ہم دوسری شادی کا مذاق بھی کردیں تو ہم بدکردار ہوجاتے ہیں، حالانکہ میری وہ سہیلیاں جو ملک سے باہر سیٹل ہیں۔ میرے ملک کی تہذیب کا مذاق اڑاتی ہیں کہ یار تمہارے ملک میں تو شادی پہ شادی کا رواج ہے۔ اور سرکار نے اس کو خود پریکٹس کرکے اور آسان بنا دیا ہے۔ تم لوگ اس کے باوجود ایک شادی کو عذاب بنالیتے ہو۔ جب کہ تم نے کون سے طلاق کے ساتھ اثاثے آدھے آدھے کرنے ہیں۔ یہ تو ہماری مجبوری ہے۔

تم نے بات کی وی پی این کی تو بھئی وہ رال والا لال تم سے یہی تو سننا چاہتا تھا کہ ''آپ وہی دیکھتی ہیں ناں جو میں دیکھتا ہوں؟ اور اگلا جواب ہوتا'' اب سے مل کر دیکھا کریں گے اور تم شرم سے سر جھکا دیتی تو وہ سارے زمانے میں نعرے لگاتا کہ تم بے حیاء□ ہو۔ اور جو بھی باقی کے لاحقے، سابقے عورت کے ساتھ لگائے جاتے ہیں، لگا کر دل کو قرار دیتا ہے کہ وہ عورت کو جیت کر ہرا چکا ہے کیونکہ وہ مرد ہے۔ ارے میرے منحوس ابن آدم! یہ جو کورونا کی ویکسین بنی ہے۔ اس میں ایوارڈ حاصل کرنے والی ایک لڑکی بھی ہے۔ وہ بھی آپ کے ساتھ وی پی این پہ معلومات کا تبادلہ کرتی ہوگی۔ ہے ناں؟ شرم تم کو مگر نہیں آتی۔

تو بات چل رہی تھی عورت سے عورت کی دوری کی۔ ایک تو یہ صدیوں پرانا کھیل ہے۔ دوسرے اس میں مرد کا مفاد ہے۔ تیسرے معاشیات و اقتصادیات کی کارفرمائی ہے۔ بھائی اور باپ جو وراثتی حق جہیز دے کر مار لیتے ہیں۔ وہی وراثت بیوی اور بیٹی کے حصے میں آتی ہے۔ جب بیج ہی بھنگ کا بویا ہو تو گلاب تو نہیں مہک سکتے۔

بہن کو پسند کی شادی، جاب، پڑھائی اور آزادی نہیں ملتی مگر بیٹی پیدا ہوتے ہی مرد کی نفسیاتی دنیا بدل جاتی ہے۔ اسے یہ سب بھول جاتا ہے کہ وہ بھی کبھی اپنے باپ کے سامنے، کھڑا ہوا تھا کہ اس کی بہن یہ سب کرے گی تو ناک کٹ جائے گی۔ بیٹی کی دفعہ وہ ناک کی سرجری کروالیتا ہے تاکہ وہ پہلے ہی کٹ جائے۔

منافق مرد نے ہی رشتوں کو اپنے حساب کتاب سے الگ ڈبوں میں رکھا ہوا ہے تو پھر یہ سب تو ہو گا۔ بس مرد اتنا سوچ لے کہ ''جیسے میں اپنی بیٹی کو دیکھنا چاہتا ہوں۔ ویسے ہی میرا باپ، یا میرا سسر اپنی بیٹی کو دیکھنا چاہتا تھا۔

رشتوں سے نکلیں تو ایک نئی اجنبی مردانہ دنیا کا سامنا ہوتا ہے۔ جس کے لئے بس اب غالب انکل ہی کی یاد باقی رہ گئی ہے ''ہوتا ہے شب و روز تماشا میرے آگے''، تو یہ مداری ہمارے شب و روز تو خراب کرتے ہی ہیں۔ نہ گھر کے رہتے ہیں، نہ گھاٹ کے، دھوبی کے کتے بن جاتے ہیں۔ (یا ان باکس کے) یہ جو انہیں اپنی بیویوں کی بدسلوکی کا گلہ ہوتا ہے۔ یہ شاید ان کے شادی سے پہلے کے اعمال کی سزا ہوتی ہے۔ ورنہ یہ وہی معصوم لڑکیاں ہوتی ہیں جو اپنے باپ کے گھر سے ہنستی کھیلتی آتی ہیں۔ اور جن کی رخصتی کے وقت باپ کا گھر بے رونق و خالی سا ہو جاتا ہے۔ وہاں تو اس کی زبان خراب نہیں ہوتی تھی۔ پھول جھڑتے تھے۔

وقت اور ان کے سرتاج کا رویہ مل کر ان کی لسانیات، جغرافیہ اور تاریخ بدل کر رکھ دیتا ہے۔ اور جب یہ سب بدل جاتا ہے تو وہ اس ''پھنے خاں کی تاریخ بدل کر رکھ دیتی ہیں۔ مگر یہ پھنے خاں ماننے تو تیار ہی نہیں ہوتا کہ اس کی بھی کوئی غلطی ہو سکتی ہے۔ یا تو اسے وہ محبوبہ یاد آتی رہتی ہے جس کو وہ کہیں ماضی میں کسی اور کی بیوی بننے کے لئے چھوڑ آیا تھا۔ یا کسی نئی لڑکی کو لائن مارنے کے چکر میں ہوتا ہے۔ لہٰذا ریل پٹری سے اتر جاتی ہے۔

بھلا اتنی محبت، وقت اور پیسہ یہ اپنی بیوی پہ خرچ کر دے تو اس کو سکون کی موت آجائے۔ یہ جو حوروں کے تعداد کا لالچ ہے، اس نے اسے سب سے زیادہ خوار کیا ہوا ہے۔ اس کی اسے خود بھی خبر نہیں ہے۔ وہ سمجھ ہی نہیں رہا کہ اسے جنت سے اس کے اپنے کرتوتوں کی وجہ سے نکال دیا گیا تھا۔ اب دنیا میں جب تک رہنا ہے۔ اس کے مطابق رہنا ہے۔ جیسا دیس ویسا بھیس کو مانتے ہوئے۔

مگر تحریم! سنجیدہ بات کروں تو یار مردوں کی بڑی تعداد بوڑھے ہونے سے پہلے تک اپنی بیوی کو اپنے ساتھ نہیں رکھتے۔ لاکھ بہانے ہوتے ہیں۔ بس ہفتے دو ہفتے بعد بچہ پیدا کرنے جاتے ہیں۔ اور واپس آکر وہی گند گھولنا شروع کردیتے ہیں۔ جس سے ہم سب تنگ ہیں۔ ساتھ رہتے ہیں تو ایسے رہتے ہیں کہ دونوں الگ الگ کمروں میں جوانی گزار دیتے ہیں۔ مجھے آج تک اس مردانہ نفسیات کی سمجھ نہیں آئی۔

دوست! تم کہتی تو سچ ہی ہو کہ ان کو پتا ہے یہ چسکے لے رہے ہیں۔ ویسے میں تمہیں مزے کی بات بتاوں، ان میں سے کچھ کو سچی نہیں پتا کہ جسم وسم کیا ہوتا ہے، نعرہ کیا ہے اور اس کا مطلب کیا ہے۔

کچھ کو یہ بھی نہیں پتا کہ ان کا اپنا جسم بھی ہوتا ہے۔ بس یہ مرد کہلانے کے لئے جذباتی باتیں کرتے ہیں۔ ڈاکٹر لیلیٰ مرزا ہماری بہت پیاری دوست کبھی کبھی تو ایسی باتیں کہہ جاتی ہے جن کا درجہ اقوال زریں سے کم نہیں ہوتا۔ ایسی ہی ایک بات انہوں نے ایک بار کہی ''رابعہ یہ جو، ان مردوں کی مائیں صبح دیسی گھی والے پراٹھے بنا بنا کر اپنے بیٹوں کو کھلاتی ہیں۔ ان پراٹھوں کا گھی ان کے دماغ پہ جم جاتا ہے۔''

تحریم میں نے ایسے بہت سے لکیر کے فقیر دیکھے ہیں۔ میری ایک بہت ہی پیاری سی دوست فاطمہ بتول نے آج اپنے سٹیٹس پہ لکھا ہے ''عمران خان کے ناقدین کو یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ جس شخص پہ کورونا ویکسین اثر نہیں کرتی۔ اس پر آپ کی تنقید خاک اثر کرے گی۔

تو دوست تم تحریم عظیم! یہ ایسے ہی عظیم لوگ ہیں۔ جن کے دماغوں پہ گھی جما ہوا ہے، اور جن پہ کوئی منفی و مثبت تنقید اثر نہیں کرتی نہ ہی ویکسین اثر کرتی ہے، اور ان کی اپنی کوئی سوچ نہیں ہوتی۔ انہیں بس سماجی مرد کہلانا ہوتا ہے۔

تم نے گندے لمس کی بات کی تو یہ بہت ہی اہم مسئلہ ہے۔

ہماری ایک دوست یورپ میں مقیم ہیں۔ ان سے اس حوالے سے کچھ دن قبل بات ہورہی تھی تو انہوں نے بتایا کہ ان کی بچی سات سال کی ہے اور انہوں نے اسے یہ اعتماد دینا شروع کردیا ہے کہ بیٹا اگر آپ کو کوئی اس طرح چھوئے کہ آپ کو گندا لگے تو آپ نے مما پاپا کو بتانا ہے۔ ہم اللہ مالک کہہ کر بات کیا، ذمہ داری بھی ٹال دیتے ہیں۔

تم نے میری بات کی تو دوست محبت کے معمے میں میرے سگنل ذرا سلو کام کرتے ہیں۔ بچپن کا حصار حویلی کی ان اونچی دیواروں جیسا تھا جہاں ٹوٹے ہوئے شیشے لگے ہوتے ہیں، یا وائر کے ساتھ کرنٹ ہوتا ہے۔ مگر جب پہلی بار اکیلی گھر سے کالج کا سفر شروع ہوا تھا تو ابا نے ایک ہی بات کہی تھی ''میرے پاس کبھی شکایت لے کے مت آنا کہ مجھے کسی نے تنگ کیا ہے۔ بندہ مار کے آنا اور کہنا، میں نے مار دیا۔ باقی میں خود سنبھال لوں گا۔

اب یار ایسی لڑکی کی نفسیات عجیب وغریب ہوتی ہے۔ کچھ بھائیوں اور کزنز میں رہنے سے، کسی مرد کی ایک نگاہ سے عموماً خبر ہوجاتی تھی کہ اس کے ارادے کیا ہیں۔ اور میں اپنا رستہ بدل لیتی تھی۔ یوں بھی میری گلابی طبیعت کے نیچے چھپا جلال ایسا تھا کہ مرد مجھ سے سنبھل کے رہے۔ جو نہیں سنبھلے۔ ان کی پھر کلاس لینا ہمارا پورا حق ہے۔ سو ہم نے اپنی طبیعت کے عین مطابق لی۔ مگر پھر بھی معاشرہ تو وہی میلی سوچ والا تھا۔ کہیں نہ کہیں کچھ نہ کچھ سامنے آجاتا ہے۔ اور ہم اس سے الجھ بھی جاتے ہیں اور سلجھانا بھی سیکھ لیتے ہیں۔

تم الجھنے کی عمر میں ہو۔ میں سلجھانے کے دور کی کہانی ہوں۔ یوں ہم مکمل ہوتے ہیں۔

جہاں تک بات ہے محبت کی، جب یوسف زلیخا پڑھی تو اسی عمر میں محبت کا راز پالیا تھا۔ رکھنے والے نے بھی مجھے ثابت قدم رکھا۔ میرے ذہن میں بالکل واضح تھا کہ اگر کسی مرد کو مجھ سے محبت ہے تو یہ ایک طاقت ہے، یہ ایک خوشبو ہے۔ (یونہی اگر مجھے بھی کسی سے محبت ہے تو طاقت ہے، خوشبو ہے) جس نے خود ہی ظاہر ہو جانا ہے۔ مجھے اس کے لئے نہ تو کسی سے ملنا ہے، نہ کسی کے ساتھ کوئی وقت ضائع کرنا ہے اور جو مجھے دنیا کے سامنے پا نہیں سکتا، میں اس کو چھپ چھپا کے چاہ نہیں سکتی تھی۔ بعد کے پچھتانے سے بہتر ہے پہلے پچھتالو۔ یہی میں اپنی سب سہیلیوں کو کہتی ہوں۔

اس لئے اس لمس منحوس سے بچت ہوگئی مگر چونکہ ہوں تو ایک مکمل انسان، محبت سے انکار کسی صورت نہیں ہے۔ میں اپنے من میں بت بنا کر بھی اسے چاہ سکنے کی قوت رکھتی ہوں کہ میرا تخیل شاید حقیقت سے حسین و قوی ہے۔ میں نے اپنے من مندر میں پوجا کی ہے اور وہ خوشبو بن کر مجھ میں اتر بھی چکی ہے۔

مجھے بہادر عورتیں اور مرد پسند رہے ہیں۔ سو یہ بزدلی میرے بس کی بات ہی نہیں تھی کہ چھپن چھپائی کھیلتی۔

اور شاید خلیل جبران کی چاہت میں اسی کی طرح بن ملے، بنا دیکھے والا رومان تھا۔ جو کافی بونگا ہو سکتا ہے۔ مگر مزے کا ہے۔

یا کوئی امیر خسرو کے سوال کا سایہ تھا کہ انہوں نے خواجہ نظام الدین اولیاء□ سے پوچھا کہ ''محبت میں مصیبت کیوں آتی ہے؟ فرمایا تاکہ کم ظرف محبت کا دعویٰ نہ کریں۔

یہ جو تم کہتی ہو ''رال والے لال، تو دوست! یہ سب کے ساتھ ہوتا ہے۔ اب سلام دعا سے بھی بات اتنی آگے نکل چکی ہے کہ رال والے لال، اپنی برہنہ تصاویر بھیج کر سمجھتے ہیں کہ کوئی حسن کے عجائب گھر کا منتر پھونک دیا ہے۔ اب لڑکی قدموں میں ہوگی۔ سو ہم فرینڈرز نے ایک گروپ بنا کر اس میں ایسے نمونوں کی تصاویر اور آئی ڈیز شیئر کرنے شروع دیے، یوں ہم مل کر ایسے لالوں کو بلاک کرتے تھے۔

اس میں کسی شعبے کی کوئی تخصیص نہیں۔ ہر جگہ یہ نمونے پائے جاتے ہیں۔ جن کو نیشنل جیوگرافک دیکھ کر جانوروں سے اپنی مادہ کے ساتھ رہنا سیکھنا چاہیے۔ وہ پورن دیکھ کر اس کو حقیقت بنانے کے چکر میں سماج خراب کررہے ہیں۔

اگر ہم بھی اینٹ کا جواب پتھر سے دیں یعنی اگر کوئی رات کو تنگ کرے تو فوری ویڈیو کال کر دیں۔ ساتھ سوئی بیوی فوراً اٹھ جاتی ہے کیونکہ بیوی کے سگنل فور جی سے بھی زیادہ تیز ہوتے ہیں۔ باقی وہ خود ہی سیدھا کرلیتی ہے۔ کیونکہ اس کی لسانیات و جغرافیہ یہ خود خراب کرچکے ہوتے ہیں۔ ان کی سنہری تاریخ وہ خود لکھ دیتی ہے۔ وہ آئی جی اور جنرل سے اوپر کی کرسی کی مالک ہوتی ہے۔

ابھی بلوچستان کی اسسٹنٹ کمشنر فریدہ ترین کے ساتھ ہراسمنٹ کا واقعہ دیکھ لو۔ کوئی ہے بولنے والا؟ کیونکہ سب کی گندی تمنائیں ایک سی ہیں۔

ہمیں خود بھی شادی شدہ مردوں سے دوستی کی شرط رکھنی چاہیے کہ وہ اپنی بیوی کے سامنے ہم سے بات کرسکتے ہیں۔ اور ایسے مرد ہیں۔ اس ملک میں بھی ہیں۔ مگر گندے مندے میلے مردوں کی بو میں چھپ جاتے ہیں۔ بہت سی باتیں ہیں۔ مگر شہرزاد کی سی راتیں ہوں تو اچھا ہے۔ بہت رات ہو چلی ہے۔ اس پہ پھر بات کریں گے۔ تم نے تو میرے من کے تار چھیڑ دیے اور میں گنگنا اٹھی۔

ان کیفیات سے صاف ظاہر ہے مجھے مرد سے نفرت نہیں۔ مجھے موسیقی اچھی لگتی ہے۔ موسیقی شور بن جائے تو ساعت پہ بوجھ بن جاتی ہے۔ بس ایسا ہی ہم سب کے ساتھ ہوا ہے۔

جگ جگ جیو

مجھے رات کے حسن کو انجوائے کرنا ہے۔ میں نے شہد والی چائے بنائی ہے۔ آج بہت پرسکون رات ہے۔ بادلوں اور تاروں کے سے معصوم بچوں کی طرح کلکاریاں کرتی رات۔ سلیم رضا ریوا کے حسب حال اشعار یاد آگئے ہیں

کہیں پہ چیخ ہوگی کہیں کلکاریاں ہوں گی
اگر حاکم کے آگے بھوک اور لاچاریاں ہوں گی
اگر ہر دل میں چاہت ہو شرافت ہو صداقت ہو
محبت کا چمن ہوگا خوشی کی کیاریاں ہوں گی
مقابل میں آیا ہے جگنو آج سورج کے
یقیناً پاس اس کے بھی تیاریاں ہوں گی

# پاؤں تلے سے نکلتی زرخیز زمین

## وسعت اللہ خان

پاکستان میں تحفظ ماحولیات کی وزارت نوے کے عشرے میں بے نظیر بھٹو کی دوسری وزارت عظمیٰ میں قائم ہوئی۔ یہ قلمدان اتنا حساس سمجھا گیا کہ آصف علی زرداری کے سپرد کیا گیا۔ جنوبی ایشیا کے کسی بھی ملک میں یہ اپنی نوعیت کی پہلی وزارت تھی۔

پاکستان پچھلے کم از کم دو عشروں سے ان دس ممالک کی سرخ فہرست میں شامل ہے جو دو ہزار پچاس تک ماحولیات کے منفی اثرات سے سب سے زیادہ متاثر ہوں گے۔

پاکستان سن دو ہزار تیس تک عالمی درجہ حرارت میں کمی کے اقدامات میں حصہ داری اور اپنی نصف آبادی کی انسانی ترقی کو بنیادی سطح سے اوپر لے جانے کے ہدف پر بھی کاربند ہے۔ یہ بھی خوش آیند ہے کہ موجودہ سرکار بلین ٹری سونامی کے منصوبے کو مکمل کرنے کے لیے محدود وسائل میں جتنی کارکردگی دکھا سکتی ہے دکھا رہی ہے۔

پاکستان کی کم از کم چالیس فیصد آبادی پر منڈلاتے ناکافی غذائیت یا بھک مری کے خطرے پر نگاہ رکھنے کے لیے فوڈ سیکیورٹی کی ایک علیحدہ وزارت بھی کام کر رہی ہے۔ مگر مذکورہ تمام اقدامات کا زور بالٹی میں وسائل کا پانی ڈالنے پر ہے لیکن رستے ہوئے پیندے کو درست کرنے پر کوئی توجہ نہیں۔ چلیے دانشوری جھک کے صاف صاف بات کی جائے۔

پاکستان کا رقبہ ایک سو ستانوے ملین ایکڑ ہے۔ آبادی لگ بھگ بائیس کروڑ ہے۔ آبادی میں اضافے کی سالانہ شرح ڈھائی سے تین فیصد کے درمیان ہے۔ جب کہ معیشت کے حجم میں اضافے کی اوسط شرح گزشتہ دو برس اور کوویڈ کی وبا جوڑنے کے نتیجے میں شرح آبادی میں اضافے سے بھی کم ہے۔ یعنی معیشت بڑھنے کے بجائے سکڑ رہی ہے۔ آمدنی اخراجات کے مقابلے میں پہلے ہی کم تھی اب یہ فرق اور بڑھ رہا ہے۔

اس پر مستزاد اقوام متحدہ کے متعلقہ ذیلی اداروں کے یہ آنکڑے ہیں کہ اگر حالات یہی رہے تو دو ہزار تیس تک پاکستان کی آبادی نہ صرف بائیس کروڑ سے بڑھ کر پچیس کروڑ تک پہنچ جائے گی بلکہ دیہی علاقوں میں روزگار کے مسلسل سکڑتے مواقع کے سبب شہروں کی جانب ماحولیات اور زرعی زبوں حالی سے جوج رہے افراد کی نقل مکانی کے نتیجے میں شہری آبادی کا موجودہ تناسب چھتیس فیصد سے بڑھ کر پچاس فیصد سے بھی اوپر نکل جائے گا۔

مگر کہانی بس یہاں تک ہی محدود نہیں۔ بڑھتی ہوئی آبادی کے نتیجے میں ممکنہ منفی سماجی و سیاسی و اقتصادی تبدیلیوں کا رخ بدلنے کی دو ہی تراکیب ہیں۔ یا آبادی میں اضافہ قابو میں لایا جائے یا خوراک اتنی میسر ہو کہ بڑھتی ہوئی آبادی کا کم از کم پیٹ ہی بھر جائے اور وہ توڑ پھوڑ یا نظام سے بغاوت کے بارے میں سوچنے سے فی الحال باز رہے۔

مگر یہ امکان بھی کم سے کم ہوتا جا رہا ہے۔ زرعی زمین اور پیداوار کا حجم بڑھنے کے بجائے گھٹ رہا ہے۔ اور آبادی کا دباو پہلے سے میسر زرعی زمین کو بھی رفتہ رفتہ کتر رہا ہے۔ یعنی ہم بڑھتی ہوئی آبادی کے ہمراہ بھک مری و مفلوک الحالی کی شاہراہ پر آہستہ آہستہ لیکن یقینی طور پر آگے بڑھ رہے ہیں اور اس سفر لاحاصل کو روکنے کا بھی کوئی قلیل یا طویل المدت اہتمام نظر نہیں آرہا۔

ہم جس شاخ پر بیٹھے ہیں اسے کس طرح کاٹ رہے ہیں؟ دو ہزار سولہ کی ایک رپورٹ کے مطابق انیس سو چھتر تا دو ہزار پندرہ کے درمیانی چالیس برس کے دوران صرف ضلع لاہور میں تقریباً تین لاکھ ایکڑ زرخیز زمین ڈھائی سو سرکاری و غیر سرکاری ہاوسنگ اسکیموں میں بٹ بٹا گئی۔ اب یہ رفتار تیز ہوگئی ہے۔ اوسطاً ہم روزانہ پانچ سوا ایکڑ زرعی زمین سے ہاتھ دھو رہے ہیں۔ اس رفتار سے ہر دس برس میں ایک ملین ایکڑ زمین زرعی شعبے کے ہاتھ سے نکلتی چلی جائے گی۔

پچھلے ماہ ایک انگریزی اخبار کی ایک رپورٹ کے مطابق گزشتہ بیس برس میں ضلع حیدر آباد کی لگ بھگ سترہ ہزار ایکڑ زرخیز زرعی اراضی رہائشی اسکیموں میں بدل گئی۔ کم و بیش یہی تناسب ضلع بے نظیر آباد اور سکھر میں بھی دیکھا جارہا ہے۔

دسمبر دو ہزار بیس یعنی تین ماہ پہلے کی ایک رپورٹ کے مطابق ضلع پشاور میں ایک سو چھپن غیر رجسٹرڈ ہاوسنگ سوسائٹیاں دھڑلے سے پلاننگ کر رہی ہیں اور ان میں سے ستر فیصد ہاوسنگ اسکیمیں بنجر کے بجائے سرسبز زرعی رقبے پر قائم ہو رہی ہیں۔

ضلع ملتان میں ہاوسنگ اسکیموں کی قربان گاہ پر گزشتہ پانچ برس میں صرف آم کے ایک لاکھ سے زائد درخت قربان ہوگئے۔ ویسے تو وہاں بیسیوں قانونی و غیر قانونی ہاوسنگ سوسائٹیاں ہیں۔ مگر ان میں سے بڑی ہاوسنگ سوسائٹیوں نے اب تک پانچ ہزار ایکڑ سے زائد زمین خریدی ہے جس پر آموں کے باغات اور دیگر نقد آور فصلیں لگائی جاتی تھیں۔

پنجاب اگرچہ پاکستان کے کل رقبے کا چھبیس فیصد ہے مگر اس رقبے میں پاکستان کی پچپن فیصد آبادی بستی ہے۔ چنانچہ اس آبادی کی رہائشی ضروریات اور بڑھتی ہوئی شہری مڈل کلاس کے فرمائشی نخرے اٹھانے کے لیے بڑے بڑے شہروں کے اردگرد کی آباد زرعی زمین ہی ہوس کا پہلا نشانہ بن رہی ہے۔ اقوام متحدہ کے ادارے یو این ڈی پی کی دو ہزار انیس کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں شہری پھیلاو کی رفتار تین فیصد سالانہ ہے۔ یہ رفتار جنوبی ایشیا میں سب سے تیز ہے۔

کہا جاتا ہے کہ جب سے ملتان، اور وسطی پنجاب میں بڑے ڈویلپرز نے ہاتھ ڈالا ہے۔ پچیس سے تیس لاکھ روپے فی ایکڑ زرخیز زمین کی قیمت راتوں رات ایک سے دو کروڑ روپے کے درمیان جاپہنچی ہے۔ زمیندار کو زراعت میں زندگی کھپا کر، آڑھتی کے ہاتھوں یرغمال بن کر اور قرضے اتارتے اتارتے اور سرکاروں کا سوتیلی ماں جیسا روپ دیکھ دیکھ کر جو اذیت محسوس ہوتی ہے۔ اس کے پیش نظر کون سا ایسا زمیندار ہوگا جو ایک ایکڑ زمین منہ مانگی تین گنا قیمت پر فروخت کرنے سے انکار کردے۔ اس کے بعد اس کے کھیت یا باغ میں انسان بسے کہ بھوت۔ بیچنے والے کی بلا سے۔

انگلیوں پر ایسی بھی چند مثالیں ہیں کہ سو میں سے دس زمینداروں نے کسی بھی قیمت پر زمین فروخت نہ کرنے کی ٹھانی تو انہیں طاقتور ڈویلپرز نے مختلف قانونی و غیر قانونی مصیبتوں میں پھنسا کر آمادہ کرہی لیا۔

ریاست اور حکومت زرعی زمین کے وجود کو لاحق رہائشی اسکیموں کے خطرے کو کس قدر سنجیدگی سے لیتی ہے۔ بیانات کی حد تک تو بہت سیریس مگر عمل کی حد تک سیریسلی نان سیریس۔

سپریم کورٹ کئی فیصلوں میں آبزرویشن دے چکی ہے کہ رہائشی اسکیموں میں زرخیز زمین کا غائب ہو جانا قومی مستقبل کے لیے ایک خطرناک رجحان ہے۔

وزیر اعظم عمران خان فروری دو ہزار انیس میں پنجاب حکومت کو ہدایت دے چکے ہیں کہ کسی بھی ایسی ہاوسنگ سوسائٹی یا اسکیم کو منظور نہ کیا جائے جو زرخیز زمین پر ہو۔ بلکہ رہائشی ضروریات کو کم علاقے میں بلند و بالا عمارتوں کی شکل میں پورا کرنے پر توجہ دی جائے۔ مگر وزیر اعظم کی اس ہدایت کا بھی وہی نتیجہ نکلا جو اکثر ہدایات کا نکلا۔

بات یہ ہے کہ جس طرح نیشنل پارک کے قانون کے تحت خطرے سے دوچار وسیع علاقوں کو محفوظ کیا جاتا ہے۔ اسی طرح وقت کا تقاضا ہے کہ ایک پارلیمانی ایکٹ کے ذریعے زرخیز زمینوں کو ہاوسنگ سوسائٹیوں اور اسکیموں کے دائرے سے باہر نکال کر صرف زرعی سرگرمیوں کے لیے محفوظ کیا جائے۔ اور اس ایکٹ میں سخت تادیبی اقدامات بھی شامل کیے جائیں۔ صرف بنجر زمین کو کالونائز کرنے کی اجازت ہو اور اس جانب راغب کرنے کے لیے ایک طے شدہ مدت میں کچھ اضافی مراعات دینے میں بھی کوئی حرج نہیں۔

مگر ہر شعبے میں پھلتی پھولتی مافیا گردی بالخصوص کھربوں روپے کے زمینی و تعمیراتی کاروبار کے ہوتے ایسی تجاویز کا مقدر سوائے ذلت کے اکثر کچھ بھی نہیں۔ آئندہ نسل جائے اور اس کا مستقبل جائے۔ آج کے مزے کو اگلے کل پر قربان کیوں کیا جائے؟

**آپ کی رائے اور تحریروں کا خیر مقدم**

سیاسی، سماجی معاشی موضوعات کے متعلق اپنی مختصر تحریریں، پریس ریلیز ہمیں بھیجے ہم انہیں اپنے اخبار کی زینت بنائیں گے۔

imroz.ad@gmail.com

whatsapp no: 03327971944

ادارہ امروز میڈیا گروپ میں چھپنے والے مضامین / کالم اور تجزیے تحریر کنندگان کا اپنا نظریہ ہوسکتا ہے اس سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

(ایڈیٹر)

# اسلام آباد پولیس اور سیف سٹی پراجیکٹ

**عمار مسعود**

کسی بھی محکمے میں سب لوگ اچھے نہیں ہو سکتے اور کسی بھی محکمے میں سب لوگ برے نہیں ہو سکتے۔ پولیس کے محکمے کے لیے ہمارے عمومی خیالات اس سے متصادم ہیں۔ بدقسمتی سے پولیس کے بارے میں خیال آتے ہی لوگوں کے ذہنوں میں پہلا خیال رشوت کا آتا ہے، حفاظت کا تصور کم ہی کسی کے ذہنوں میں در آتا ہے۔ پولیس کے ساتھ ہمارا یہ رویہ نیا نہیں مدتوں پرانا ہے۔ ایک خاص سوچ ہمارے ذہنوں میں بٹھائی گئی ہے کہ اس محکمے میں سب لوگ برے ہوتے ہیں جو کہ ایک بہت غلط سوچ ہے، ایسا ممکن نہیں۔ اس محکمے میں بھی بہت قابل، لائق اور ایماندار افسران اور جوان ہیں جن کی محنت اس منفی پراپیگنڈے کا شکار ہو جاتی ہیں۔

پولیس کا کام جرائم کی روک تھام ہوتا ہے مگر یہ فورس دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بھی نہایت کم وسائل کے باوجود بھی جانفشانی سے مقابلہ کرتی رہی مگر ان کی قربانیوں کا ذکر کم کم ہوتا ہے۔ مجھے یاد ہے لاہور موٹر وے ٹول پلازہ پر چند سال پہلے دہشت گردوں کو روکنے کی کوشش میں پولیس کے چند جوان شہید ہوگئے، پنجاب کے آئی جی وہاں تشریف لائے اور انہوں نے فرمایا کہ میں اور میری تمام سروس ان جوانوں کے جذبہ شہادت کے پاؤں کی خاک بھی نہیں۔ اسی لیے ہمیں احساس ہوا کہ یہ بڑے قیمتی لوگ ہیں لیکن ہم ان کو وہ عزت نہیں دے سکے جو ان کا حق ہے۔ اسی طرح کچھ عرصہ قبل جب ملک میں دہشت گردی اپنے عروج پر تھی، لاہور میں رات کے وقت ڈرائیو کرتے ہوئے مجھے ایک مشکوک سے پولیس والے نے روک لیا۔ اس نے ایک ٹوٹی ہوئی چارپائی کی مدد سے سڑک کو بلاک کرنے کا ناکہ لگایا ہوا تھا۔ ہاتھ میں اس کے ایک ٹارچ تھی جو اس کے پاس واحد ہتھیار تھا۔ اس سے تفصیلی بات ہوئی تو معلوم ہوا کہ اس ٹارچ کے سیل کے پیسے بھی وہ جیب سے ادا کرتا ہے، محکمہ اس کا بجٹ کا متحمل نہیں ہوسکتا۔

ہمارے عجیب و غریب رویے کی اور کیا مثال ہوسکتی ہے کہ ہم کسی سانحے میں شہید ہونے والے پولیس والوں کو ٹی وی پر شہید لکھنے سے اجتناب کرتے ہیں اور جان بحق کہہ کر آگے بڑھ جاتے ہیں۔ ہمارا عمومی رویہ جو برسوں میں تشکیل پایا ہے اس میں بنیادی طور پر ان شہدا کی قربانیوں کی تضحیک محسوس ہوتی ہے جو کہ ان کی جانفشانی اور بہادری سے صریحاً ناانصافی ہے۔ اس محکمے کے مسائل بھی ہیں اور چند جائز شکایات بھی۔ بجٹ نہیں ملتا، مناسب ٹریننگ نہیں دی جاتی، میڈیا ان پر بہتان طرازی کرنے سے نہیں ہچکچاتا، عوام کے دل میں ان کے لیے احترام نہیں۔ ان کی قربانیوں کی اطلاع کسی کو نہیں ہوتی، کسی خرابی کا مبالغہ آمیز اشتہار ضرور لگا دیا جاتا ہے۔ پولیس کے حوالے سے بوسیدگی کا تصور ہمارے ذہنوں میں قائم ہے۔ ڈرائنگ روم کی سیز وغیرہ ہی پولیس کی واحد کارروائی نہیں، بلکہ اس کے علاوہ بھی بہت کچھ ہے۔ اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران پولیس کو کسی دوسرے محکمے کی نسبت بیماریوں، حادثوں اور زخمی ہونے کا سب سے زیادہ خطرہ رہتا ہے۔ ہر ایسے مقام پر جہاں سے سب بھاگ جاتے ہیں، وہاں پولیس کی ڈیوٹی لگی ہوتی ہے۔

اسلام آباد کو سیف سٹی بنانے کا خیال پیپلز پارٹی کے دور میں آیا تھا۔ اسی خیال کے تحت پولیس کو جدید تکنیک سے آگاہ کرنے کے لیے ماڈرن ایکوپمنٹ اور ماڈرن ٹریننگ کی ضرورت پر زور دیا جاتا رہا ہے۔ اسلام آباد کی پولیس اسی لیے دوسرے علاقوں کی پولیس کی نسبت بہتر، مہذب اور شائستہ رہی ہے۔ سیف سٹی پراجیکٹ کے تحت اسلام آباد میں قریباً دو ہزار کیمرے لگائے گئے، جن کی بدولت ایک آپریشن اینڈ مینٹیننس ہال سے پورے شہر پر نظر رکھی جاسکتی ہے۔ گاڑیوں کی نمبر پلیٹ ٹریس کی جاسکتی ہے۔ جرائم کی شرح میں اس سے کمی آئی ہے اور پولیس کو اپنی کارکردگی بہتر بنانے کا موقع ملا ہے۔ کیمروں کی تعداد ابھی بہت کم ہے۔ ان کیمروں کی تعداد کو چار ہزار پانچ سو تک بڑھانے کی سفارشات پیش کی گئی ہیں، جس سے شہر محفوظ اور شہری محفوظ تر ہوسکیں گے۔ اس کوشش سے اسلام آباد سیف سٹی سے سمارٹ سٹی کی منزل پا سکتا ہے، جہاں جرائم پر الیکٹرانک طور پر نظر رکھی جاسکتی ہے اور برق رفتاری سے ان کا قلع قمع بھی ہوسکتا ہے۔

اگر کبھی آپ کو یہ آپریشن اینڈ مینٹیننس ہال دیکھنے کا اتفاق ہو تو آپ کو احساس ہوگا کہ پولیس اب بہت ماڈرن ہو گئی ہے، بوسیدگی کا جو تصور ہمارے ذہنوں میں جاگزیں رہا ہے، وہ لمحوں میں ہوا ہو جاتا ہے۔ اس ہال کو دیکھ کر یہ احساس بھی ہوتا ہے کہ پولیس آج کے دور کی پولیس ہے اور جدید طریقہ تحقیق و تفتیش سے نہ صرف آگاہ ہے بلکہ جرائم کی روک تھام جدید خطوط پر کرنے کے لیے بھی کوشاں ہے۔

اس سیف سٹی پراجیکٹ کی وجہ سے جرائم میں نمایاں کمی آئی ہے۔ اب اس سیف سٹی پراجیکٹ کے کیمرے پولیس کی حوالات میں بھی لگے ہوئے ہیں کہ پولیس تشدد کی شکایات رفع کی جاسکیں اور ایسی صورت میں فوری کارروائی عمل میں آسکے۔ اسلام آباد پولیس کے آئی جی قاضی جمیل الرحمان ان عوامی شکایات سے بہت اچھی طرح واقف ہیں جو صارفین کو پولیس کے ساتھ بات کرتے ہوئے پیش آسکتی ہیں۔ اسی لیے پولیس کے رویے کو بہتر بنانے کے لیے جدید ٹریننگ پولیس کے ہر جوان اور افسر کے لیے لازمی قرار دی گئی ہے۔ پولیس کی عمومی ٹریننگ کے سوا ان کو اپنے رویے کو بہتر بنانے کی ٹریننگ بھی دی جاتی ہے۔ اس سے سائل اور پولیس کے درمیان برسوں کی مخاصمت میں کمی آئے گی اور عوامی رویہ بھی پولیس کی جانب بہتر ہوگا۔

یہ درست ہے کہ اسلام آباد سیف سٹی کا پراجیکٹ سمارٹ سٹی کی طرف ایک خوش آئند قدم ہے لیکن پولیس کا اصل امتحان جرائم کی روک تھام ہے۔ ان جرائم میں واضح کمی ہی عوام کا اعتماد جیت سکتی ہے۔ پولیس کے بارے میں ان کے عمومی رویے کو تبدیل کر سکتی ہے۔ دوسری بات یہ ضروری ہے کہ جا بجا کیمروں کی تعداد کم نہ ہو بلکہ زیادہ ہو لیکن ان کیمروں کی کارکردگی پر سوال بھی اٹھے گا جہاں صحافی اغوا ہوں گے، جہاں لکھنے والوں سے مار پیٹ ہوگی۔ اگر وہ کیمرے ہر بار بوجوہ خراب ہوں گے تو اعتماد قائم نہیں ہوگا۔ اسلام آباد پولیس اپنی بساط، بجٹ اور استطاعت سے بڑھ کر کام کر رہی ہے۔ اس پر صرف الزام لگانا مناسب نہیں، ان کا احترام بھی ضروری ہے۔

# پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ نون کے درمیان تلخی میں وقفہ

**عارف نظامی**

غالباً آصف زرداری سے مولانا فضل الرحمٰن کی اپیل پر کہ بچوں کی لڑائی بند کرائیں، مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے درمیان بیان بازی میں تلخی کم ہوئی ہے بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ بلاول بھٹو اور مریم نواز کے درمیان منہ ماری میں کچھ توقف آیا ہے۔ مولانا کے علاوہ بی این پی مینگل گروپ کے سربراہ اختر مینگل نے بھی بلاول ہاؤس میں ملاقات میں آصف زرداری سے اپیل کی کہ مسلم لیگ (ن) کے ساتھ معاملات درست کریں۔

مریم نواز نے بھی یہ کہہ کر سیاسی انتقام کافی ہو چکا اب ایک دوسرے سے مل کر چلنا ہے، صلح کا ہاتھ بڑھایا ہے اور کہا کہ ان کا بلاول بھٹو سے کوئی اختلاف نہیں تاہم یہ تسلیم کیا کہ ان کی پارٹی اور پیپلز پارٹی اگرچہ پی ڈی ایم کا حصہ ہیں لیکن سیاسی حکمت عملی الگ الگ ہے۔ دوسری طرف وزیر اعظم عمران خان کورونا کی وجہ سے صاحب فراش ہیں جس کے باعث پی ٹی آئی کے ترجمانوں کی فوج ظفر موج کو باس سے گائیڈ لائن نہیں مل رہی تھی لیکن جمعرات کو وزیر اعظم نے قرنطینہ میں ہی اپنی میڈیا ٹیم کا اجلاس طلب کر لیا اور ایک تصویر جاری کی گئی جس میں وزیر اعظم عمران خان کے ہمراہ شبلی فراز کے علاوہ وزیر برائے سمندر پار پاکستانی زلفی بخاری، سینیٹر فیصل جاوید سمیت 6 افراد موجود ہیں۔

اس تصویر پر عوام نے سوشل میڈیا پر کافی تنقید کی ہے، وہ یہ کہنے پر حق بجانب ہیں کہ دوسروں کو نصیحت خود میاں فصیحت۔ اگرچہ وزیر اعظم کے قرنطینہ کے دوران بعض حکومتی ترجمان قدرے خاموش ہیں تاہم یہ بات فردوس عاشق اعوان کے بارے میں نہیں کہی جاسکتی، وہ پنجاب کی مشیر اطلاعات ہیں، انہوں نے مسلم لیگ (ن) پر ہر محاذ پر اٹیک کرنے کا کام اپنے ''ناتواں'' کندھوں پر اٹھایا ہوا ہے۔ وہ مریم نواز کے پیچھے پڑی رہتی ہیں اور انہیں راج کماری کے لقب سے پکارتی ہیں۔

چند ماہ کی شدید محاذ آرائی کے بعد اچانک سیاست میں کچھ جمود طاری ہونے لگا ہے جو کسی طوفان کا پیش خیمہ بھی ہوسکتا ہے، فی الحال تو معاملات ٹھنڈے ہیں۔ پی ڈی ایم یوسف رضا گیلانی کی سینیٹ کی نشست جیتنے کے بعد سیاسی طور پر عروج پر پہنچ گئی تھی، قومی اسمبلی میں پی ٹی آئی اور اس کے حلیفوں کی اکثریت ہونے کے باوجود یوسف گیلانی اپنے مدمقابل مشیر خزانہ حفیظ شیخ کو شکست دے کر میلہ لوٹ کر لے گئے جس کے بعد یہ قیاس آرائیاں عام ہونے لگیں اگر سینیٹ الیکشن جیت سکتے ہیں تو حکومت کے خلاف وفاق اور پنجاب میں تحریک عدم اعتماد کیوں کامیاب نہیں ہوسکتیں۔ اپوزیشن اپنی کامیابی پر پھولے نہ سما رہی تھی کہ سینیٹ کی چیئرمین شپ کی سیٹ پر یوسف گیلانی کی صادق سنجرانی کے ہاتھوں شکست نے اس کی ساری پھوک نکال دی، ساتھ ہی پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کی قیادت بالخصوص بلاول بھٹو اور مریم نواز کے درمیان مخالفانہ بیان بازی کے پس منظر میں یہ سوال برملا پوچھے جانے لگے کہ اگر پی ڈی ایم کی دو بڑی جماعتیں بیچ چوراہے بھانڈا پھوڑ رہی ہیں تو اپوزیشن کے الائنس کا کیا مقصد رہ جاتا ہے۔

پی ڈی ایم کے سربراہی اجلاس میں آصف زرداری کے وڈیو لنک کے ذریعے خطاب سے اپوزیشن اتحاد میں شگاف بڑے واضح ہوگئے۔ پیپلز پارٹی تو استعفوں کی سیاست سے یکسر منکر ہوگئی ہے، بقول بلاول بھٹو لانگ مارچ کا فیصلہ ہوا تھا جس کے لیے پیپلز پارٹی نے تمام تیاریاں کر رکھی تھیں لیکن اچانک جے یو آئی اور مسلم لیگ (ن) کی طرف سے استعفوں کا شوشہ چھوڑ دیا گیا۔ مولانا تو اس حد تک چلے گئے کہ انہوں نے تو لانگ مارچ کی کامیابی کو استعفوں سے مشروط کر دیا۔

آصف زرداری جو پہلے ہی میاں نواز شریف پر کامل اعتماد نہیں کرتے، اس میں مسلم لیگ (ن) کی سیاست گری کی بو آئی۔ غالباً میاں صاحب وفاق اور پنجاب میں پیپلز پارٹی کی عدم اعتماد کی تحریک لانے کی اس لیے حمایت نہیں کرتے کہ طاقتور حلقے انہیں کسی صورت اقتدار میں نہیں آنے دیں گے لہٰذا وہ سمجھتے ہیں کہ یہ حکمت عملی اختیار کرنا بلاواسطہ طور پر پیپلز پارٹی کے اقتدار کی راہ ہموار کرنے کے مترادف ہوگا۔

اگرچہ مسلم لیگ (ن) کے پیپلز پارٹی کے بارے میں تحفظات باہمی مذاکرات سے حل ہوسکتے ہیں لیکن فریقین ایک دوسرے کے ماضی کے تجربوں سے اتنے متنفر ہیں کہ کھلم کھلا مخالفانہ بیان بازی سے پی ڈی ایم کو خاصا نقصان پہنچا چکے ہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کی جانب سے یوسف رضا گیلانی کی چیئرمین شپ کے انتخاب کو کالعدم قرار دینے کی استدعا کو مسترد کرنا اپوزیشن کے لئے ایک دھچکا ہے۔ چیف جسٹس اطہر من اللہ نے واضح طور پر کہہ دیا ہے کہ ہم پارلیمنٹ کے معاملات میں مداخلت نہیں کرسکتے، پیپلز پارٹی کہتی ہے کہ اسے اکثریت حاصل ہے تو وہ عدم اعتماد کر کے اپنا چیئرمین منتخب کرالے۔

اپوزیشن کی صفوں میں عدم اتفاق حکومتی ترجمانوں کے لیے تو کسی حد تک اطمینان کا باعث ہوگا تاہم پی ٹی آئی کے لیے بھی سیاسی طور پر صورتحال اچھی نظر نہیں آتی۔ آئی ایم ایف سے پچاس کروڑ ڈالر کی دوسری قسط کی منظوری حکومت کے لیے خوش آئند ہوگی، تاہم اس کے لیے جو بھاری قیمت ادا کرنا پڑے گی وہ ایک الگ قصہ ہے۔ اس حوالے سے اپوزیشن نے کھلم کھلا آئی ایم ایف کی فرمائش پر سٹیٹ بینک آف پاکستان کو آزاد و خودمختار بنانے کے قانون کی پارلیمنٹ میں بھرپور مخالفت کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔

اس کے علاوہ بجلی، گیس کی قیمتوں میں اضافہ اور روزمرہ استعمال کی اشیاء کے نرخ مسلسل بڑھنا کوئی نیک شگون نہیں ہے اور اب سپریم کورٹ کی طرف سے پنجاب میں بلدیاتی نظام کی بحالی بھی حکومت کے لیے مزید پیچیدگیاں پیدا کرے گی۔ دوسری طرف نیب نے مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز کی لاہور میں گزشتہ روز کی پیشی ملتوی کر دی۔ نیب کی جانب سے جاری اعلامیہ میں کہا گیا کہ چونکہ ملک میں کورونا کی وبا پھیل رہی ہے اور مریم نواز کارکنوں کے ہمراہ آنا چاہتی تھیں لہٰذا یہ پیشی ملتوی کی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ مریم نواز نے اس حاضری سے قبل لاہور ہائیکورٹ سے ضمانت قبل از گرفتاری کرالی تھی۔ بعض ناقدین اور اپوزیشن کا کہنا ہے کہ نیب نے مریم نواز کی گرفتاری کے لئے یہ ڈرامہ رچایا، جب نیب کا مقصد ہی پورا نہیں ہونا تھا اس نے پیشی ملتوی ہی کرنی تھی۔ بعد ازاں مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے لاہور میں میڈیا سے گفتگو میں کہا ''نیب ایک پولیٹیکل انجینئرنگ کا ادارہ ہے، جو عمران خان کے کہنے پر چلتا ہے اور اسے جب مدد درکار ہوتی ہے وہ آ جاتا ہے، نیب کے پیچھے اصل چہرہ عمران خان اور اس کی جعلی حکومت کا ہے۔

ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اگر یہ پیشی کورونا کی وجہ سے ملتوی کی گئی ہے تو پھر آج ''سلیکٹڈ'' کورونا میں مبتلا ہونے پر ایک اجلاس کر رہا تھا تو سب سے پہلے وہاں کریک ڈاؤن ہونا چاہیے''۔ مریم نواز کی تنقید اپنی جگہ لیکن وزیر اعظم سمیت تمام افراد جو کورونا جیسی موذی مرض میں مبتلا ہیں اللہ تعالیٰ انہیں جلد صحت یابی عطا فرمائے۔

### بقیہ 1

امریکی صدر جو بائیڈن نے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ آیا وہ 3500 امریکی فوجیوں کی واپسی کے لیے یکم مئی کی ڈیڈ لائن کو پورا کریں گے یا نہیں۔ سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے فروری 2020 میں طالبان کے ساتھ طے پانے والے معاہدے میں اس بات کا اعلان کیا تھا۔

### بقیہ 2

زیادہ متاثرہ علاقوں اور کورونا بحران کا گڑھ سمجھے جانے والے ریڈ زون سے سفر کر کے جرمنی آنے والے مسافروں کو کووڈ انیس منفی ٹیسٹ رپورٹ پیش کرنا پڑتی تھی۔ تاہم اب ہر شخص جو بذریعہ ہوائی جہاز جرمنی پہنچے گا اسے کورونا ٹیسٹ کی منفی رپورٹ پیش کرنا ہوگی۔

### بقیہ 3

کے عالمی تاثر کو نقصان بھی پہنچے گا۔ معاہدے کی خلاف ورزی پر مجاہدین اپنے مذہب اور وطن کے دفاع پر مجبور ہوں گے۔ افغان طالبان کے مطابق معاہدے کی خلاف ورزی پر مجاہدین اپنا جہاد جاری رکھیں گے۔ اور مجاہدین معاہدے کی خلاف ورزی پر غیر ملکی فورسز کے خلاف مسلح جدوجہد جاری رکھیں گے۔

### بقیہ 4

بحران کو طول دینے کے لیے واضح اشتعال انگیزی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ امریکی وزارت خارجہ نے سعودی عرب کے جنوبی علاقے میں تیل کی ایک تنصیب پر حوثی ملیشیا کے حملوں کی شدید مذمت کی۔ خیال رہے کہ یہ حملے ایک ایسے وقت میں ہوئے ہیں جب حال ہی میں سعودی عرب میں یمن میں یک طرفہ طور پر امن اقدام کا اعلان کرتے ہوئے یمن کے بحران کو سیاسی طریقے سے حل کرنے کا اعلان کیا تھا۔ امریکی محکمہ خارجہ نے ایک بیان میں مزید کہا کہ حالیہ حوثی حملہ عالمی توانائی کی فراہمی اور شہریوں کی سلامتی کو نشانہ بنانے کی دانستہ کوشش ہے۔ وزارت انصاف کا کہنا تھا کہ حوثیوں کے حملوں سے جنگ بندی کی کوششوں کو خطرہ لاحق ہے اور یمن میں پائیدار امن کے قیام کی کوششوں کو تباہ کرنا ہے۔

### بقیہ 5

ایور گرین 400 میٹر لمبا اور 60 میٹر چوڑا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سمندری راستے کے دونوں اطراف اب تک دو سو کے قریب سمندری جہازوں کی قطار لگ گئی ہے۔ تیز لہروں اور سمندری ہواؤں کے سبب تائیوان سے ڈنمارک جانے والا کنٹینر اپنا توازن کھو بیٹھا تھا اور سمندر میں پھنس کر رہ گیا تھا۔ جہاز کی مالک کمپنی ایور گرین مرین کارپس کے مطابق ایور گرین بحری جہاز چین سے نیدر لینڈز کے شہر روٹرڈیم جا رہا تھا، نہر سویز کو پار کرتے ہوئے ہوا کے تیز دباؤ کی وجہ سے اس کی سمت بدل گئی اور اس نے نہر کو بلاک کر دیا۔ سمندر میں کنٹینر کے پھنسنے کے سبب مصری حکام اور شپنگ کمپنیز کی انتظامیہ افریقہ کے راستے جہاز گزارنے پر غور کر رہے ہیں لیکن سکیورٹی تحفظات کے سبب اس حوالے سے فیصلہ نہیں کیا جاسکا ہے۔

### بقیہ 6

ڈھاکا پہنچے۔ چٹاگونگ میں نریندر مودی کے دورے کے خلاف حفاظتِ اسلام بنگلہ دیش گروپ نے مظاہرہ کیا۔ چٹاگانگ میں ایک اور پولیس عہدیدار محمد علاالدین نے کہا کہ فائرنگ سے زخمی ہونے والے 8 افراد کو ہسپتال منتقل کیا گیا، جن میں سے 4 زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔ عینی شاہدین نے کہا کہ ڈھاکا میں بھی احتجاج کیا گیا جہاں پولیس سے جھڑپوں میں دو صحافیوں سمیت درجنوں افراد زخمی ہوئے۔ پولیس کا کہنا تھا کہ مظاہرین قابو سے باہر ہوگئے اور دارالحکومت ڈھاکا میں مارچ کے دوران افسران پر پتھراؤ کیا گیا جس کے نتیجے میں 4 افراد زخمی ہوئے۔ پولیس افسر سید نور الاسلام کا کہنا تھا کہ ہم نے ربر کی گولیاں اور آنسو گیس کا استعمال مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے کیا، 200 مظاہرین تھے جن میں سے 33 افراد کو کشیدگی پھیلانے پر گرفتار کرلیا ہے۔ مظاہرین کے ترجمان کا کہنا تھا کہ احتجاج میں 2 ہزار طلبہ بھی شامل ہوگئے تھے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ مودی اور ان کی ہندو قوم پرست جماعت بھارت میں مسلمانوں پر ظلم کر رہی ہے اور اسی طرح سرحد پر بھارتی فورسز کی جانب سے بنگلہ دیش کے شہریوں کو بھی مارا جاتا ہے، جس کے بارے میں بھارت کا مؤقف ہے کہ سرحد میں اسمگلنگ میں ملوث افراد کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔

### بقیہ 7

اعلامیے کی مخالفت کی جس میں شمالی کوریا، میانمار، شام، وسطی افریقی جمہوریہ اور جنوبی سوڈان شامل ہیں۔ عالمی ادارہ صحت نے امیر ممالک سے مطالبہ کیا کہ وہ جلد سے جلد غریب ملکوں کو کووڈ انیس ویکسین کی خوراک کے عطیے کو یقینی بنائیں۔ ڈبلیو ایچ او کے مطابق ابھی تک چھتیس ملکوں کو اس ویکسین کی ایک بھی خوراک نہیں ملی ہے۔

### بقیہ 8

ہے۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق ایک بیان میں فوزی برہوم نے کہا کہ حماس کے عظیم رہنما عمر البرغوثی کے جنازے میں جتنے لوگوں نے شرکت کی ہے اس نے حماس کے نقطہ نظر پر تنقید کرنے والوں کے منہ بند کر دیے۔ اس جنازے نے یہ ثابت کر دیا کہ فلسطینی قوم مزاحمت اور مسلح جدوجہد کے راستے پر چلنے والوں کے ساتھ ہے۔ خیال رہے کہ حماس کے دو سرکردہ رہنما عمر البرغوثی اور عدنان حتانہ کرونا کے باعث انتقال کر گئے تھے۔ 68 سالہ الشیخ عمر البرغوثی تین ہفتے قبل کرونا کا شکار ہوگئے تھے جس کے بعد انہیں اسپتال منتقل کر دیا گیا تھا۔ وہ کل جمعہ کی صبح انتقال کر گئے تھے۔ نماز جمعہ کے بعد انہیں رام اللہ میں ان کے آبائی علاقے میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ ان کی نماز جنازہ میں ہزاروں افراد نے شرکت کی ہے۔

### بقیہ 9

نکولس کا پیج بے بنیاد اور بنا کسی سائنسی شواہد کے کورونا کے علاج کے لیے شیئر کی جانے والی اطلاعات کی وجہ سے منجمد کیا گیا۔ فیس بک ترجمان نے بتایا کہ صدر نکولس نے ایک قدیم دوا کو کورونا وائرس کے علاج کے لیے بہتر قرار دیا تھا اور دعویٰ کیا تھا کہ یہ ایک کرشماتی دوا ہے جس کا کوئی منفی اثر نہیں اور اسے لینے سے کورونا وائرس سے صحتیابی ہوسکتی ہے تاہم ماہرین نے صدر کے دعوے کو یکسر مسترد کیا تھا۔ فیس بک نے وینزویلا کے صدر کی اس حوالے سے شیئر کی گئی ویڈیو کو فیس بک کی کورونا کے حوالے سے نافذ پالیسی کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے ڈیلیٹ کر دیا جس میں صدر نکولس نے کورونا سے محفوظ رہنے یا صحتیاب ہونے سے متعلق گارنٹی دی تھی۔ فیس بک ترجمان نے کہا کہ ہم کورونا وائرس کے حوالے سے عالمی ادارہ صحت کی گائیڈ لائنز کی پیروی کرتے ہیں کہ فی الحال ایسی کوئی دوا موجود نہیں جو کورونا وائرس سے صحتیابی فراہم کرسکے لہٰذا مسلسل فیس بک قوانین کی خلاف ورزی پر صدر نکولس کا پیج 30 روز کے لیے منجمد کیا گیا ہے اور اس دوران ان کے پیج کو صرف پڑھا جاسکتا ہے۔ فیس بک ترجمان کے مطابق صدر نکولس کو پالیسی کی خلاف ورزی اور پیج بلاک کیے جانے سے متعلق ایک نوٹیفکیشن بھی بھیجا گیا ہے تاہم اس وجہ سے ان کے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ دوسری جانب وینزویلا حکومت کے ترجمان کی جانب سے اس پر اب تک کوئی بیان جاری نہیں کیا گیا ہے۔

### بقیہ 10

مطابق شام تین بجکر 33 منٹ پر اٹلانٹا کیلئے ٹیک آف کیا۔ اڑان بھرنے کے فوری بعد ہی جہاز میں فنی خرابی پیدا ہوگئی، کنٹرول ٹاور سے رابطہ کرنے پر پائلٹ کو بہتر وایئر پورٹ پر اترنے کی اجازت نہیں دی گئی بلکہ پائلٹ کو لگ بھگ 33 منٹ تک لندن کے علاقے ملٹن کینس کے اوپر ہی چکر کاٹنا پڑے، ہنگامی صورت حال میں یہ پرواز لگ بھگ نو ہزار فٹ کی بلندی پر تھی۔ بعد ازاں اس پرواز کا رخ لندن کے جنوب میں سمندر کی طرف کر دیا گیا، ایوی ایشن ذرائع کے مطابق لندن شہر کے ساتھ ہی سمندر پر مزید 40 منٹ تک پرواز کرتے ہوئے اس پرواز نے 9 ہزار فٹ کی بلندی پر لگ بھگ 8 چکر لگائے۔ ایوی ایشن ماہرین کے مطابق پائلٹ نے اس دوران جہاز کا اضافی فیول گرایا۔ کنٹرول ٹاور کی ہدایت ملنے پر پائلٹ نے جہاز کا رخ جرمنی کی طرف موڑ دیا اور یوں یہ طیارہ ٹیک آف کے تین گھنٹے 4 منٹ بعد جرمنی کے فرینکفرٹ ایئرپورٹ پر اترنے میں کامیاب ہوگیا۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق جی بی ایل سی اے رجسٹریشن کا یہ بوئنگ 747 جہاز 17 سال پرانا ہے جس نے مارچ 2004 میں پہلی اڑان بھری تھی، اس کارگو فلائٹ میں پیدا ہونے والی ٹیکنیکل خرابی کے بارے میں معلومات سامنے نہیں آسکیں جو آخری اطلاعات ملنے تک جرمنی کے فرینکفرٹ ایئرپورٹ پر کھڑی تھی۔

### بقیہ 11

تیاریاں مکمل کی گئیں۔ مشقیں یونان کے سودا ایئر بیس پر کی گئی جن میں یونان اور سعودی عرب کی ہونے والی افواج نے حصہ لیا۔ ان مشقوں کو آئی فالکن 1 کے نام سے شروع کیا گیا تھا۔ ان مشقوں میں یونان کے ایف 16 میراج 2000 اور فینٹم پی 4 فورس طیارے اپنے کرتب دکھائے۔ ان مشقوں کا مقصد متعدد تربیتی سرگرمیوں کا نفاذ، جارحانہ اور دفاعی نوعیت آپریشنز کی تربیت بھی ان مشقوں کا حصہ ہے۔ قبل ازیں اس موقعے پر سعودی عرب کے آرمی چیف نے اپنے یونانی ہم منصب سے ملاقات میں کہا تھا کہ خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز، ولی عہد شہزادہ محمد بن عبدالعزیز اور نائب وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان بن عبدالعزیز عالمی سطح پر دفاعی اور فوجی تعلقات اور تعاون کو وسعت دینے کے خواہاں ہیں۔ سعودی عرب میں چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل فیاض الرویلی دوست ملک جمہوریہ یونان کے دورے کے دوران اپنے یونانی ہم منصب لیفٹیننٹ جنرل کانسٹینٹس فلوروس سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران انہوں نے دفاعی تعاون کو فروغ دینے اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں دوست ممالک کے مابین کاروباری تعلقات خصوصاً دفاعی اور عسکری امور میں شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ سعودی عرب اور یونان کی عسکری قیادت نے دفاعی اور فوجی شعبے میں ایک دوسرے کے تجربات سے استفادے کے عزم کا اعادہ کیا۔

### بقیہ 12

مطابق حادثے کے نتیجے میں کم سے کم 32 افراد ہلاک اور 100 سے زائد زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق حادثہ مصر کے دارالحکومت قاہرہ کے قریب پیش آیا جہاں مسافروں نے ایک ٹرین کو ایمر جنسی بریک لگا کر روکا تھا لیکن اسی دوران پیچھے سے آئی ریل گاڑی کھڑی ٹرین سے ٹکرا گئی۔

### بقیہ 13

کے باعث 180 سے زائد افراد 3 دن سے ہوٹل میں محصور ہیں، محصور افراد میں غیر ملکی ورکرز بھی شامل ہیں۔ خیال رہے کہ پالما میں فرانسیسی تیل کمپنی سمیت 6 دیگر انٹرنیشنل فرمز موجود ہیں۔ عینی شاہدین کے مطابق حملہ آوروں نے اندھا دھند فائرنگ کی جس کے باعث متعدد افراد ہلاک ہوئے، کئی لاشیں سڑکوں پر پڑی ہیں جس میں سے زیادہ تر کے سر تن سے جدا ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کا بتانا ہے کہ ہوٹل میں محصور افراد کو ہیلی کاپٹرز کے ذریعے نکالنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ رپورٹس کے مطابق داعش کے حملے کے بعد کئی شہریوں نے قریبی جنگل میں پناہ لے رکھی ہے جبکہ حکام کا کہنا ہے کہ حملے میں ہلاک اور زخمی ہونے والوں کی تعداد کے بارے میں ابھی کچھ معلوم نہیں ہے، داعش سے مقابلے کے لیے فوج کو بھیج رہے ہیں۔

### بقیہ 14

غرب اردن سے آنے والے نمازیوں کی بسیں روک دیں۔ مقامی ذرائع کے مطابق پرانے بیت المقدس اور مسجد اقصیٰ کے اطراف میں درجنوں پولیس اہلکار اور فوجی تعینات کیے گئے۔ پولیس کی گشتی پارٹیوں کی بڑی تعداد فلسطینی نمازیوں کو روکنے کی کوشش کرتے رہے۔ نماز جمعہ کی ادائی کے بعد باب الاسباط اور دوسرے دروازوں سے باہر نکلنے والے نمازیوں کو روک دیا۔ جمعہ کو علی الصباح صہیونی فوج اور پولیس نے مسجد اقصیٰ کے اطراف کو گھیرے میں لے لیا تھا۔

### بقیہ 15

میں بیت دجن کے مقام پر نکالی گئی ایک احتجاجی ریلی پر اسرائیلی فوج نے فائرنگ کی جس کے نتیجے میں کم سے کم 3 شہری زخمی ہوگئے۔ قابض فوج نے مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے ان پر آنسو گیس کی شیلنگ کی اور دھاتی گولیوں سے حملہ کیا۔ اشک آور گیس کی شیلنگ سے کئی فلسطینی دم گھٹنے سے متاثر ہوئے اور بعض بے ہوش ہوگئے۔ ایک فلسطینی شہری کے سر میں گولی لگی جسے شدید زخمی حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا ہے جب کہ دو فلسطینیوں کی ٹانگوں میں گولیاں ماری گئیں۔ اسرائیلی فوج کی ریاستی دہشت گردی کے خلاف نکالی گئی ریلی بیت دجن میں مسجد الکبیر سے شہید عاطف حنایشہ کی رہائش گاہ تک نکالی گئی۔ قابض فوج نے مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے ان پر طاقت کا وحشیانہ استعمال کیا۔

### بقیہ 16

بنگلہ دیش کے جشن آزادی کی گولڈن جوبلی تقریبات میں شرکت کیلئے گزشتہ روز دو روزہ دورے پر ڈھاکہ پہنچے۔ پولیس نے مظاہرین پر فائرنگ کی اور آنسو گیس کے گولے داغے جس کے نتیجے میں کم از کم چار افراد ہلاک جبکہ درجنوں زخمی ہوگئے۔ یہ ہلاکتیں چٹاگانگ میں ہوئیں جہاں ایک معروف اسلامی سکول کے طلباء اور اسلامی گروپ کے ارکان کی پولیس کے ساتھ شدید جھڑپیں ہوئیں۔ مظاہرین نے مقبوضہ جموں و کشمیر کے علاوہ گجرات، دہلی اور بھارت کے دیگر حصوں میں مسلمانوں کے قتل پر مودی کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے بھارت اور مودی مخالف نعرے لگائے۔ مظاہرین نے پوسٹر اٹھا رکھے تھے جن پر ''گو بیک مودی اور گو بیک قاتل مودی'' کے نعرے رقم تھے۔ دریں اثنا سیاسی تجزیہ کاروں اور ماہرین نے سری نگر میں اپنے انٹرویوز میں کہا ہے کہ بی جے پی کے رہنما امت شاہ کی طرف سے بنگلہ دیشیوں کو ''دیمک'' قرار دینے کا طنزیہ تبصرہ مسلمانوں کے تئیں بھارتی حکومت کی دشمنی کا واضح اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک اٹل حقیقت ہے کہ بھارت نے 1971 میں پاکستان توڑنے میں اپنا مذموم کردار ادا کیا تھا۔ انہوں نے اس بات کی نشاندہی بھی کی کہ نریندر مودی نے بھی اعتراف کیا ہے کہ مکتی باہنیوں کو بھارت نے اکسایا تھا، تربیت دی تھی اور ہتھیار فراہم کیے تھے اور بھارت کا یہ کردار بنگلہ دیش کی تشکیل میں سب سے بڑا عنصر تھا۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کے داخلی امور میں بھارت کی مداخلت 1971 میں اس کی تشکیل کے وقت سے ہی شروع ہو گئی تھی۔ تجزیہ کاروں اور ماہرین نے مزید کہا کہ بھارت نے مودی کی سربراہی میں بنگلہ دیش اور دیگر ہمسایہ ملکوں کے اندرونی معاملات میں مداخلت کو تیز کیا ہے اور وہ ایک آزاد خارجہ پالیسی بنانے میں

# امروز شوبز

## راک نے انسٹاگرام پر ماضی کی ریسلنگ کی تصویر شیئر کردی

### تصویر زیادہ خوبصورت نہیں کین شیمروک سے فائٹ کے دوران منہ سے خون نکل آیا

**خیال تھا شیمروک ہمدردی کرے گا مگر اس کے چہرے کے تاثرات کچھ اور تھے، ہالی ووڈ اسٹار/ریسلر**



لاس اینجلس (این این آئی) ہالی ووڈ کے سپرسٹار اور مشہور ریسلر ڈوین جانسن نے انسٹاگرام پر ماضی کی ریسلنگ کرتے ہوئے تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ یہ تصویر زیادہ خوبصورت اور اچھی نہیں جب اندرونی چوٹ کی وجہ سے میرے منہ سے خون نکل رہا تھا۔ ڈوین جانسن نے لکھا کہ میرے اور کین شیمروک کے کئی اچھے میچز ہوئے، اس رات ایک سخت داؤ کی وجہ سے میرے پھیپھڑوں کی نالیوں کو نقصان پہنچا جس کی وجہ سے منہ سے خون باہر آگیا جس کے بعد میں نے یقینی بنایا کہ میں سانس لیتا رہوں اور فائٹ بھی جاری رکھوں۔ ڈوین جانسن نے بتایا کہ اس وقت میرا خیال تھا کہ خون دیکھ کر کین شیمروک مجھ سے ہمدردی کرے گا پر اس کے چہرے کے تاثرات کچھ اور ہی کہہ رہے تھے۔ ڈوین جانسن نے مزید لکھا کہ وہ دن اچھے تھے اور انہی نے مجھے مضبوط بنایا۔ ڈوین جانسن کی اس پوسٹ کو 1.5 ملین سے زائد لوگوں نے پسند کیا اور انہیں متعدد کمنٹس بھی لکھے۔ ہالی ووڈ کے سپرسٹار اور مشہور ریسلر ڈوین جانسن نے انسٹاگرام پر ماضی کی ریسلنگ کرتے ہوئے تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ یہ تصویر زیادہ خوبصورت اور اچھی نہیں جب اندرونی چوٹ کی وجہ سے میرے منہ سے خون نکل رہا تھا۔ ڈوین جانسن نے لکھا کہ میرے اور کین شیمروک کے کئی اچھے میچز ہوئے، اس رات ایک سخت داؤ کی وجہ سے میرے پھیپھڑوں کی نالیوں کو نقصان پہنچا جس کی وجہ سے منہ سے خون باہر آگیا جس کے بعد میں نے یقینی بنایا کہ میں سانس لیتا رہوں اور فائٹ بھی جاری رکھوں۔

## گوری خان نے شاہ رخ کے دفتر کو نیا لک دے دیا

**شاہ رخ کافی وقت سے آفس کے اس حصے کی حالت تبدیل کرنا چاہ رہے تھے**

ممبئی (این این آئی) گوری خان نے اپنے شوہر شاہ رخ خان کی درخواست پر ان کے آفس کو نیا لک دے دیا۔ گوری خان مشہور انٹیریئر ڈیزائنر بھی ہیں۔ انہوں نے ممبئی میں شاہ رخ خان کے آفس (پروڈکشن ہاؤس) کے انٹرنس اور لاؤنج ایریا کو دوبارہ ڈیزائن کر کے نیا اور خوبصورت لک دے دیا۔ اس کام کیلئے انہیں 8 ماہ کا وقت لگا۔ شاہ رخ خان کی اہلیہ نے بتایا کہ شاہ رخ کافی وقت سے آفس کے اس حصے کی حالت تبدیل کرنا چاہ رہے تھے۔ شاہ رخ اس حصے میں کرسیوں اور ٹیبلز کے علاوہ کچھ نیا اور تخلیقی کام کرانا چاہتے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ آفس میں روزانہ سینکڑوں لوگ آتے اور جاتے ہیں جس کی وجہ سے کام کرنا مشکل تھا تاہم کورونا کی وجہ سے گزشتہ سال بریک اور ٹائم ملا جس کی وجہ سے شاہ رخ کی درخواست مکمل کردی۔

## ہانیہ عامر نے کسی کے تکلیف پہنچانے پر اپنے جذبات کی تصویر شیئر کردی

کراچی (این این آئی) پاکستان کی نوجوان اور معروف اداکارہ ہانیہ عامر نے بتا دیا کہ جب کوئی شخص ان کو تکلیف پہنچاتا ہے تو ان کے جذبات کیسے ہوتے ہیں۔ ہانیہ عامر نے انسٹاگرام پر اپنی تصاویر شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ میرے جذبات اس طرح ہوتے ہیں جب آپ مجھے تکلیف پہنچاتے ہیں۔ ہانیہ عامر کی پوسٹ کو کچھ ہی دیر میں ایک لاکھ تیس ہزار سے زائد لوگوں نے پسند کیا ساتھ ہی ان کے اکاؤنٹ پر متعدد کمنٹس بھی لکھے گئے۔ پاکستان کی نوجوان اور معروف اداکارہ ہانیہ عامر نے بتا دیا کہ جب کوئی شخص ان کو تکلیف پہنچاتا ہے تو ان کے جذبات کیسے ہوتے ہیں۔ ہانیہ عامر نے انسٹاگرام پر اپنی تصاویر شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ میرے جذبات اس طرح ہوتے ہیں جب آپ مجھے تکلیف پہنچاتے ہیں۔ ہانیہ عامر کی پوسٹ کو کچھ ہی دیر میں ایک لاکھ تیس ہزار سے زائد لوگوں نے پسند کیا ساتھ ہی ان کے اکاؤنٹ پر متعدد کمنٹس بھی لکھے گئے۔

## احساس ہوگیا ہے میں باغی نہیں رومانٹک ہوں، ماہرہ خان

**مجھے احساس ہوگیا ہے مجھے آپ سے محبت ہوگئی ہے، مداح/ محبت ہونا اچھا ہے**

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف اداکارہ ماہرہ خان نے انسٹاگرام پر اپنے مداح کو پیار سے متعلق پیار بھرا جواب دیا ہے۔ گزشتہ روز ماہرہ خان نے اپنی دلکش تصویر انسٹاگرام پر شیئر کرتے ہوئے کیپشن لکھا تھا کہ مجھے احساس ہوگیا ہے کہ میں باغی نہیں ہوں بلکہ صرف رومانٹک ہوں۔ ماہرہ خان کی اس پوسٹ پر 2 ہزار 300 سے زائد کمنٹس لکھے گئے پر اداکارہ نے ایک خاص مداح کو جواب دینا پسند کیا۔ ماہرہ خان کی پوسٹ پر ایک شخص نے لکھا کہ مجھے احساس ہوگیا ہے کہ مجھے آپ سے محبت ہوگئی ہے۔ جس پر اداکارہ نے جواب دیا کہ 'محبت ہونا اچھا ہے۔ ہے نا؟'۔ ماہرہ خان کے اس جواب کو 325 لوگوں نے پسند کیا جبکہ مجموعی طور پر ان کی تصویر کو 3 لاکھ 32 ہزار سے زائد صارفین نے پسند کیا۔ پاکستان کی معروف اداکارہ ماہرہ خان نے انسٹاگرام پر اپنے مداح کو پیار سے متعلق پیار بھرا جواب دیا ہے۔ گزشتہ روز ماہرہ خان نے اپنی دلکش تصویر انسٹاگرام پر شیئر کرتے ہوئے کیپشن لکھا تھا کہ مجھے احساس ہوگیا ہے کہ میں باغی نہیں ہوں بلکہ صرف رومانٹک ہوں۔ ماہرہ خان کی اس پوسٹ پر 2 ہزار 300 سے زائد کمنٹس لکھے گئے پر اداکارہ نے ایک خاص مداح کو جواب دینا پسند کیا۔

## وزن کے حوالے سے تنقید پر پریشان نہیں ہوتی، پرینیتی چوپڑا

**جسمانی نقائص کا مذاق اڑانا کرہ ارض پر ایک بہت ہی مضحکہ خیز چیز ہے، بالی ووڈ اداکارہ**

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ پرینیتی چوپڑا نے کہا ہے کہ وزن کے حوالے سے تنقید سے وہ پریشان نہیں ہوتی، تاہم میں تنقید کرنے والوں سے متفق ہوں۔ ایک انٹرویو میں پرینیتی چوپڑا نے کہا کہ جسمانی نقائص کا مذاق اڑانا کرہ ارض پر ایک بہت ہی مضحکہ خیز چیز ہے، انہوں نے کہا کہ قدرتی چیزوں پر تنقید کرنا ایسے ہی ہے جیسے کہ کسی کی آنکھ کا رنگ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنی باڈی فٹنس کیلئے بہترین کوششیں نہیں کی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اس صورت میں افسوس ہوتا کہ اگر میں سب کچھ کر کے بھی فٹنس حاصل نہ کرپاتی، لیکن میں ان لوگوں سے اس لئے اتفاق کرتی ہوں کیونکہ میں نے تو فٹنس کے لیے کچھ کیا ہی نہیں تھا۔ یاد رہے کہ 2015 میں ڈرامائی انداز میں اپنا وزن کم کرنے سے پہلے ان پر بالخصوص ان کی کیریئر کے ابتداء میں زیادہ وزن کی وجہ سے تنقید ہوتی رہی ہے۔ بالی ووڈ اداکارہ پرینیتی چوپڑا نے کہا ہے کہ وزن کے حوالے سے تنقید سے وہ پریشان نہیں ہوتی، تاہم میں تنقید کرنے والوں سے متفق ہوں۔ ایک انٹرویو میں پرینیتی چوپڑا نے کہا کہ جسمانی نقائص کا مذاق اڑانا کرہ ارض پر ایک بہت ہی مضحکہ خیز چیز ہے، انہوں نے کہا کہ قدرتی چیزوں پر تنقید کرنا ایسے ہی ہے جیسے کہ کسی کی آنکھ کا رنگ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنی باڈی فٹنس کیلئے بہترین کوششیں نہیں کی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اس صورت میں افسوس ہوتا کہ اگر میں سب کچھ کر کے بھی فٹنس حاصل نہ کرپاتی، لیکن میں ان لوگوں سے اس لئے اتفاق کرتی ہوں۔

## امریکی اداکارہ جیسیکا والٹر 80 سال کی عمر میں انتقال کرگئیں

لاس اینجلس (این این آئی) متعدد فلموں اور ٹی وی ڈراموں میں کام کرنے والی امریکی اداکارہ جیسیکا والٹر 80 سال کی عمر میں انتقال کرگئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکارہ کا انتقال ان کے گھر پر 24 مارچ کو ہوا۔ موت کی وجہ کے حوالے سے فی الحال کوئی بات سامنے نہیں آئی ہے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق جیسیکا والٹر کی بیٹی نے اپنی والدہ کے انتقال کی تصدیق کردی ہے۔ جیسیکا والٹر کی مشہور فلموں میں 'گرینڈ پرکس'، 'گولڈن گرل'، 'گھوسٹ ان دی مشین' اور دیگر شامل ہیں۔ انہیں متعدد ایوارڈز کے لئے نامزد بھی کیا گیا تھا۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق جیسیکا والٹر کی بیٹی نے اپنی والدہ کے انتقال کی تصدیق کردی ہے۔ جیسیکا والٹر کی مشہور فلموں میں 'گرینڈ پرکس'، 'گولڈن گرل'، 'گھوسٹ ان دی مشین' اور دیگر شامل ہیں۔

## امبر ہرڈ نے انسٹاگرام پر کمنٹ آپشن بند کردیا

نیو یارک (این این آئی) برطانوی عدالت کی جانب سے جونی ڈیپ کو اپیل کا حق نہ دینے سے متعلق اپنا بیان جاری کرنے کے بعد امریکی اداکارہ امبر ہرڈ نے انسٹاگرام پر کمنٹس کا آپشن بند کردیا۔ رپورٹس کے مطابق جونی ڈیپ اور امبر ہرڈ کے درمیان قانونی جنگ کو لے کر اداکار کے مداحوں کو سوشل میڈیا پر بدتمیزی والے ٹرینڈز چلانے کے طور پر جانا جاتا ہے۔ اسی وجہ سے امبر ہرڈ نے کمنٹس کا آپشن بند کیا۔ برطانیہ کی ایک عدالت نے جمعرات کو جونی ڈیپ کو اس فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کا حق دینے سے انکار کردیا تھا کہ وہ بیوی پر تشدد کرنے والے ہیں۔ گزشتہ سال ہالی ووڈ اداکار جونی ڈیپ پر سابق اہلیہ امبر ہرڈ کو تشدد کا نشانہ بنانے کا الزام ثابت ہوگیا تھا۔ گزشتہ سال ہالی ووڈ اداکار جونی ڈیپ پر سابق اہلیہ امبر ہرڈ کو تشدد کا نشانہ بنانے کا الزام ثابت ہوگیا تھا

## فوک گلوکار شوکت علی کی حالت

لاہور (این این آئی) پاکستان کے معروف فوک گلوکار شوکت علی کی حالت تشویشناک ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق گلوکار شوکت علی جگر کے عارضے کے باعث 12 روز سے سی ایم ایچ لاہور میں زیرعلاج ہیں۔ شوکت علی کے بیٹے عمران شوکت نے ایک بیان میں مداحوں سے صحت یابی کیلئے دعا کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹروں کے مطابق ان کے والد کی حالت تشویشناک ہے۔ عمران شوکت کا کہنا تھا کہ ان کے والد 12 روز سے سی ایم ایچ کی آئی سی یو میں زیرعلاج ہیں۔ پاکستان کے معروف فوک گلوکار شوکت علی کی حالت تشویشناک ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق گلوکار شوکت علی جگر کے عارضے کے باعث 12 روز سے سی ایم ایچ لاہور میں زیرعلاج ہیں۔

## تاپسی پنو نے نامعلوم معمر خاتون کو پلیٹ لیٹس کا عطیہ دیا

**نہیں جانتی تھی وہ انسانیت کیلئے بھی اتنا اچھا جذبہ رکھتی ہیں**



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ تاپسی پنو نے نامعلوم معمر خاتون کو پلیٹ لیٹس کا عطیہ دیا، جس پر اداکارہ تلوتما شومے نے ان کے اس اقدام کو سراہا اور کہا کہ میں آپ کے اس اقدام سے بہت متاثر ہوئی ہوں۔ اداکارہ تلوتما شومے نے ٹوئٹر پیغام میں لکھا کہ انھوں نے تاپسی کے ساتھ نہ تو کبھی کام کیا اور نہ ہی ان سے زیادہ شناسائی ہے۔ تاہم میں جانتی ہوں کہ تاپسی کتنی محنتی ہے لیکن مجھے یہ معلوم نہ تھا کہ وہ انسانیت کیلئے بھی اتنا اچھا جذبہ رکھتی ہیں۔ کسی کو اپنے پلیٹ لیٹس کا عطیہ کرنا دراصل بہت اہم اقدام ہے، تاپسی آپ سونے کی مانند ہیں، میری نیک خواہشات آپ کیلئے ہیں۔ بالی ووڈ اداکارہ تاپسی پنو نے نامعلوم معمر خاتون کو پلیٹ لیٹس کا عطیہ دیا، جس پر اداکارہ تلوتما شومے نے ان کے اس اقدام کو سراہا اور کہا کہ میں آپ کے اس اقدام سے بہت متاثر ہوئی ہوں۔ اداکارہ تلوتما شومے نے ٹوئٹر پیغام میں لکھا کہ انھوں نے تاپسی کے ساتھ نہ تو کبھی کام کیا اور نہ ہی ان سے زیادہ شناسائی ہے۔ تاہم میں جانتی ہوں کہ تاپسی کتنی محنتی ہے لیکن مجھے یہ معلوم نہ تھا کہ وہ انسانیت کیلئے بھی اتنا اچھا جذبہ رکھتی ہیں۔ کسی کو اپنے پلیٹ لیٹس کا عطیہ کرنا دراصل بہت اہم اقدام ہے، تاپسی آپ سونے کی مانند ہیں، میری نیک خواہشات آپ کیلئے ہیں۔ بالی ووڈ اداکارہ تاپسی پنو نے نامعلوم معمر خاتون کو پلیٹ لیٹس کا عطیہ دیا، جس پر اداکارہ تلوتما شومے نے ان کے اس اقدام کو سراہا اور کہا کہ میں آپ کے اس اقدام سے بہت متاثر ہوئی ہوں۔

## اے آر رحمان کو اسٹیج پر دلچسپ صورتحال کا سامنا، ویڈیو وائرل

**کیا میں نے آپ سے پوچھا تھا کہ آپ تامل میں بات کریں گی یا نہیں؟**

ممبئی (این این آئی) آسکر ایوارڈ یافتہ موسیقی کے استاد اے آر رحمان کی ایک ویڈیو جس میں کہ ان کی پہلی پروڈکشن 99 سونگ کی تقریب رونمائی ہوئی۔ اس تقریب کی ویڈیو اس وقت لسٹ آف ٹرینڈز پر ٹاپ سپاٹ پر ہے اور وائرل ہوگئی ہے۔ پہلی بار ڈائریکشن دینے والے وشویش کرشنم مورتی نے اسے ڈائریکٹ کیا۔ نائنٹی نائن سونگز اسٹار میں نئے آنے والے ایہان بھٹ اور ایڈلسی ورگارز شامل ہیں۔ تقریب رونمائی جنوبی بھارتی ریاست تامل ناڈو کے صدر مقام چنئی میں ہوئی۔ جہاں خاتون اینکر نے اے آر رحمان کا استقبال تامل میں کرنے کے بعد ہندی میں ایہان بھٹ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ چنئی میں آپ کا ہردیک سواگت کرتی ہوں۔ جس پر اے آر رحمان نے اپنے ردعمل کا اظہار کیا اور وہ بظاہر حیران رہ گئے اور انہوں نے مسکراتے ہوئے 'ہندی' کہا؟ جس کے بعد انہوں نے یہ کہتے ہوئے اسٹیج چھوڑ دیا کہ 'کیا میں نے آپ سے پوچھا تھا کہ آپ تامل میں بات کریں گی یا نہیں؟' اس موقع پر سامعین نے اے آر رحمان کیلئے خوشی سے نعرہ لگایا اور قہقہے چھوٹ گئے، جس پر خاتون اینکر نے تامل میں گفتگو کرتے ہوئے وضاحت کی کہ انہوں نے تو ایہان بھٹ کو خوش آمدید کہنے کیلئے ایسا کیا تھا۔ چنئی میں آپ کا ہردیک سواگت کرتی ہوں۔ جس پر اے آر رحمان نے اپنے ردعمل کا اظہار کیا اور وہ بظاہر حیران رہ گئے اور انہوں نے مسکراتے ہوئے 'ہندی' کہا؟ جس کے بعد انہوں نے یہ کہتے ہوئے اسٹیج چھوڑ دیا کہ 'کیا میں نے آپ سے پوچھا تھا کہ آپ تامل میں بات کریں گی یا نہیں؟' اس موقع پر سامعین نے اے آر رحمان کیلئے خوشی سے نعرہ لگایا اور قہقہے چھوٹ گئے، جس پر خاتون اینکر نے تامل میں گفتگو کرتے ہوئے وضاحت کی کہ انہوں نے تو ایہان بھٹ کو خوش آمدید کہنے کیلئے ایسا کیا تھا۔ چنئی میں آپ کا ہردیک سواگت کرتی ہوں۔ جس پر اے آر رحمان نے اپنے ردعمل کا اظہار کیا اور وہ بظاہر حیران رہ گئے

# Imroz Sports

# امروز کھیل

ولنگٹن، بنگلہ دیش کیخلاف تیسرے ون ڈے میں نیوزی لینڈ کے بلے باز ڈیون نوے شاٹ کھیل رہے

## پاکستان انڈر 19 کرکٹ ٹیم آئندہ ماہ بنگلہ دیش کا دورہ کرے گی

### قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کا تربیتی کیمپ دو سے 11 اپریل تک لاہور میں لگایا جائے گا

**بنگلہ دیش انڈر 19 ٹیم کے خلاف یہ سیریز ہمارے کھلاڑیوں کو صلاحیتیں نکھارنے کا بہترین موقع فراہم کرے گی، اعجاز احمد**

لاہور (این این آئی) قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم واحد چار روزہ اور پانچ پچاس اوورز پر مشتمل میچز کی سیریز کھیلنے کے لیے آئندہ ماہ بنگلہ دیش کا دورہ کرے گی، بنگلہ دیش انڈر 19 کرکٹ ٹیم گزشتہ سال جنوبی افریقہ میں کھیلے گئے آئی سی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈکپ کی فاتح ہے۔ پی سی بی اعلامیہ کے مطابق اس دورے کے لیے منتخب کردہ قومی انڈر 19 اسکواڈ میں ان کھلاڑیوں کو شامل کیا گیا ہے کہ جو یکم ستمبر 2002 یا اس کے بعد پیدا ہوئے ہیں۔ آئی سی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈکپ 2022 میں کھلاڑیوں کی شرکت کے لیے آئی سی سی نے بھی عمر کی یہی اہلیت مقرر کر رکھی ہے۔ اس دورے کے انعقاد کا مقصد مستقبل کے ستاروں کو اپنی صلاحیتیں نکھارنے کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ آئندہ سال ویسٹ انڈیز میں شیڈول آئی سی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈکپ کی تیاریوں میں مزید بہتری لانا ہے۔ اس سے قبل ان کھلاڑیوں نے ایک طویل دورانیے کے کیمپ میں بھی شرکت کر رکھی ہے

## شاہنواز ڈاہانی اور کارلوس کے درمیان ٹوئٹر پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ میں ملتان سلطانز کے فاسٹ بالر شاہنواز ڈاہانی اور ویسٹ انڈیز کے کرکٹر کارلوس بریتھویٹ کے درمیان سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر گفتگو نے مداحوں کے دل جیت لئے۔ پی ایس ایل میں اپنی فاسٹ بولنگ سے دنیا بھر کی توجہ حاصل کرنے والے فاسٹ بولر شاہنواز ڈاہانی نے ٹوئٹر پر اپنی پروفائل پکچر تبدیل کی جسے ان کے ہزاروں مداحوں نے پسند کیا۔ شاہنواز ڈاہانی کی تصویر نے ویسٹ انڈیز کے کرکٹر کارلوس بریتھویٹ کی توجہ بھی اپنی طرف کرالی اور انہوں نے پاکستانی کرکٹر کو 'اپنا' قرار دیا۔ جواب میں شاہنواز ڈاہانی نے کارلوس بریتھ ویٹ کو پیغام لکھا کہ میں آپ کو یاد کر رہا ہوں۔ واضح رہے کہ ملتان سلطانز کی ٹیم میں اس سال شاہنواز ڈاہانی اور کارلوس بریتھویٹ ساتھ تھے اور دونوں وکٹ لینے پر ایک جیسے انداز میں خوشی بھی مناتے تھے۔ واضح رہے کہ ملتان سلطانز کی ٹیم میں اس سال شاہنواز ڈاہانی اور کارلوس بریتھویٹ ساتھ تھے اور دونوں وکٹ لینے پر ایک جیسے انداز میں خوشی بھی مناتے تھے۔

## پاکستان فٹ بال فیڈریشن کی مجلس عاملہ اور کانگریس کا پاکستان فٹ بال فیڈریشن ہے

**ملک میں غیر جانبدار انتخابات کا انعقاد دیکھنا چاہتے ہیں من مانیاں نہیں چلیں گی**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹ بال فیڈریشن کی مجلس عاملہ اور کانگریس نے پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے صدر انجینئر سید اشفاق حسین شاہ پر مکمل اعتماد کا اظہار کردیا ہے۔ گذشتہ روز پاکستان فٹ بال فیڈریشن کی کانگریس اور مجلس عاملہ کا اجلاس ایک مقامی ہوٹل میں منعقد ہوا۔ جس کی صدارت پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے صدر انجینئر اشفاق حسین شاہ نے کی۔ اجلاس میں پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے نائب صدور رکن قومی اسمبلی ملک محمد عامر ڈوگر اور سردار نوید حیدر سمیت مختلف محکموں اور صوبوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں پاکستان پولیس، پاکستان واپڈا، پاکستان ریلوے، ہائرایجوکیشن کمیشن، پاکستان ائیرفورس اور پاکستان انٹرنیشنل ائیر لائنز (پی آئی اے) کے نمائندوں کے علاوہ بلوچستان کی طرف سے حاجی سعید احمد (ٹیکو) اور محمد شفیق، سندھ کی طرف سے رحیم بخش بلوچ، فتح محمد بلوچ، ناصر کریم اور جمیل احمد ہوت، پنجاب کی طرف سے رکن قومی اسمبلی ملک محمد عامر ڈوگر، سردار نوید حیدر، چوہدری فقیر محمد اور میاں رضوان، خیبرپختونخوا کی طرف کرنل (ر) سعد رسول اور اسلام آباد کی طرف سے چوہدری محمد سلیم موجود تھے جبکہ اجلاس میں خواتین کی نمائندگی فرزانہ روف، تصور اعجاز اور جویریہ ظفر نے کی۔ مجلس عاملہ کے اجلاس میں سندھ سے تعلق رکھنے والے رکن مجلس عاملہ ناصر کریم نے ہاؤس میں ایک قرارداد پیش کرتے ہوئے پاکستان فٹ بال فیڈریشن کی نارملائزیشن کمیٹی کے موجودہ چیئرمین ہارون ملک پر عدم اعتماد کیا اور پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے صدر انجینئر اشفاق حسین شاہ پر اعتماد کی حمایت کا اظہار کرتے ہوئے فیڈریشن کا آئندہ کا لائحہ عمل اپنانے کا اختیار دیا۔ جس پر تمام ممبران نے اس قرارداد کی حمایت کی، بعد میں کانگریس کے اجلاس میں مجلس عاملہ کے تمام فیصلوں کی منظوری اور ان کی توسیع کی گئی۔

## ایس او پیز پر عمل کرلو یہ نا ہو 'ڈنڈا' چلا دیا جائے، وسیم اکرم

**پنجاب خاص کر میرے شہر لاہور اور اسلام آباد میں کورونا کیسز بڑھ رہے ہیں**

کراچی (این این آئی) قومی ٹیم کے سابق کپتان اور سوئنگ کے سلطان وسیم اکرم نے کورونا ایس او پیز پر عمل کرنے کے حوالے سے خصوصی پیغام جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایس او پیز پر عمل کرلو یہ نا ہو 'ڈنڈا' چلا دیا جائے۔ اپنے بیان میں وسیم اکرم نے ملک میں کورونا کیسز بڑھنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب خاص کر میرے شہر لاہور اور اسلام آباد میں کورونا کیسز بڑھ رہے ہیں۔ سابق کپتان قومی ٹیم نے عوام سے اپیل کی کہ برائے مہربانی ایس او پیز پر عمل کرلیں، ایس او پیز پر عمل کرانے کا پلان بی بھی موجود ہے۔ وسیم اکرم نے ایس او پیز پر عمل درآمد کروانے کے لیے پلان بی بتاتے ہوئے کہا کہ یہ نا ہو کہ ایس او پیز پر عمل درآمد نا کرنے والوں پر پلان بی 'ڈنڈا' چلا دیا جائے۔ سابق کپتان قومی ٹیم نے عوام سے اپیل کی کہ برائے مہربانی ایس او پیز پر عمل کرلیں، ایس او پیز پر عمل کرانے کا پلان بی بھی موجود ہے۔ وسیم اکرم نے ایس او پیز پر عمل درآمد کروانے کے لیے پلان بی بتاتے ہوئے کہا کہ یہ نا ہو کہ ایس او پیز پر عمل درآمد نا کرنے والوں پر پلان بی 'ڈنڈا' چلا دیا جائے۔

## پاکستان فٹ سال فیڈریشن کی فٹ بالر مرزا محمد طاہر کی وفات پر اظہار تعزیت

**اللہ تعالی مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹ سال فیڈریشن کے سینئر نائب صدر عدنان احمد ملک اور اسلام آباد فٹ سال ایسوسی ایشن کے صدر رانا تنویر احمد نے فیسکو فٹ بال ٹیم کے سابق کوچ مرزا محمد طاہر کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا ہے کہ اللہ تعالی مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے، انہوں نے کہا کہ مرحوم کی فٹ بال کے فروغ کے لئے خدمات کو ہمیشہ کے لئے یاد رکھا جائے گا۔ پاکستان فٹ سال فیڈریشن کے سینئر نائب صدر عدنان احمد ملک اور اسلام آباد فٹ سال ایسوسی ایشن کے صدر رانا تنویر احمد نے فیسکو فٹ بال ٹیم کے سابق کوچ مرزا محمد طاہر کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا ہے کہ اللہ تعالی مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے، انہوں نے کہا کہ مرحوم کی فٹ بال کے فروغ کے لئے خدمات کو ہمیشہ کے لئے یاد رکھا جائے گا۔

## ویسٹ انڈیز اور سری لنکا کا دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 29 سے شروع ہوگا

**دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا آخری ٹیسٹ میچ 29 مارچ سے اینٹیگوا میں شروع ہوگا**

اینٹیگوا (این این آئی) ویسٹ انڈیز اور سری لنکا کی ٹیموں کے درمیان دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 29 مارچ سے شروع ہوگا۔ یاد رہے کہ ویسٹ انڈیز اور سری لنکا کے درمیان دو میچوں کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ فیصلے کے بغیر ختم ہوگیا تھا۔ شیڈول کے مطابق دونوں ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 29 مارچ سے اینٹیگوا میں شروع ہوگا۔ ویسٹ انڈیز اور سری لنکا کی ٹیموں کے درمیان دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 29 مارچ سے شروع ہوگا۔ یاد رہے کہ ویسٹ انڈیز اور سری لنکا کے درمیان دو میچوں کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ فیصلے کے بغیر ختم ہوگیا تھا۔ شیڈول کے مطابق دونوں ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 29 مارچ سے اینٹیگوا میں شروع ہوگا۔ ویسٹ انڈیز اور سری لنکا کی ٹیموں کے درمیان دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 29 مارچ سے شروع ہوگا۔ یاد رہے کہ ویسٹ انڈیز اور سری لنکا کے درمیان دو میچوں کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ فیصلے کے بغیر ختم ہوگیا تھا۔

ہنگری، یوئفا یورپین چیمپئن شپ میں فرانس اور ڈنمارک کے کھلاڑی ایک دوسرے سے بال چھین رہے ہیں

## لیجنڈ کرکٹر سچن ٹنڈولکر بھی کورونا کا شکار ہوگئے

ممبئی (این این آئی) بھارت میں عالمی وبا کورونا کے کیسز تیزی سے بڑھ رہے ہیں اور لیجنڈ کرکٹر سچن ٹنڈولکر بھی اس وبا کا شکار ہوگئے ہیں۔ بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سچن ٹنڈولکر نے سوشل میڈیا پر کورونا ٹیسٹ مثبت آنے کی اطلاع دیتے ہوئے بتایا کہ معمولی نوعیت کی علامات ہیں تاہم گھر کے دیگر تمام افراد کا کورونا ٹیسٹ منفی آیا ہے۔ سچن ٹنڈولکر کا کہنا تھا کہ خود کو گھر میں قرنطینہ کرلیا ہے اور اپنے ڈاکٹر کی ہدایت پر تمام ضروری پروٹوکولز پر عمل کررہا ہوں۔ سابق کپتان بھارتی ٹیم نے ہیلتھ کیئر پروفیشنلز اور عوام کی جانب سے جلد صحتیابی کی دعا پر شکریہ بھی ادا کیا۔ سابق کپتان بھارتی ٹیم نے ہیلتھ کیئر پروفیشنلز اور عوام کی جانب سے جلد صحتیابی کی دعا پر شکریہ بھی ادا کیا۔

## بیٹے کے ساتھ کھیلنے کے لئے پاکستانی رکٹر شعیب ملک اسپائیڈرمین بن گئے

لاہور (این این آئی) بیٹے کے ساتھ کھیلنے کے لئے پاکستانی کرکٹر شعیب ملک اسپائیڈر مین بن گئے۔ شعیب ملک اپنے بیٹے اذہان کے ساتھ کھیلتے ہوئے اسپائیڈرمین بنے اور انہوں نے اس کی ویڈیو بھی انسٹاگرام پر شیئر کی جسے ان کے مداحوں نے پسند کیا۔ سابق کپتان کی ویڈیو کو سابق بھارتی کرکٹر سریش رائنا نے بھی پسند کیا اور اسے 1 لاکھ 63 ہزار سے زائد بار دیکھا گیا۔ ویڈیو پر شعیب ملک کے مداحوں نے ان کے بیٹے اذہان کی بھی خوب تعریف کی۔ شعیب ملک اور ثانیہ مرزا اکثر اپنے بیٹے کے ہمراہ تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر پوسٹ کرتے رہتے ہیں۔ شعیب ملک اور ثانیہ مرزا اکثر اپنے بیٹے کے ہمراہ تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر پوسٹ کرتے رہتے ہیں۔

## فٹ بال کے کھیل میں خواتین کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں، وسائل فراہم کئے جائیں

**تیسری پوزیشن کا میچ 2 اپریل جبکہ فائنل میچ 3 اپریل کو کھیلا جائے گا**

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں فٹ بال کے کھیل میں خواتین کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ وسائل فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار گذشتہ روز ماشا یونائیٹڈ فٹ بال کلب کے چیف آپریٹنگ آفیسر رائے انتخاب علی نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ہر شعبہ میں خواتین کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ وسائل فراہم کرنے کی ضرورت ہے، انہوں نے کہا کہ ماشا یونائیٹڈ کلب گراس روٹ سطح پر فٹ بال کے فروغ کے لئے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماشا یونائیٹڈ خواتین فٹ بال کلب نے قومی ویمن فٹ بال چیمپئن شپ میں پہلی بار حصہ لے رہی ہے اور چیمپئن شپ میں ابھی تک شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تمام میچز میں بھاری مارجن سے کامیابی حاصل کر کے کوارٹر فائنل کے کوالیفائی کیا اور ماشا یونائیٹڈ کلب نے کوارٹر فائنل میں دیا کلب کراچی کے خلاف 28 مارچ کو کے ایم سی سٹیڈیم کراچی میں کھیلے گی اور گروپ میچز میں ماشا یونائیٹڈ کلب نے چار میچ کھیلے، پہلے میچ میں سیالکوٹ کو 19-0 گول سے، دوسرے میچ میں ہائرایجوکیشن کو 4-0 گول سے، تیسرے میچ میں کراچی کلب کو 35-0 گول سے شکست دی جبکہ ماشا یونائیٹڈ کلب اپنا گروپ کا آخری اور چوتھا میچ کراچی یونائیٹڈ کلب کے خلاف 2-2 گول کھیلا۔ انہوں نے کہا کہ چیمپئن شپ میں 19 ٹیمیں حصہ لے رہی تھیں چار گروپوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔

ڈی آئی خان، تین روزہ ریس کے دوران جیپ سوار منزل کی جانب بڑھ رہا ہے

کراچی، ٹی 20 کرکٹ ٹورنامنٹ میں اولمپئن طارق شیخ، سلمان رفیق کو مین آف دی میچ ایوارڈ دے رہے ہیں

بقیہ 1

حوالے سے آرڈیننس فوراً واپس لے، یہ ادارہ صرف پاکستانیوں کو جواب دہ ہے نہ کہ آئی ایم ایف کو، یہ پیپلز پارٹی کے نظریات کے خلاف ہے۔کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ حکومت کو فوراً اس آرڈیننس کو واپس لے کر ختم کرنا چاہیے، ہم ہر فورم پر اس غیر قانونی آرڈیننس کو چیلنج کریں گے کیونکہ یہ پاکستان کی معاشی خودمختاری پر ایک سنگین حملہ ہے، جس کا ہر پاکستانی پر اثر پڑے گا۔انہوں نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ جس طریقے سے اس حکومت نے آئی ایم ایف کے ساتھ اپنی معاشی پالیسی اور معاشی معاہدے کیے ہیں وہ عوام کے فائدے میں نہیں ہیں اور غلط طریقے سے معاہدے کیے۔بلاول بھٹو نے کہا کہ اس حکومت میں وہ اہلیت نہیں تھی کہ وہ اس ملک کی معاشی حوالے سے آئی ایم ایف کے پاس نمائندگی کرتی اور مذاکرات کرتی، ان کے غلط فیصلوں کی وجہ سے ناکام اور نالائق فیصلوں کی وجہ سے آج ہر پاکستانی بوجھ اٹھا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہر پاکستانی کے جیب پر ڈاکا ہوا ہے، مہنگائی اور غربت کا جس طریقے سے عام آدمی آج مقابلہ کر رہا ہے وہ پاکستان تاریخ میں ایسے بدترین معاشی حالات بھی نہیں رہے۔انہوں نے کہا کہ یہ افسوس ناک اور تاریخی ناکامی ہے کہ پاکستان کی معاشی نمو منفی ہو، پاکستان کی شرح نمو بنگلہ دیش اور جنگ زدہ افغانستان سے بھی پیچھے ہو۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا افراط زر بنگلہ دیش اور جنگ زدہ افغانستان سے زیادہ ہو تو یہ بوجھ پاکستان کا عام آدمی کیوں اٹھائے۔چیئرمین پی پی پی نے کہا کہ اسٹیٹ بینک کو چھیننے کی تازہ سازش کا ہم مقابلہ کریں گے، اس حکومت نے مسلسل غلط پالیسیوں کی وجہ سے عوام کو نقصان پہنچایا ہے۔انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں جب پیٹرول سستے داموں مل رہا تھا تو پاکستان میں پیٹرول کا بحران تھا، جس کا فائدہ کچھ کارٹلز اور حکومت نے لیا، جن لوگوں نے یہ فیصلہ لیا تھا وہ صرف ایک معاون خصوصی یا انفرادی نہیں تھا بلکہ یہ کابینہ کا اجتماعی فیصلہ تھا۔معاون خصوصی برائے پیٹرولیم کے حوالے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ وزیراعظم عمران خان کا تھا اور کل انہوں نے یہ کوشش کی کہ ایک معاون خصوصی کو قربانی کا بکرا بنا کر اپنے آپ کو اس گناہ اور تاریخی ظلم بچانے کی کوشش کی لیکن وہ نہیں بچاسکتے۔انہوں نے کہا کہ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ جیسے ندیم بابر کو نکالا گیا ہے ایسے ہی ہر ایک وزیر اور وزیراعظم سمیت جو اس کابینہ میں بیٹھتا ہے، جنہوں نے کابینہ میں بیٹھ کر یہ فیصلہ کیا تھا ان سب کو ہٹانا چاہیے اور سب کو مستعفی ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ یہ ایک تاریخی اسکینڈل تھا اور ہم نہیں مانیں گے کہ یہ ایک معاون خصوصی کی بس کی بات تھی، جب ہم پاکستان کے عوام کو پیٹرول کی قیمت کم کرکے فائدہ پہنچاسکتے تھے اس وقت بحران پیدا کرکے چند شخصیات کو فائدہ پہنچایا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمان کے اندر اور پارلیمان کے باہر مخالف ٹائم دیتی رہے گی جیسے ہم حکومت کے شروع دن سے لے کر آج تک کرتے آئے ہیں۔

بقیہ 2

لیگ (ن) سے بالکل توقع نہیں تھی کہ سینیٹ میں امیدوار کی ہار کے بعد خان صاحب جیسا ردعمل دے گی۔سلیکٹڈ کا لفظ میں نے دیا تھا اور میں جانتا ہوں اس کا استعمال کس پر بنتا ہے اور کس پر نہیں۔الزامات کا جواب دینا پسند نہیں کروں گا، پی ڈی ایم کو نقصان نہیں پہنچانا چاہتا۔اسٹیٹ بینک سے متعلق مجوزہ آرڈیننس خودمختاری چھیننے کے مترادف ہے۔مطالبہ کرتے ہیں ندیم بابر کی طرح بشمول وزیراعظم تمام وزرا کو ہٹایا جائے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو بلاول ہاؤس میڈیا سیل میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔چیئرمین سینیٹ کیخلاف ہماری جدوجہد جاری ہے۔پولنگ ڈے پر سینیٹ ہاؤس کو پولیس اسٹیشن میں تبدیل کردیا گیا اور پریزائڈنگ افسر نے غلط فیصلہ دے کر یوسف رضا گیلانی کا حق چھینا۔بلاول بھٹو نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ کے انتخاب پر اسلام آباد ہائیکورٹ میں نظرثانی درخواست دائر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔جب عدالت میرٹ پر کیس سنے گی تو جیت ہماری ہوگی۔پی ڈی ایم سے متعلق بلاول بھٹو نے کہا کہ مریم نواز کے الزامات کا جواب نہیں دوں گا، مریم نواز سمیت دیگر لوگ پیپلز پارٹی کے خلاف بیان بازی کر رہے ہیں، ن لیگ کے رہنماؤں کا احترام کرتا ہوں، مریم نواز کی عزت کرتا ہوں۔اگر ہم ایک دوسرے پر تنقید کریں گے تو فائدہ حکومت کو ہوگا۔اگر استعفے سے حکومت کو نقصان پہنچتا تو آج ہی دے دیتے۔بلاول بھٹو نے کہا کہ جب مریم نواز کو گرفتار کیا گیا تو سب سے پہلے میں نے آواز اٹھائی۔ن لیگ والے غور کریں کہ انہیں پیپلز [illegible]

زائد ووٹ رکھتے ہوئے بھی ایک بار بھی کوئی تکلیف نہیں پہنچائی اور ان کا ایک بجٹ بھی چیلنج نہیں کیا گیا۔پیپلز پارٹی کئی بار کہہ چکی ہے کہ عمران خان کے ہاتھوں سے پنجاب چھینیں۔

بقیہ 3

موقف اختیار کیا کہ اسلام آباد میں ہونے والے عورت مارچ کو ہم نے کراچی بار میں گے ٹی وی پر دیکھا، عورت مارچ کیخلاف کراچی بار نے مذمتی قرارداد بھی منظور کی۔کیونکہ اس میں انتشار پھیلانے والے، فحش اور اسلام مخالف نعرے لگائے گئے جس سے توہین اسلام ہوئی۔اس حوالے سے ہم نے 15 مارچ کو تھانے میں درخواست دی لیکن درخواست وصول نہیں کی گئی۔عدالت سے استدعا ہے کہ پولیس کو مقدمہ درج کرنے کا حکم دیا جائے۔عدالت نے ماروی سرمد اور طوبیٰ سید و دیگر کیخلاف ایف آئی آر درج کرنے کا حکم دیدیا۔عدالت نے سٹی کورٹ پولیس کو جی ایم آرائیں ایڈووکیٹ کا بیان ریکارڈ کرکے کارروائی کرنے کا حکم دیدیا۔

بقیہ 4

'زرداری سب پر بھاری' والی بات شرمندگی ہے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ صف بندی ہوچکی ہے اور لکیر کھنچ گئی ہے، ایک طرف وہ لوگ کھڑے ہیں جو قربانیاں دیکر عوام اور آئین کی خاطر جدوجہد کر رہے ہیں جبکہ دوسری طرف وہ لوگ ہیں جنہوں نے چھوٹے فائدے کے لیے جمہوری روایات کو روندڈالا، عوام پہچان گئی ہے کہ کس کا کیا بیانیہ ہے۔پیپلز پارٹی سے متعلق سوال پر ان کا کہنا تھا اس بات کا نہایت افسوس ہے کہ آپ نے ایک چھوٹے سے عہدے کے لیے جمہوریت کو بہت بڑا نقصان پہنچایا ہے، عوام ایک ایک چیز دیکھ رہی ہے کہ کون جدوجہد کر رہا ہے، یہ مسلم لیگ (ن) کی نہیں ان لوگوں کی شکست ہے جنہوں نے ایک چھوٹے سے عہدے سے فائدہ اٹھایا۔مریم نواز کا کہنا تھا کہ چھوٹے سے عہدے کے لیے آپ نے باپ سے ووٹ لے لیے، اگر یہ عہدہ چاہیے تھا تو آپ نوازشریف سے بات کر لیتے، وہ آپ کو ووٹ دے دیتے، آپ نے ان باپ سے ووٹ لیے جو اپنے باپ کی اجازت کے بغیر کسی کو ووٹ نہیں دیتا۔انہوں نے کہا کہ دنیا میں شاید یہ پہلی مثال ہے کہ لیڈر آف دی اپوزیشن حکومت سلیکٹ کر رہی ہے، باپ کو جب ان کا باپ کہتا ہے تو وہ حکومتی بنچز پر بیٹھ جاتے ہیں اور جب باپ کا حکم ہوتا ہے تو وہ اپوزیشن بنچز پر بیٹھ جاتے ہیں۔پیپلز پارٹی کا نام لیے بغیر مریم نواز کا کہنا تھا اگر آپ نے تابعداری کرنی ہے تو کھل کر آپ کو عمران خان کی پیروی کرنی چاہیے جو پوری ڈھٹائی سے ایکسپوز ہو کر باپ کی بات مانتا ہے۔یہ نہیں ہوسکتا کہ آدھا تیتر اور آدھا بٹیر ہو۔انہوں نے کہا کہ جب آپ سمجھتے ہیں کہ سوائے سلیکٹ ہونے کے آپ کے پاس کوئی راستہ نہیں ہے تو آپ تابعداری کرتے ہیں، آپ چاہے خود کو جتنی بھی تسلیاں دے لیں لیکن آپ کو یہ ماننا پڑے گا کہ آپ کو باپ نے ووٹ دیے ہیں۔حکومت کو ٹف ٹائم دینے کیلیے (ن) لیگ، مولانا فضل الرحمان اور پی ڈی ایم کی دیگر جماعتیں ہی کافی ہیں۔انہوں نے کہا کہ آصف زرداری نے کہا تھا (ن) لیگ اور پی ڈی ایم مانے تو پنجاب میں عدم اعتماد کر کے پرویز الٰہی کو وزیراعلیٰ بنا دیں، نوازشریف نے کہا تھا آئین وقانون کے جس دائرہ کار میں محدود کیا اسی میں رہیں، ہم آئین کیلیے جدوجہد کرنے والے ہیں۔سلیکٹ ہونا ہے تو آپ کو عمران خان کی پیروی کرنی چاہیے، 'زرداری سب پر بھاری' والی بات شرمندگی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام جمہوریت کے ساتھ کھڑے ہیں، پرویز مشرف دنیا کے سامنے نشان عبرت بن چکے، پہلی بار دیکھا اپوزیشن لیڈر کو باپ نے ووٹ دیا، عوام دیکھ رہے ہیں کون کس کے ساتھ ہے، اپنے اصول قربان کرکے پورے ملک پر بھاری ہوسکتے ہیں۔

بقیہ 5

وزیر توانائی عمر ایوب نے اس ضمن میں بتایا کہ گرمیوں میں کراچی کو نیشنل گرڈ سے 450 میگاواٹ اضافی بجلی ملے گی، بجلی سپلائی کے لئے جامشورو سے کراچی تک ڈبل سرکٹ ٹرانسمشن لائن اپ گریڈیشن پر کام مکمل ہوگیا ہے، اور ٹرانسمشن لائن 31 مارچ تک بجلی اٹھانے کے لئے مکمل تیار ہوگی۔وفاقی وزیر نے بتایا کہ کراچی کو فراہم کی جانے والی 450 میگاواٹ بجلی پہلے سے فراہم کی جانے والی 800 میگاواٹ کے علاوہ ہوگی، منصوبے کی تکمیل میں این ٹی ڈی سی اور کے الیکٹرک کی کوششیں قابل ستائش ہیں۔

بقیہ 6

حاصل کرسکیں گے۔تفصیلات کے مطابق نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے سربراہ اسد عمر نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں کہا کہ ملک بھر میں [illegible]

بقیہ 7

[illegible]

بقیہ 8

[illegible]

بقیہ 9

میں مبتلا، ویکسینیٹر بروقت ٹیکے لگاتے تو خسرہ کی وبا نہ پھیلتی۔تفصیلات کے مطابق جیکب آباد ضلع میں محکمہ صحت کی غفلت سے خسرہ کی وبا پھیل گئی ہے وبا سے جیکب آباد، ٹھل اور گڑھی خیرو میں 140 سے زائد بچے بروقت ویکسین نہ ملنے کی وجہ سے خسرہ میں مبتلا ہوگئے ہیں، جبکہ سائرہ سومرو، نور احمد، برکت، فہد علی، حکیم اور محمد رمضان سمیت 6 بچے اس وباء سے فوت ہوچکے ہیں، جیکب آباد کے علاقے دیگیر کالونی، لاشاری محلہ، گڑھی چنڈ، رمضان پور، قادر پور، ناوڑا، احمد پور، دستی، موچی بستی، تحصیل ٹھل کے دین پور، بلوچ آباد، گڑھی حسن، مصری پور، شیرواہ، مبارکپور، تاجوکوسو ٹھل ٹو اور گڑھی خیرو کے علاقے علن پور، خدا آباد، محمد پور میرانپور میں خسرہ کے کیس رپورٹ ہوئے ہیں ویکسینیٹر کی جانب سے بروقت بچوں کو خسرہ سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے نہ لگانے کی وجہ سے ضلع میں خسرہ کی وبا پھیلتی جارہی ہے ویکسینیٹر زمختلف علاقوں میں جاکر حفاظتی ٹیکے لگانے کی ڈیوٹی نہیں کرتے اور دس روز سے پورے ضلع میں پیدا ہونے والے معصوم بچوں کو مختلف جان لیوا بیماریوں سے بچاؤ کے لئے ای پی آئی پروگرام کے تحت حفاظتی ٹیکے نہیں لگائے گئے ہیں جو قابل تشویش ہے اس سلسلے میں ڈی ایچ او جیکب آباد ڈاکٹر عبدالغفار رند سے رابطہ کیا گیا تو ان کا کہنا تھا کہ جیکب آباد میں خسرہ کی وجہ سے صرف تین اموات ہوئی ہیں جبکہ 122 خسرہ کے کیس رپورٹ ہوئے ہیں ویکسینیٹرز ایک ماہ سے احتجاج پر ہیں جس کے باعث یہ مسائل ہوئے لیڈی ہیلتھ ورکرس کی مدد سے متاثرہ علاقے کو ویکسین کرائی ہے اب صورتحال بہتر ہے۔

بقیہ 10

امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کردیا گیا ٹریکٹر ٹرالی کو حادثہ روڈ کی خستہ حالی اور بریک فیل ہونے کے باعث پیش آیا اطلاع ملنے پر مقامی لوگوں نے موقع پر پہنچ کر زخمی افراد زرغون بی ایچ یو منتقل کرکے ابتدائی طبی امداد کے زخمیوں کو کوئٹہ ریفر کردیا، زرغون غر ضلع ہرنائی کا یونین کونسل ہے تاہم کوئٹہ کے قریب ہے اسلئے زخمیوں کو کوئٹہ روانہ کردیا جبکہ لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا مرنے والے اور زخمیوں کا تعلق زرغرغون کے علاقہ سے بتایا گیا اور آپس میں رشتہ دار ہے۔

بقیہ 11

ملک نے کہا کہ اس ایکٹ کے بعد پاکستان معاشی دلدل میں گرے گا جس کے نتیجے میں ملک اور عوام بھاری نقصان اٹھیں گے، امید ہے حکومت اسٹیٹ بنک ایکٹ 2021 کو بلڈوز اور آئینی عمل کو بائی پاس نہیں کرے گی۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک کا اسٹیٹ بینک اس ملک کے مجموعی مالیاتی نظام اور بینکاری کا مرکزی ریگولیٹر ہوتا ہے، اسٹیٹ بنک حکومت کی قومی پالیسی کے مطابق بینکوں کے کارکردگی کی نگرانی کرتا ہے، اسٹیٹ بینک آف پاکستان ملک کا مرکزی بینک اور پاکستان کے عوام کی ملکیت ہے، بدقسمتی سے اسٹیٹ بنک پاکستان اب حکومت کے ماتحت نہیں رہے گا۔انہوں نے کہا کہ فیٹف کی مسلسل مداخلت نے پہلے ہی پاکستان کی معیشت کو تباہی و بربادی کے دہانے کھڑا کیا ہوا ہے، اب آئی ایم ایف کی ہدایت پر اسٹیٹ بینک کی نئی زبردستی نام نہاد آزادی قومی معیشت کو مزید تباہ کرنے والی ہے، یہ ایکٹ معیشت اور ملک کے لئے انتہائی خطرناک ثابت ہوگا، گورنر اسٹیٹ بینک پاکستان اب کسی ایجنسی اور یہاں تک کہ ہمارے ملک کی پارلیمنٹ کے سامنے جوابدہ نہیں ہوگا، مذکورہ ایکٹ کی منصوبہ بندی ایک سال سے کی گئی تھی، اس معاشی آفت کے بارے میں مختلف اوقات میں بیانات دے کر اشارہ کرتا آرہا ہوں، اسٹیٹ بینک ترمیمی ایکٹ پاکستان کی معیشت کے لئے ایک سونامی اور تاجر برادری اور عام آدمی کے لئے بمباری ثابت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ میرا بیان ریکارڈ پر ہے کہ اسٹیٹ بینک مختلف لنگڑے بہانے سے برآمدات کے ٹیلی گرافک منتقلی پر پابندی لگا رہا ہے، اس ایکٹ کے بعد اسٹیٹ بنک سیاسی جماعتوں اور این جی اوز کی بھی قابل اعتراض لین دین کی دستاویزات الیکشن کمیشن کو فراہم کرنے کا پابند نہیں ہوگا، اسٹیٹ بنک تفتیشی مقاصد کیلئے مشکوک لین دین کی دستاویزات دینے کا بھی پابند نہیں رہے گا، اس ایکٹ کے روسے ہمارے دوست ممالک کے ساتھ تمام لین دین کی نگرانی ہوگی، اب آئی ایم ایف کی ہدایت اور خواہش کے مطابق روپیہ جیٹ کی رفتار سے مزید نیچے گرے گا، پارلیمنٹ کی منظوری کے بغیر ایسے کسی بھی قانون کو کیسے لاگو کیا جاسکتا ہے، حکومت پارلیمنٹ کی منظوری کے بغیر بجٹ اور مالیات کا بل منظور نہیں کرسکتی، حکومت پارلیمنٹ کی منظوری کے بغیر اسٹیٹ بنک ایکٹ میں اسطرح کی غیر آئینی ترامیم کیسے کرسکتی ہے۔بیان کے مطابق اگر یہ نافذ عمل کیا جائے تو یہ دنیا میں پہلا مثال ہوگا کہ کسی حکومت نے مرکزی بینک کو اپنے اختیارات دے رکھے ہیں۔

بقیہ 12

کے بینک اکاونٹس منجمد کرتے ہوئے خفیہ اثاثوں کی چھان بین کا آغاز کردیا۔میڈیا کے مطابق چینی سٹہ مافیا کی تحقیقات کے لئے ایف آئی اے کی 20 ٹیمیں متحرک ہیں اور چینی سٹہ مافیا کے خفیہ اثاثوں کی چھان بین کا آغاز کردیا۔ذرائع کا کہنا ہے کہ چینی سٹہ مافیا کے 40 سرکردہ ارکان کے بینک اکاونٹس منجمد کردیئے گئے ہیں جبکہ 100 سے زائد جعلی اور بے نامی اکاونٹس منجمد کیے۔ایف آئی اے کا کہنا تھا کہ چینی سٹہ مافیا نے غریب عوام کے ساتھ سنگین ترین مالی فراڈ کیا اور غریب عوام کی جیبوں سے 110 ارب نکال لیے۔یاد رہے وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے نے چینی سٹہ بازی میں ملوث 37 افراد کے آئی ڈی کارڈ بلاک کرادیئے تھے۔

بقیہ 13

پارلیمنٹ میں مخالفت کی جائے گی۔رضا ربانی نے کراچی لیٹریچر فیسٹیول میں شرکت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نہیں سمجھتا کہ پی ڈی ایم کا شیرازہ بکھر گیا ہے، پی ڈی ایم سیاسی جماعتوں کا مجموعہ ہے۔انہوں نے کہا کہ پچھلے چند دنوں کے واقعات بہت بدقسمت ہیں، ہم ملکی مسائل کے حل کے لیے آگے بڑھیں گے۔رضا ربانی نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے کبھی نہیں کہا کہ وہ پی ڈی ایم سے الگ ہے، ہر لیڈر کی اپنی حکمت عملی ہوتی ہے۔پیپلز پارٹی کا پہلے بھی اپنا الگ موقف تھا۔رضا ربانی نے کہا کہ اسٹیٹ بینک کی خودمختاری کی مخالفت کریں گے، اسٹیٹ بینک کا گورنر کسی کو بھی جواب دینے کا پابند نہیں ہوگا، اسٹیٹ بینک سے متعلق بل پارلیمنٹ میں آیا تو اسکی مخالفت کی جائے گی، انہوں نے کہا کہ میں نے ایسا کسی ملک میں نہیں دیکھا جہاں سب کچھ آئی ایم ایف کے پاس گروی رکھ دیا جائے، ملکی خودمختاری کو داؤ پر نہیں لگنے دینگے۔سینیٹر رضا ربانی نے کہا کہ شہید بی بی کے بعد میرے اندر کا سیاستدان دم توڑ گیا تھا۔پھر میں نے کتاب لکھنا شروع کی۔فکشن لکھنا میرے آسان ہے کیونکہ میں زیادہ تر خیالوں میں رہنے والا انسان ہوں۔مختصر کہانیاں اور کئی کتابیں لکھیں، اور پھر میں سینیٹر بھی رہا۔یہ کتاب بکھری ہوئی مسکراہٹیں اور آرٹ کی طاقت کے حوالے سے ہے۔سمجھتا ہوں آج کل۔کہ دنیا کے اندر بچوں کی مسکراہٹ چھینا جارہا ہے۔دیگر مسائل سامنے آتے رہتے ہیں لیکن بچوں کی خوشیاں چھینی جارہی جس سے پوری دنیا میں اثرات مرتب ہورہے ہیں

بقیہ 14

تحریک ہے جو اس تحریک سے ہٹ گئے وہ عوام میں زیرو ہو جائیں گے جو اس تحریک میں شامل رہے وہ عوام کے ہیرو بن جائیں گے۔وہ ہفتہ کو این اے 249 میں مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کی حمایت کے سلسلے میں کراچی آمد کے موقع پر ایئر پورٹ پر میڈیا سے گفتگو کررہے تھے۔اس موقع پر سابق وفاقی وزیر خزانہ اور این اے 249 سے مسلم لیگ (ن) کے امیدوار ڈاکٹر مفتاح اسماعیل، سینئر نائب صدر علی اکبر گجر، سیکرٹری اطلاعات خواجہ طارق نذیر، کراچی ڈویژن کے جنرل سیکرٹری ناصر الدین محمود اور دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ن لیگی کارکنان نے امیر مقام کا شاندار استقبال کیا اور ان کے حق میں نعرے بازی کی۔امیر مقام نے کہا کہ سب کارکنان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کراچی پورے پاکستان کا شہر ہے پاکستان بھر کے لوگ یہاں بستے ہیں میں قائدین کا پیغام پہنچانے یہاں آیا ہوں انہوں نے کہا کہ نالائق لوگوں کو غریب کا جینا مشکل کردیا ہے میں مفتاح اسماعیل کا ساتھ دینے والے شیروں کا شکریہ ادا کرتا ہوں ہم حکومت کی نااہلیوں کو عوام کے سامنے لیکر آئیں ہیں ن لیگ نے امن اور عوام کی فلاح کے لئے کام کیا عوام کو نوازشریف کے کارنامے یاد ہیں ہم عوام دشمن حکومت کو رخصت کرکے رہینگے الیکشن میں جیت مفتاح اسماعیل کی ہی ہوگی ہم جلسے بھی کرینگے اور ریلیاں بھی نکالے گے جو پی ڈی ایم کی تاریخ ہے وہ پاکستان کی تاریخ ہے پی ڈی ایم حکومت کو ہٹا کر ہی دم لیگی۔اس موقع مسلم لیگ (ن) سندھ کے جنرل سیکرٹری مفتاح اسماعیل نے کہا کہ امیر مقام نے پی ٹی آئی کو الیکشن میں تین بار شکست دی ہے میں ان سے کہنا چاہتا ہوں کہ مجھے بھی پی ٹی آئی کو ہرانے کا طریقہ بتائیں۔

بقیہ 15

ہوچکی، عوام ان کی دھینگا مشتی دیکھ رہے ہیں، استعفوں کی نہیں اب اصلاحات کی سیاست ہوگی، تمام جماعتوں سے الگ الگ رابطہ کریں گے، مریم نواز کے والد سارا پیسہ لندن لے گئے، مریم نواز کی خواہشات پر پاکستان نہیں چلے گا، نوازشریف روز لندن کے نئے ریسٹورنٹ جا رہے ہیں، اپوزیشن وزیراعظم کی بات مانتی تو آج ان کا مذاق نہ بنتا، وزیراعظم نے اپوزیشن کو سمجھایا تھا آپ کی ضد کا فائدہ حکومت کو ہوگا، اگر اس وقت بات مانی جاتی تو سینیٹ الیکشن میں مذاق نہ بنتا، عدلیہ میں بھی ریفارمز کی ضرورت ہے، ججز کو ٹیکنالوجی کے بارے میں کچھ نہیں پتا، ان کے فیصلوں سے اربوں روپے کی سرمایہ کاری ملک سے چلی گئی، ندیم بابر کے معاملے پر فواد چوہدری بولے وزیراعظم کی پالیسی ہے کہ جس پر بھی جو الزام ہوگا پہلے وہ خود کو الزامات سے بری کرائیں اگر قصوروار ہوں گے تو سزا ملے گی ورنہ وہ آپس حکومت میں آ جائیں۔براڈ شیٹ کی رپورٹ اگلی کابینہ کے اجلاس میں پیش کریں گے ابھی شہزاد اکبر کا نام سامنے نہیں آیا۔لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا کہ پہلی بار ہم نے کوشش کی ہے سول ٹیکنالوجی کی طرف بھی توجہ دی جائے، پہلی بار پاکستان میں ایگریکلچر ڈرونز کی تیاری شروع کی ہے، آج پاکستان بڑا ایکسپورٹر ہے کورونا سے متعلق اشیا کا پاکستان میں میٹریل کی کوئی کمی نہیں ہے۔لیمپرون اور پی سی ایس آئی آر کے ساتھ سیمی کنڈکٹر انڈسٹری کے درمیان معاہدہ ہوا ہے، یہ سیمی کنڈکٹر انڈسٹری 500 ملین ڈالر کی صنعت ہے، سیلیکون کی انڈسٹری کی بنیاد کھری کرنے کا آغاز کیا ہے، چین نے 100 ارب ڈالر کی سیمی کنڈکٹر پر سرمایہ کاری کریں گے، ہماری کوشش ہے کہ ہم بھی ایس ٹیکنالوجی کا فائدہ اٹھا سکیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں الیکٹرک گاڑیاں مارکیٹ میں آنے والی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہماری ضرورت تھی دس ہزار میگاواٹ تھی لیکن پچھلی حکومت نے 20 ہزار میگا واٹ کے پلانٹ لگا دیئے، 42 فیصد بجلی کے پلانٹ تیل پر چلتے ہیں، کسان کو پہلی بار 235 روپے گنے کی قیمت ملی ہے۔انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کو ساتھ مل بیٹھ کر اصلاحات کرنے کی دعوت دے دی ہے، پی ڈی ایم کی سیاست ختم ہو چکی ہے، اب استعفوں کی نہیں اصلاحات کی سیاست ہو گی۔پیر سے اپوزیشن کی تمام سیاسی جماعتوں سے الگ الگ رابطوں کا آغاز ہوگا۔فواد چوہدری نے کہا کہ عدلیہ میں بھی ریفارمز کی ضرورت ہے۔ججز کو ٹیکنالوجی کے بارے میں کچھ نہیں پتا، ان کے فیصلوں سے اربوں روپے کی سرمایہ کاری ملک سے چلی گئی، قانون کے مطابق احتساب ہوتا تو افتخار چوہدری آج سلاخوں کے پیچھے ہوتے۔ندیم بابر کے معاملے پر فواد چوہدری بولے وزیراعظم کی پالیسی ہے کہ جس پر بھی جو الزام ہوگا پہلے وہ خود کو الزامات سے بری کرائیں اگر قصوروار ہوں گے تو سزا ملے گی ورنہ وآپس حکومت میں آ جائیں۔براڈ شیٹ کی رپورٹ اگلی کابینہ کے اجلاس میں پیش کریں گے ابھی شہزاد اکبر کا نام سامنے نہیں آیا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے پہلے ہی الیکشن اصلاحات کی بات کی تھی، سینیٹ الیکشن کا جس طرح مذاق بنا سب کے سامنے ہے، اپوزیشن وزیراعظم کی بات مانتی تو آج ان کا مذاق نہ بنتا، انتخابی اصلاحات کی پیشکش پر ن لیگ آگے نہیں بڑھی، ہماری نظر میں پی ڈی ایم ختم ہوچکی، اب تمام جماعتوں سے الگ الگ رابطہ کریں گے۔فواد چودھری نے کہا کہ ہم نے 2 ڈھائی سال استعفیٰ، استعفیٰ کھیل لیا اب آگے چلیں، استعفوں کی سیاست ختم، اصلاحات کی سیاست شروع ہوچکی۔انہوں نے کہا کہ مریم نواز کے والد سارا پیسہ لندن لے گئے، مریم نواز کی خواہشات پر پاکستان نہیں چلے گا، نوازشریف روز لندن کے نئے ریسٹورنٹ جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں کو عمران فوبیا سے نکل کر اپنی خامیوں پر توجہ ڈالنی چاہیے، قومیں وہی آگے جاتی ہیں جو ماضی سے سیکھتی ہیں، (ن) لیگ بڑی سیاسی جماعت ہے لیکن آج کل بچوں کو دی ہوئی ہے۔مریم نواز کی بچگانہ سیاست مسلم لیگ کو ختم کرے گی، نوازشریف کو مشورہ دیا ہے کہ لندن کے ہوٹلوں پر ایک ریویو لکھ دیں۔انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے پاکستان کے لئے بہت کام کیا ہے اس کا ختم ہونا پاکستان کے لئے فائدہ نہیں، چھوٹے بچے کھیلنے کو چاند مانگ رہے ہیں، ایسی حرکتوں سے مسلم لیگ نواز ختم ہو جائے گی۔انہوں نے کہا کہ اس وقت پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) دو خاندانوں کے ذاتی مفاد کی ترجمانی کر رہے ہیں۔اپوزیشن عمران خان کو ایک آئینی و قانون وزیراعظم تسلیم کرکے آگے بڑھیں، مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر شہباز شریف یا خواجہ آصف ہیں ان سے بات کریں گے ہم پارلیمانی لیڈر شپ سے بات کریں گے۔جاوید اقبال کے آنے کے بعد نیب کا ادارہ بحال ہوا ہے، نیب کے ادارے کے آفسران کی کارکردگی کو سہراتے ہیں لیکن مدمقوں کو منطقی انجام تک پہنچنا چاہیے، نیب نے مریم کو بلایا تھا تو پھر اس سے تفتیش کرنی چاہیے تھی۔

بقیہ 16

انہوں نے گزشتہ روز مسلم باغ میں ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے نصیر احمد ناصر کے ہمراہ مسلم باغ کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پران کے ہمراہ پی ڈی ایم اے کے دیگر آفیسران بھی تھے۔اس موقع پر عوامی نیشنل پارٹی کی نائب صدر شاہینہ کاکڑ نے کہا کہ ہم نے اقتدار میں آنے سے قبل عوام کے ساتھ جو وعدے وعید کئے تھے ان کی تکمیل کیلئے کوششیں جاری ہے، مسلم باغ اور گرد ونواح میں لوگوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کارلا رہے ہیں، پشتونخوا اولس سمیت بلوچستان بھر کی عوام کیلئے عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی ارکان کی جانب سے کوششیں جاری ہے، اے این پی کو عوامی خدمت ورثے میں ملی ہے اور اسی تسلسل کو جاری رکھتے ہوئے عوام کے مسائل کے حل کیلئے ہم تیار ہیں۔پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کی جانب سے برف باری سمیت دیگر قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے مسلم باغ اور گردونواح کے لوگوں کیلئے مشینری ودیگر کی فراہمی خوش آئند ہے امید ہے کہ وہ آئندہ بھی یہاں کی عوام کے مسائل کے حل کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 17

لیئے عنقریب دردسر بنے گا بے وفائی کرنے والوں کو اپنے انجام کا بھی علم ہونا چاہیے انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم سربراہی اجلاس میں یہ بات طے ہوئی تھی کہ سینٹ میں اپوزیشن لیڈر پی ایم ایل ن کا ہوگا کیونکہ ہم نے چیئرمین شپ میں سابق وزیراعظم کو سپورٹ کیا تھا انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کو بی پی نے نقصان پہنچایا باپ پارٹی میں حکومتی ایماء پر راتوں رات فارورڈ بلاک بنا کر یوسف رضا گیلانی کی حمایت کرائی گئی جو کہ ہمارے سمجھ سے بالاتر ہے ائی ایم ایف کے ڈکٹیشن پر چل کر بجلی کو آئندہ تین سالوں تک اسکے نرخوں میں 884 ارب روپے کا اضافہ کرنے کی تیاری کررہی ہے جبکہ گیس کے بلوں میں بھی 97 فیصد اضافہ کرتے ہوئے 105 ارب روپے کے مزید ٹیکسز لگانے جارہی ہے اور سرکاری ملازمین کے ریٹائرمنٹ کے بعد پنشن کی سہولت مکمل ختم کرنے کی بھی تیاری ہورہی ہے انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بنک کو ائی ایم ایف کے تابع کرکے اسکی خودمختاری کو ختم کیا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ کرپشن کو حکومت پروموٹ کررہی ہے عدل وانصاف کا کسی شعبے میں نام ونشان نہیں مہنگائی نے عوام کو ذلیل و خوار کردیا ہے انہوں نے کہا کہ خود پی ٹی ائی کے کئی اہم رہنما اور کارکن حکومتی پالیسیوں سے نالاں ہیں جسکا اظہار پی ٹی ائی بلوچستان نے کردیا ہے انہوں نے کہا کہ پی ایم ایل ن ملک کی سب سے بڑی جماعت بن کر ابھر رہی ہے بلوچستان میں شمولیتوں کا نہ رکھنے والا سلسلہ جاری ہے مستقبل ہمارا ہے کارکن لانگ مارچ کی تیاریاں جاری رکھیں جلد پی ڈی ایم کے اجلاس میں قوم کو نئی تاریخ کی نوید سنائی جائیگی۔

بقیہ 18

برسائے ہیں اور ان کو ضروریات زندگی سے محروم کردیا۔بلوچستان کے غریب عوام کو دو وقت کے کھانا میسر نہیں حکومت کی طرف سے روزانہ غریبوں کو تباہ وغربت بڑھانے کی خبریں آرہی ہے۔حکومتی پالیسیاں آئی ایم ایف کے تابع اور غریبوں کو زندہ درگور کرنے کیلئے ہیں۔جو حکومت چینی کی قیمت کنٹرول نہ کرسکی شوگر مافیا کے سامنے بے بس ہو وہ عوامی مسائل حل نہیں کرسکتی۔جماعت اسلامی ملک کی نظریاتی وجغرافیائی سرحدوں اور قومی آزادی وخود مختاری کا تحفظ اور ہر قسم کی مداخلت کا سدباب کرے گی قوم کو ووٹ دینے کے رویے اور طریقے کو بدلنا ہو گا ووٹ کی پرچی کا درست استعمال ملک اور قوم کے مستقبل کو سنوار سکتا ہے۔ملک میں کلمہ طیبہ کے نام سے تبدیلی کی ہوا چل پڑی ہے، لوگ حکومت واپوزیشن جماعتوں کی روایتی سیاست، بدعنوانی، بے حسی سے تنگ آچکے ہیں، گزشتہ 70 سالوں سے برسراقتدار طبقے نے ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر قوم کو جن مسائل سے دوچار کیا۔وقت آگیا ہے کہ قوم دیانت دار قیادت کا انتخاب کر کے ظلم کی اس رات کی تاریکی ختم کر دے۔انہوں نے کہا جماعت اسلامی ایک واضح پروگرام کے ساتھ جدوجہد کر رہی ہے، ہمارا مقصد ملک میں اسلامی نظام کا نفاذ ہے۔

بقیہ 19

کیا۔مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا کہ 3 سال میں حکومت نے عوام کیلئے کیا کیا؟ این ایف سی ایوارڈ کیلئے وزیراعظم کے پاس وقت نہیں، وزیراعظم قومی معاملات پر اجلاس نہیں بلاتے۔ان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم صرف ترجمانوں کا اجلاس بلاتے ہیں، پی ڈی ایم نہ ہوتی تو حکومتی ایوانوں سے آوازیں نہ آتیں۔پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ ملک پر مسلط نااہل حکمرانوں کے خاتمے کیلئے اپنا جدوجہد جاری رکھے گا یہ تحریک ملک میں عوام کی حقیقی نمائندوں کو صاف وشفاف انتخابات کے ذریعے لانے کی ہے حکمرانوں کے ہر قسم کے سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے گا۔

بقیہ 20

۔اطلاعات کے مطابق زشتہ روز بولان کے علاقے مچھ کے قریب موٹر سائیکل اور پک اپ میں تصادم کے نتیجے میں دو افراد نثار احمد اور فیاض احمد زخمی ہوگئے جنہیں سول ہسپتال مچھ منتقل کیا گیا۔

بقیہ 21

جھل مگسی کی دو متاثرہ یونین کونسلو ہتھیاری اور جھل مگسی میں لوکل آرگنائزیشن کی نشاندہی پر 280 متاثرہ خاندانوں میں 840 بکریاں تقسیم کی گئی اس موقع پر ضلعی پروگرام مینیجر منیر احمد، کپیسٹی بلڈنگ آفیسر سیف اللہ نے مقامی میڈیا کے نمائندوں کو بتایا کہ بی آر ایس پی جھل مگسی نے یو این او چھا اور پی ڈی ایم اے کے تعاون سے سیلاب متاثرہ یونین کونسلو میں پہلے مرحلے میں لائیوسٹاک کے ضلعی ڈاکٹر منصور احمد ترین و دیگر کی نگرانی اور معائنہ کرکے 280 گھرانوں میں بکریاں جبکہ دوسرے مرحلے میں 280 گھرانوں میں جازکیش کے ذریعے نقد رقوم اور تیسرے مرحلے میں 280 متاثرہ خاندانوں میں زرعی بحران سے نکلنے کیلئے کھاد فراہم کی ہیں اس موقع پر متاثرہ مقامی لوگوں نے بی آر ایس پی جھل مگسی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بی آر ایس پی نے متاثرین سیلاب کیلئے بہترین اقدامات کئے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ بی آر ایس پی کے اس تعاون سے ضلع بھر میں لائیوسٹاک اور زرعی پیداوار میں نمایاں طور پر اضافہ ہوگا انہوں نے کہا متاثرین سیلابی بحالی کیلئے کوشاں ہیں غریب عوام کو سہولیات فراہم کرنا اولین ترجیح ہے

بقیہ 22

کاکڑ نیشنل پارٹی کے خیربخش بلوچ، سابق س پیٹیر میر حسین بخش بنگلزئی، آغا سید حبیب اللہ شاہ چشتی، پروفیسر ولی کاکڑ، عبدالصمد، متین اخونزادہ، اکرم خلجی، یوسف خان کاکڑ اور عبدالمالک کاکڑ نے شہید صحبت خان کاکڑ کے چہلم کے موقع پر نواں کلی میں ملک عبدالخالق کاکڑ کی رہائش گاہ پر مقامی بلوچ پشتون اقوام اور قبائل کے ایک گرینڈ قومی وسیاسی جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔مقررین نے شہید صحبت خان کاکڑ کی جرات بہادری اور اپنی جائیداد پر جان نثار کرنے اور لینڈ مافیا کے خلاف مزاحمت کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اب کوئی بھی مائی کا لال کسی بھی غیرت مند بلوچ اور پشتون کی اراضی پر قبضہ کرنے کی جرات نہیں کرے گا۔مقررین نے کہا کہ منصوبہ بندی اور سازش کے تحت جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کرکے انہیں غنڈہ گردی کی کھل چھوٹ دی گئی ہے کالے شیشے والی گاڑیوں اور مسلح افراد کے جھتے جہاں چاہیں شریف النفس لوگوں کی جدی پشتی اراضی پر خیمہ زن ہو کر قبضہ جماتے ہیں اگر ان جرائم پیشہ عناصر کو ریاستی تائید وحمایت حاصل نہ ہو تو وہ عوام کی ایک انچ زمین پر قبضہ نہیں کرسکتے۔مقررین نے کہا کہ بدقسمتی سے آج بالادست قوتیں ہمارے قومی ادارو، سیاسی نظام اور شاندار ماضی کی روایات پر حملہ آور ہیں سیاست کو بزگندہ کیا گیا ہے سیاسی اداروں پر قبضہ گیری جاری ہے حقیقی نمائندوں کو پارلیمنٹ سے دور رکھا جارہا ہے سلیکٹڈ حکومت اور اسمبلیاں وجود میں لائی گئی ہیں مصنوعی قیادت کو آگے لایا جارہا ہے سیاست کے بعد اب قبائلی نظام میں بھی مداخلت عروج پر ہے مصنوعی سردار بنائے جارہے ہیں ان تمام سازش ومنصوبوں کا مقصد عوام کے اقتدار اور حاکمیت کو چھیننا ہے اور لینڈ مافیا کی سرپرستی اسی منصوبے کی ایک کڑی ہے آج ہر ایک شہری کی زبان زدعام ہے کہ جرائم پیشہ اور لینڈ مافیا کو ریاستی اداروں، حکومت اور پولیس کی سرپرستی حاصل ہے ہماری جدی پشتی اراضی کو ریاستی سرپرستی میں ان کے لوگ قبضہ کررہے ہیں دوسری جانب نواں کلی سمنگلی، بیبن کاریز، چشمہ اچوزئی، نوحصار، بلیلی سمیت کوئٹہ کی قیمتی اراضی کو ریاستی ادارے قبضہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں مقررین نے کہا کہ بلوچستان کی تمام اراضی یہاں کے قبائل اور عوام کی ملکیت ہے سرکاری اراضیات کے کسی فلسفے کو ہم نہیں مانتے ہم ہزاروں سالوں سے یہاں کی زمین کے مالک ہیں اگر سرکار کو کسی بھی منصوبے کیلئے اراضی کی ضرورت ہے تو مارکیٹ کے مطابق انکو معاوضہ ادا کیا جائے۔مقررین نے کہا کہ شہید صحبت خان کاکڑ کی شہادت کے بعد اب تک حکومتی اقدامات مایوس کن ہیں لینڈ مافیا کے قاتل ابھی بھی قانون کی گرفت سے آزاد ہیں اس موقع پر جرگہ میں بی این پی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر شاہوانی، ایم پی اے احمد نواز بلوچ، سابق اسپیکر عنایت اللہ بازئی، ملک عنایت اللہ کاسی، انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، شمس حمزہ زئی، پی ٹی آئی کے ملک فیصل کاکڑ، خدائے دوست کاکڑ سمیت ہزاروں سیاسی اور قبائلی عمائدین نے شرکت کی۔

بقیہ 23

بچی، گلا کٹنے سے شدید زخمی ہونے کے باعث بول تو نہیں سکتی تھی لیکن ہوش میں آنے کے بعد ان کی یادداشت بحال ہوگئی۔جب پولیس اہلکاروں نے انھیں بعض لوگوں کی تصاویر دکھائیں تو انھوں نے اس شخص کو فورا پہچان لیا جس نے مبینہ طور پر ان کا گلا کاٹ دیا تھا۔ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کوئٹہ اظہر اکرام نے بتایا کہ جب اس بچی نے ملزم کی تصویر دیکھی تو انھوں نے نہ صرف اس تصویر کی جانب ہاتھ سے اشارہ کیا بلکہ اس کے ساتھ اپنے گلے پر ہاتھ کے اشارے سے بتایا کہ کیسے ان کا گلا ایک چاقو سے کاٹنے کی کوشش کی گئی تھی۔بچی اس خوفناک منظر کی واحد چشم دید گواہ ہیں جب ایک شخص نے ان کے گھر میں داخل ہونے کے بعد ان سمیت چار بچوں کے گلے کاٹے تھے۔یہ واقعہ تقریبا دو ہفتے قبل پیش آیا تھا۔پولیس کے مطابق چاروں بچوں کے گلے کاٹنے کے بعد قاتل وہاں سے فرار ہوگیا تھا۔وہ شاید اس بات پر مطمئن ہوگا کہ بچوں میں سے کوئی زندہ نہیں ہوگا جبکہ کسی اور نے انھیں جرم کرتے دیکھا بھی نہیں تھا۔یہ کہانی ہے ان چار بہن بھائیوں کی جنھیں کوئٹہ کے علاقے سریاب میں ان کے گھر میں گلے کاٹ کر ہلاک کرنے کی کوشش کی گئی جس کی وجہ سے ان میں سے تین ہلاک ہو گئے جبکہ چوتھی بچی کو تشویشناک حالت میں سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کیا گیا تھا۔بچوں کے والد کا کہنا ہے کہ ان کے گھر کے تین پھول اجاڑ دیے گئے ہیں اور یہ ایسا غم ہے جسے الفاظ میں بیان کرنا مشکل ہے۔انھوں نے کہا کہ ان کا خاندان چاہتا ہے کہ اللہ کسی کے دشمن کو بھی ایسے غم سے دوچار نہ کرے۔کمسن بچوں کے ساتھ پیش آنے والے واقعے کے باعث لوگوں میں خوف کی لہر دوڑ گئی تھی کیونکہ کوئٹہ شہر میں رواں سال دو ماہ کے مختصر عرصے میں گلے کاٹنے کا یہ دوسرا واقعہ تھا۔اس سے قبل کینٹ پولیس سٹیشن کی حدود میں دو بچیوں اور ان کے والد کی ہلاکت گلا کاٹنے کی وجہ سے ہوئی تھی۔کینٹ میں پیش آنے والے واقعے میں پولیس کے مطابق ایک خاتون نرس نے اپنے شوہر اور دو بچیوں کا گلا کاٹنے کے بعد خودکشی کی کوشش کی تھی لیکن اس کو بچالیا گیا تھا چونکہ خاتون نے واقعے کے چند گھنٹے بعد ہوش میں آتے ہی سب کچھ بتا دیا تھا اس کے باعث پولیس کو اس واقعے کے حوالے سے زیادہ پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑا تھا۔لیکن سریاب کے علاقے میں تین بچوں کی ہلاکت اور ایک کو زخمی کرنے کے ملزم کے حوالے سے فوری طور پر ٹھوس شواہد نہیں تھے کیونکہ زخمی بچی کی حالت تشویشناک تھی اور وہ بے ہوش تھی جبکہ ملزم کو گھر میں آتے اور جاتے ہوئے کسی نے نہیں دیکھا تھا جس کی وجہ سے ملزم کی نشاندہی اور گرفتاری ایک بڑا چیلنج تھا۔ملزم کی گرفتاری کے بعد ڈی آئی جی کوئٹہ پولیس نے جو پریس کانفرنس کی اس میں ان کا یہ ماننا تھا کہ یہ کیس پولیس کے لیے بڑا چیلنج تھا۔ڈی آئی جی پولیس نے بتایا کہ پولیس نے واقعے کے بعد گھر کا جائزہ لیا تھا اور گھر کی اونچی دیواریں دیکھ کر یہ اندازہ لگایا تھا کہ ملزم گھر کے اندر دروازے سے ہی داخل ہوا ہوگا کیونکہ ان اونچی دیواروں کو پھلانگنا آسان نہیں۔

بقیہ 24

سے شرکت کرنے کا اعلان کیا متفقہ طور پر آل ملازمین گرینڈ الائنس کے عہدیداروں نے کہا کہ پولیو مہم کا بائیکاٹ ہوگا ہسپتال میں ایمرجنسی شعبہ حادثات لیبر روم کے علاوہ باقی بند ہونگے تمام دفاتر بند رہینگے تمام گرلز و بوائز سکولز بند رہینگے۔چاغی کے تمام ٹریڈ یونین باہمی احترام کے زریعے ایک دوسرے کو مکمل سپورٹ فراہم کرینگے حقوق کے حصول کیلئے کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے 29 مارچ کو گرینڈ الائنس میں شامل یونینز اپنی قوت کا مظاہرہ کرینگے حکومت ملازمین کے جائز حقوق کو تسلیم نہ کرنے کی جو روش اپنائی ہیوہ حکومتی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے شدید مہنگائی اور حکومتی غلط پالیسیوں کے باعث اس وقت ملازم طبقہ بشمول عام آدمی شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہے 25 فیصد تنخواہوں میں اضافہ کا فوری نوٹیفکیشن جاری کی جائے انہوں نے کہا کہ 29 مارچ کو دھرنے میں بلوچستان بھر سے ملازمین کا جو سیلاب کوئٹہ کا رخ کرے گا اسے روکنا حکومت کے بس سے باہر ہوگا تاریخی دھرنے میں ملازمین حقوق کے حصول تک ڈٹ کر مقابلہ کرینگے اگر مطالبات تسلیم نہیں کیئے گئے تو سرکاری مشینری جام کردینگے جس کی تمام تر ذمہ داری نااہل حکومت پر ہوگی اجلاس سے آغا کے ضلعی نائب صدر عبدالرب نوتیزئی۔سیکرٹری اطلاعات حاجی عبداللطیف میرانزئی۔فنانس ڈاکٹر حامد گل یوسف زئی۔ڈپٹی سیکرٹری اسرار رند نے شرکت کی۔

بقیہ 25

عمران خان کی حکومت کو کیوں مضبوط کررہے ہیں؟ سینیٹ میں پاکستان پیپلز پارٹی اپوزیشن کی سب سے بڑی جماعت تھی، قائد حزب اختلاف کا عہدہ پیپلز پارٹی کا جمہوری حق ہے اس حق کو نہ ماننا کونسی اصول پرستی ہے۔اپنے ایک بیان میں پلوشہ خان نے کہا کہ آئین اور جمہوریت کی جدوجہد میں جیالوں نے آگ اور خون کے دریا عبور کئے ہیں اس لئے برائے مہربانی کوئی بھی ہمیں جمہوریت کا سبق نہ پڑھائے۔سینیٹر پلوشہ خان نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) والے بتائیں کہ وہ بزدار کو برقرار رکھ کر عمران خان کی حکومت کو کیوں مضبوط کر رہے ہیں؟ پنجاب میں سینیٹروں کو بلا مقابلہ لانا اگر ملی بھگت نہیں تھی تو کونسا خوف تھا کہ اس نے مقابلہ کرنا مناسب نہ سمجھا۔انہوں نے کہا کہ مریم نواز کا اعظم نذیر تارڑ کو سینیٹ میں قائد حزب اختلاف بنانے کا اسرار بھی سوالیہ نشان ہے۔پیپلز پارٹی کے سینیٹر ایسے شخص کو قائد حزب اختلاف بنانے کی کیسے حمایت کرسکتی تھی جو محترمہ بینظیر بھٹو شہید کے قاتلوں کا ابھی تک وکیل ہے۔سینیٹر پلوشہ خان نے سوال کیا کہ سینیٹ میں حزب اختلاف کے اراکین کی تعداد بڑھنے سے مریم نواز اور ان کے ساتھیوں کو کیوں تکلیف ہورہی ہے۔سینیٹر پلوشہ خان نے کہا کہ سید یوسف رضا گیلانی نے جمہوری انداز میں قائد حزب اختلاف کا منصب حاصل کیا جبکہ مریم نواز جس کو سینیٹ میں قائد حزب اختلاف بنانا چاہتی تھیں کا سینیٹر بنا بھی ایک معمہ ہے۔

بقیہ 26

ڈان اور کورونا ایس او پیز کی خلاف ورزی پر ایکشن کا سلسلہ جاری ہے اس ضمن میں گزشتہ روز مزید 5 شاپنگ مالز اور 22 ریسٹورنٹ کو سیل کردیا گیا جبکہ مالکان کو 50 ہزار روپے جرمانہ بھی کیا گیا۔بارہ روز میں کورونا ایس او پیز کی خلاف ورزی پر مجموعی طور پر 613 مقامات کو سیل اور ساڑھے 5 لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر محمد علی نے بتایا کہ 15 مارچ سے اب تک 421 شاپنگ مالز و پلازے، 106 ریسٹورنٹس، 34 شادی ہالز اور 52 نجی سکولوں کو سیل کیا جاچکا ہے۔

بقیہ 27

کے لیے ڈسٹری بیوشن پلان تیار کرلیا گیا، پنجاب کی فعال شوگر ملوں کے پاس 25 لاکھ 42 ہزار میٹرک ٹن چینی کا اسٹاک موجود ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق محکمہ خوراک نے صوبہ پنجاب کو چینی کی فراہمی کے لیے ڈسٹری بیوشن پلان تیار کرلیا، پنجاب کی آبادی 11 کروڑ اور چینی کی طلب 2 لاکھ 80 ہزار میٹرک ٹن ماہانہ ہے۔پنجاب کی فعال شوگر ملوں کے پاس 25 لاکھ 42 ہزار میٹرک ٹن چینی کا اسٹاک موجود ہے، محکمہ خوراک کے مطابق پنجاب کی شوگر ملوں کے پاس ضرورت کے مطابق چینی موجود ہے۔ذرائع کے مطابق 30 کلوگرام فی کس کے حساب سے ضروریات 9 ہزار 353 میٹرک ٹن روزانہ ہے۔صرف لاہور کی آبادی 1 کروڑ 11 لاکھ اور چینی کی ضرورت 33 ہزار 378 میٹرک ٹن ہے۔حکام کے مطابق ڈی سی شوگر ملوں اور ڈیلرز کے ذریعے مارکیٹوں میں چینی فراہمی کے پابند ہوں گے، شوگر ڈیلرز ڈی سی کی موجودگی میں ملوں سے 93 روپے فی کلو چینی خریدیں، شوگر ڈیلرز ریٹیل میں 96 روپے فی کلو فروخت کرنے کے پابند ہوں گے۔حکام کے مطابق شوگر ڈیلرز منافع کی مد میں 3 روپے فی کلو رکھنے کے مجاز ہوں گے۔

بقیہ 28

شہباز شریف نے پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف حمزہ شہباز کو پیپلز پارٹی کیخلاف کسی بھی قسم کی بیان بازی سے روک دیا۔پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف حمزہ شہباز نے کوٹ لکھپت جیل میں شہباز شریف سے ملاقات کی جو سوا دو گھنٹے جاری رہی، جس میں پی ڈی ایم میں تضادات پر مشاورت کی گئی۔ذرائع (ن) لیگ کے مطابق حمزہ شہباز نے یوسف رضا گیلانی کو ایوان بالا میں قائد حزب اختلاف بنائے جانے پر مسلم لیگ (ن) میں پائی جانے والی بے چینی سے آگاہ کیا۔حمزہ شہباز نے شہباز شریف سے کہا کہ پیپلز پارٹی نے یوسف رضا گیلانی کے معاملے پر ہمیں اعتماد میں نہیں لیا، پیپلز پارٹی کے اس رویے پر پی ڈی ایم کے اجلاس میں احتجاج کا فیصلہ کیا گیا ہے۔شہباز شریف نے حمزہ شہباز کو پیپلز پارٹی کے خلاف کسی بھی قسم کی بیان بازی سے روکتے ہوئے ہدایت کی کہ پیپلز پارٹی کے معاملے پر آپ نے کوئی بیان نہیں دینا، یوسف رضا گیلانی کے معاملے پر پی ڈی ایم میں (ن) لیگ کے سینئر رہنما معاملہ اٹھائیں۔شہباز شریف نے حمزہ شہباز سے گفتگو میں کہا کہ سپریم کورٹ کی جانب سے پنجاب میں بلدیاتی اداروں کی بحالی کا فیصلہ خوش آئند ہے۔شہباز شریف نے حمزہ کو بلدیاتی نمائندوں سے رابطوں میں تیزی لانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ آپ فوری طور پر بلدیاتی نمائندوں سے ملاقاتوں اور کنونشنز کا اہتمام کریں، بلدیاتی نمائندے (ن) لیگ کی اصل قوت ہیں، موجودہ سیاسی صورتحال میں بلدیاتی نمائندوں کو قانونی وسیاسی معاونت فراہم کریں۔

بقیہ 29

اتھارٹی نے سیالکوٹ کھاریاں موٹر وے کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ موڈ پر کروانے کی منظوری دے دی۔ہفتہ کو وزارت منصوبہ بندی کے اعلامیہ کے مطابق وزیر منصوبہ بندی اسد عمر کی زیر صدارت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس ہوا جس میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پروگرام کے تحت بلڈ، آپریٹ، اور ٹرانسفر کی بنیاد پر موٹروے تعمیر کرنے کی منظوری دی گئی، اجلاس میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی 69 کلومیٹر طویل چار لین سیالکوٹ کھاریاں موٹروے پروجیکٹ کے ورکنگ پیپر اور پریزنٹیشن کا جائزہ لیا گیا۔اسد عمر نے کہا کہ منصوبے کی کامیابی سے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے قومی پروگرام کو تقویت ملے گی، مستقبل میں نجی پارٹنرشپ کے لیے مزید لین دین کی راہ ہموار ہوگی۔اسد عمر نے کہا کہ این ایچ اے اور پی تھری اے اس منصوبے کو کامیاب بنانے کے لئے اپنا تعاون جاری رکھیں، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ منصوبوں میں آگے بڑھنے کی بھرپور صلاحیت ہے، بورڈ نے سیالکوٹ کھاریاں موٹروے منصوبے کی منظوری دیدی، منصوبہ کی کمرشل، فنانشل فزیبلیٹی سٹڈی، لین دین کے طریقہ کار، اور پروپوزل پیکج کی درخواست کی بھی منظوری دی گئی۔

بقیہ 30

سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ حاجی صالح محمد مولانا محمد عارف شمشیر حافظ سردار محمد نورزئی حاجی قاسم خان خلجی سالار حافظ مجیب الرحمٰن ملاخیل میر فاروق لانگو چوہدری محمد عاطف مولانا جمال الدین حقانی مولانا مفتی نیک محمد فاروقی مولانا مفتی محمد ابوبکر حافظ رحمان گل حافظ دوست محمد نے کہا ہے کہ جمعیت نے سیاست میں عہد وپیمان اور میثاق کی خاطر دنیا کے مناصب اور چمک دمک کا ذرہ برابر خیال نہیں رکھا، مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی محمود نے جو اصولی سیاست کی داغ بیل ڈالی تھی آج بھی وہ ملکی سیاست کیلئے مشعل راہ ہے ہر دور میں ہم کٹ مرے ہیں لیکن اصولوں پر کوئی کمپرومائز نہیں کیا ہے معاہدات اور میثاق کا اگر جمہوری پارٹیاں کہلانے والی خیال نہیں رکھتیں تو ان کو عوام کو امیدیں دلانے کا کوئی حق نہیں اگر معمولی منصب کے سامنے اصولوں کا قتل تاریخ کا سیاہ باب ہے انہوں نے کہا جمعیت علما اسلام اصول پرست اور محب وطن جماعت ہے جو عوام کے جمہوری حقوق پر کوئی سمجھوتا نہیں کرے گی انہوں نے کہا کہ روایتی اور موسمی جماعتوں کا وقت گزر چکا ہے عوام کی جمعیت جیسی نظریاتی جماعت میں شمولیت بابصیرت قیادت کی عوامی سیاست کی مقبولیت کی دلیل ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے اور نظریاتی طور پر اسلام سے جڑا ہوا ہے اس میں کوئی اور نظریہ نہیں چل سکتا پاکستان کے قیام کا مقصد بڑا واضح ہے کہ آئین قرآن وسنت پرمبنی ہوگا بدقسمتی سے امریکہ اور مغرب کے دباؤ میں آکر وقت کے حکمرانوں نے ہمیشہ آئین سے انحراف کرکے قادیانی لابی اور یہودی لابی کو سپورٹ کیا ہے


## عوامی اشتہارات

IMROZ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں 3 دن میں ہمیں اپنی شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دارنہ ہوگا

### تلاش گمشدگی

میرے زمین کے کاغذات بنام کاشف عزیز ولد عبدالعزیز شناختی کارڈ نمبر 54400048466 گوادر انڈسٹریل ڈویلپمنٹ اتھارٹی PDS NO.4B پلاٹ نمبر 257 کیٹگری انڈسٹریل ایریا ایک ایکڑ زمین کے کاغذات کہیں آتے جاتے ہوئے گم گئے ہیں اگر کسی کو ملے برائے مہربانی اس نمبر 0300838999 پر اطلاع دیں۔

المشتہر: کاشف عزیز ولد عبدالعزیز


بقیہ 31

حبیب اللہ، نائب امیر مولوی عبدالاحد، ناظم عمومی مولوی محمد سلیم شاکر، سیکرٹری اطلاعات جمال الدین ملکیار، سیکرٹری مالیات حاجی محمد حنیف، سالار حاجی روزی خان، شمس اللہ، نیاز محمد، سرپرست اعلیٰ مولوی حاجی محمد، عبدالقیوم اخوندزادہ، قاری اختر محمد، مولوی نعمت اللہ سمیت دیگر نے گزشتہ روز تنظیمی امور سے متعلق مختلف اجلاسوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تحصیل امیر مفتی جمیل احمد نے کارکنوں کو ہدایت کی کہ وہ لانگ مارچ کیلئے اپنی تیاریاں مکمل کرے، قائد جمعیت و پی ڈی ایم کے مرکزی صدر مولانا فضل الرحمٰن کی ہدایت پر لبیک کہتے ہوئے جماعت کا ہر کارکن لانگ مارچ میں بھرپور شرکت کرے گا اس سلسلے میں تمام یونٹ صدور، جنرل سیکرٹریز کو تیاریاں جاری رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے، جمعیت علما اسلام نے پاکستان میں دلیل اور پرامن سیاست کے فروغ کیلئے جو اصول متعارف کروائے وہ تمام جماعتوں کیلئے مشعل راہ ہے انہوں کہا کہ ہر قسم حالات میں جمعیت کی جدوجہد کا بہار زندہ رہے گا۔انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام اسلاف دیوبند کے عظیم جماعت ہے مولانا فضل الرحمٰن کی قیادت وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام ہر ظالم سے بغاوت اور ہر مظلوم کی حمایت جاری رکھے گی انہوں نے کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی حکم کے منتظر ہیں ہماری جدوجہد اور سیاست کا مقصد شخص کی تبدیلی نہیں نظام کے تبدیلی کے لئے عملی طور پر جہد وجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 32

۔نوٹیفکیشن کے مطابق ای ٹی اوسید حبیب عالم شاہ ای ٹی او زون 9 ریجن بی لاہور، ای ٹی او موٹر رجسٹریشن اتھارٹی حماد علی خان کو ای ٹی او زون 1 ریجن اے لاہور، محمد اسلم بھٹی ای ٹی او موٹر رجسٹریشن اتھارٹی لاہور اور ای ٹی او زون 9 ریجن بی غلام محمد کو ڈی جی آفس رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا۔

بقیہ 33

کہ ہمارے پاس اس بات کے قوی شواہد ہیں کہ چینی سٹہ مافیا نے چینی کی قیمت میں غیر قانونی طور پر اضافہ کیا۔اس حوالے سے ذرائع کے مطابق خط کے متن میں بتایا گیا ہے کہ رواں سال مارچ میں ہی چینی کی قیمت میں 20 روپے سے زائد کا غیر قانونی اضافہ کیا گیا۔ایف آئی اے لاہور نے اپنے خط میں کہا ہے کہ چینی کی قیمت میں اس غیر قانونی اضافے سے عوام کو 110 ارب روپے کا نقصان ہوا۔خط کے متن میں ایف آئی اے لاہور نے ایف آئی اے کراچی کو شہر میں 23 چینی سٹہ کرنے والوں کی تفصیل بھی دی ہے، اس فہرست میں چینی مافیا کے ان لوگوں کے نام شامل ہیں جو چینی کی قیمت میں اضافے کے ذمہ دار ہیں۔ایف آئی اے کی فہرست میں جو نام شامل ہیں ان میں دانش، فرقان بابا، کھیم چند دینانی، دیوی داس حیدرآباد، جیکمار، جاوید تھارا، حاجی ضمیر، ہریش کمار، مہیش کمار، ویشال کلارا، روہت چنی لالہ، ستیا پال کلارا، سنتوش کمار ہیں۔اس کے علاوہ راجہ چنی لال، جوتی پرکاش، پون سیلانی، دیال داس، پریم کمار، دلیپ دیوتانی، دیوداس، روی کور یجانا تک رام دینانی، روشن لال، منگارام عرف جنگل کشور کا نام بھی شامل ہے۔ایف آئی اے لاہور کی جانب سے کراچی آفس کو جاری کی گئی مذکورہ فہرست میں جن 23 افراد کے نام شامل ہیں ان کا تعلق پاکستان شوگر گروپ، شوگر مرچنٹس اور شوگر ٹریڈرز گروپ سے ہے۔

بقیہ 34

بھیجنے سے روک دیا ہے۔ذرائع کے مطابق وزارت داخلہ کو 15 روز میں آرمز آرڈیننس رولز کابینہ میں پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔رولز منظوری کے بعد وزارت داخلہ سیاسی، سول وعسکری شخصیات کو اسلحہ لائسنس جاری کرے گی۔

بقیہ 35

پیپلز پارٹی کے مستقبل کا فیصلہ مولانا فضل الرحمٰن کریں گے، پی ڈی ایم دس جماعتوں کا اتحاد ہے جس میں کسی کو کان پکڑ نہیں لائے، پیپلز پارٹی کے انفرادی فیصلے نے اجتماعی نقصان پہنچایا جس سے جدوجہد کو دھچکا لگا، مہنگائی کے ذمہ داروں کے خلاف نیب نے مجرمانہ خاموشی اختیار کررکھی ہے، چینی، آٹا، تیل، انڈے اور دوائیں اس وقت تک سستی نہیں ہوں گی جب تک عمران خان ملک پر مسلط ہیں، ایف آئی اے نے کہا ہے کہ عمران خان، بزدار، جہانگیر ترین اور خسرو بختیار چینی چور ہیں، ندیم بابر کو عہدے سے ہٹانا نہیں بلکہ جیل میں ڈالنا چاہیے تھا۔لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ اس وقت ملک پر نااہل نالائق ٹولہ مسلط ہے جو عوام کو لوٹ رہا ہے، چور دروازے سے وارداتیں ڈال رہے ہیں، دو ہزار چودہ سے بائیس تک کنٹینر پر چڑھ کر جھوٹ بولے گئے، ایک کروڑ نوکری اور پچاس لاکھ گھر نہ دے سکے تو جھوٹ بولنا پڑتا ہے،

# پشین، کلی کربلا میں قبرستان پر تعمیرات بند کی جائیں، قبائلی عمائدین

بعض عناصر کو کلی کربلا کا امن اور یہاں آباد قبائیل کا بھائی چارہ اور باہمی اتحاد و اتفاق ہضم نہیں ہو رہا ہے

**آئے دن علاقے میں مختلف اقوام کے آراضیات کو قبضہ کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں، مناف کاکڑ، ملک رمضان، حاجی نیک محمد**

پشین (روح اللہ کاکڑ) کلی کربلا میں قبرستان کی زمین پر تعمیرات روک کر مردوں کیلئے وقف آراضی پر قبضہ کرنیوالوں کے خلاف کارروائی کی جائیں، قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی کی عدم صورت علاقے میں قبائلی تصادم کا خطرہ پیدا ہوا ہے، ان خیالات کا اظہار کلی کربلا کے رہائشی مختلف قبائلی رہنماؤں حاجی عبدالمناف کاکڑ، ملک محمد رمضان، حاجی نیک محمد، محبوب خان نے علاقے کے دیگر قبائلی معتبرین اور عمائدین کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ کلی کربلا ایک پرامن علاقہ ہے، یہاں کے مختلف قبائل سید، کاکڑ،

بقیہ 29 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین، کلی کربلا کے رہائشی قبائلی رہنما حاجی عبدالمناف کاکڑ، ملک حاجی محمد رمضان اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## ملک میں از وقت انتخابات ناگزیر ہو گئے ہیں، لیاقت بلوچ

**اس سے قبل کہ کوئی سیاسی حادثہ ہو جائے ملک میں قبل از وقت انتخابات نوشتہ دیوار ہیں**

کوئٹہ (این این آئی) جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے ملک میں نئے عام انتخابات کرانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں از وقت انتخابات ناگزیر ہو گئے ہیں اس سے قبل کہ کوئی سیاسی حادثہ ہو جائے ملک میں قبل از وقت انتخابات نوشتہ دیوار ہیں جماعت اسلامی نے انتخابی اصلاحات تیار کر لئے ہیں تمام جماعتوں کے پاس

بقیہ 30 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## حاجی رمضان اچکزئی کی قیادت میں مزدوروں کے مسائل حل ہو رہے ہیں، نعمت مینگل

**مزدوروں کی پرموشن پر ایس ای جی ایس اور میر مجیب مری صاحب مینجمنٹ اور صوبائی قائدین کے مشکور ہیں**



کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو یونین جی ایس او سرکل کے چیرمین نعمت مینگل وائس چیرمین حاجی شیر محمد اچکزئی جنرل سیکرٹری عبدالسلام جوائنٹ سیکرٹری فاروق ریسانی شبیر منگل سٹی ڈویژن چیرمین گل خان سلیمان خیل سب ڈویژن چیرمین روشد رضا سریاب سب ڈویژن

بقیہ 33 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ہرنائی، صوبائی وزیر نور محمد دمڑ ڈگری کالج ہرنائی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## جس طرح اسمبلی اور صوبہ چلایا جا رہا ہے وہ انتہائی قابل مذمت ہے، فردوس شمیم نقوی

**سندھ حکومت کی کراچی ٹرانسفارمیشن پلان میں کارکردگی خراب ہے، سینئر رہنما تحریک انصاف**

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما و رکن سندھ اسمبلی فردوس شمیم نقوی نے انصاف ہاؤس میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ جس طرح اسمبلی اور صوبہ چلایا جا رہا ہے وہ انتہائی قابل مذمت ہے۔ پی ڈی ایم سے پاپا تو نکل گئے اب ڈیڈی اور مولانا رہ گئے ہیں۔ پی ڈی ایم کا شیرازہ بکھر چکا ہے۔ اس موقع پر

بقیہ 37 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## پاکستان پیپلز پارٹی جمہوریت کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے، میاں خرم رسول

**جمہوری طریقہ کار سے ہی مخالفین کا مقابلہ جاری رکھے گی، رہنما پیپلز پارٹی**

اسلام آباد (این این آئی) سینئر رہنما پاکستان پیپلز پارٹی میاں خرم رسول، سابق میڈیا ایڈوائزر وزیر اعظم پاکستان میاں خرم رسول نے کہا ہے کہ سینٹ میں قائد حزب اختلاف کے حوالے سے یوسف رضا گیلانی کی جیت پاکستان پیپلز پارٹی کی جیت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی جمہوریت کی بالادستی اور آئین کی حکمرانی پر یقین رکھتی ہے اور

بقیہ 38 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### جیکب آباد میں اسکول کا مین گیٹ گرنے سے 8 سالہ طالب علم جاں بحق ہو گیا

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں اسکول کا مین گیٹ گرنے سے 8 سالہ طالب علم جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے علاقے آباد کے قریب نواحی گاؤں قادر بخش منگریو کے

بقیہ 39 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### وانگ کے زیر اہتمام دوسرا سالانہ ریاضی و سائنس مقابلہ کے لیے ٹیسٹ کا انعقاد

اوتھل (نمائندہ امروز) وانگ کے زیر اہتمام دوسرا سالانہ ریاضی و سائنس مقابلہ کے لیے ٹیسٹ کا انعقاد تین اپریل کو منعقد کیا جائے گا جس میں لسبیلہ بھر سے 160 طلباء شریک ہونگے جس میں ہر مضمون کی ٹاپ پانچ پوزیشن ہولڈرز میں

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### کراچی ریلوے نے یوسف والا ٹرین کے لیئے رکارڈ ویگنیں لوڈ کر لیں

کراچی (این این آئی) پاکستان ریلوے کراچی نے ایک ہی دن میں یوسف والا فریٹ ٹرینوں کے لیئے 392 کوئلے کی ویگنیں جن کی مجموعی گنجائش 23,520 ٹن بنتی ہے لوڈ کر کے ایک نئی تاریخ رقم کر لی۔ مذکورہ عدد جنوری 2017 میں یوسف والہ

بقیہ 32 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### تحریک انصاف کی جانب سے صحافی اجے لالوانی کے قتل کے خلاف دھرنا دیا گیا

جیکب آباد (این این آئی) تحریک انصاف کی جانب سے صحافی اجے لالوانی کے قتل، کوہاٹ میں 3 سالہ معصوم بچی حریم فاطمہ کو زیادتی کا نشانہ بنا کر قتل کرنے سمیت بنوں میں چار نوجوانوں کے بے رحمانہ قتل والے سانحات کے خلاف مظاہرہ کر کے

بقیہ 34 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### پیٹرولیم بحران کی فرانزک تحقیقات کا خیر مقدم کرتے ہیں، حاجی حنیف طیب

کراچی (این این آئی) نظام مصطفی پارٹی کے چیرمین سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے پیٹرولیم بحران کی فرانزک تحقیقات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ گذشتہ برس عالمی منڈی میں تیل کی سب سے کم

بقیہ 35 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### بھنگ کے بعد اب کیلے کے درخت کے تنے سے بھی کپڑا اپنا لیا گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان میں کپڑے کی صنعت میں بڑی پیش رفت دیکھی جا رہی ہے، بھنگ کے بعد اب کیلے کے درخت کے تنے سے بھی کپڑا بنا لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے ماہرین نے کیلے کے درخت کے تنے سے کپڑا تیار کر لیا۔ اس حوالے پروجیکٹ کے سربراہ ڈاکٹر محمد محسن نے بتایا کہ پاکستان میں 34 ہزار 800 ہیکٹر پر کیلے کی کاشت ہوتی ہے جو سالانہ کیلئے کی 1 لاکھ

بقیہ 36 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## ٹی بی ایک متعدی بیماری ہے لیکن خطرناک نہیں ہے، ڈاکٹر آصف

**اگر مریض کو دو ہفتے سے کھانسی اور بخار ہو اور بھوک نہ لگتی ہو وزن مسلسل کم ہو رہا ہو**

اوتھل (نمائندہ امروز) لسبیلہ کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں محکمہ صحت، پی پی ایچ آئی اور لوکل این جی او SPO کے اشتراک سے عالمی یوم ٹی بی منایا گیا جس میں ضلع بھر کے محکمہ صحت کے ہسپتالوں کے انچارجز، ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف نے کافی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی اور شرکاء کو ٹی بی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## کراچی میں کرنٹ لگنے سے متاثرہ بچے کو 8 سال بعد انصاف مل گیا

**عدالت کا کے الیکٹرک انتظامیہ کو ڈیڑھ کروڑ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا حکم**

کراچی (این این آئی) کراچی میں کرنٹ لگنے سے متاثرہ بچے کو 8 سال بعد انصاف مل گیا، عدالت نے کے الیکٹرک انتظامیہ کو ڈیڑھ کروڑ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا حکم دے دیا۔ کے الیکٹرک کو بدانتظامی مہنگی پڑ گئی، کرنٹ لگنے سے متاثرہ لڑکا کے الیکٹرک کے خلاف 8 سالہ قانونی جنگ جیت گیا۔ سال 2013 میں مواچھ گوٹھ کے علاقے میں

بقیہ 7 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## کراچی، 12ویں ادبی میلے کے ڈیجیٹل ایڈیشن کا دوسرا روز

**کراچی لٹریچر فیسٹیول میں غلط خبریں اور غلط معلومات کے حوالے سے بھی دلچسپ سیشن رکھا گیا**

کراچی (این این آئی) کراچی میں 12ویں ادبی میلے کے ڈیجیٹل ایڈیشن کے دوسرے روز مختلف ملکی و غیر ملکی مصنفین کی کتابوں کی رونمائی کی گئی۔ ادب سے محبت کرنے والے ہر سال کراچی ادبی میلے کا انتظار کرتے ہیں۔ اس بار کورونا کی وبا کے باعث فیسٹیول کو ڈیجیٹل ایڈیشن کا نام دیا گیا ہے۔ دوسرے روز 19 سیشنز کا اہتمام کیا گیا جس

بقیہ 11 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## جے یو آئی ضلع غربی کراچی کا اہم ترین اجلاس

**این اے 249 میں انتخابی مہم کیلئے یوسی سطح پر کمیٹیاں تشکیل دیدیں**

کراچی (این این آئی) جے یو آئی کا این اے 249 پر ضمنی انتخابات میں انتخابی مہم کیلئے مختلف کمیٹیاں تشکیل دیدیں، جے یو آئی ضلع غربی کراچی کا اہم ترین اجلاس پارٹی امیدوار و ضلعی امیر مولانا عمر صادق کے زیر صدارت راجہ تنویز کالونی میں عبدالوحید خان سواتی کی میزبانی میں منعقد ہوا جس میں صوبائی نائب امیر مولانا عبدالکریم

بقیہ 12 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## متحدہ رہنماؤں کے خلاف میڈیا ہاوسز حملہ کیسز

**گواہ پولیس اہلکار نے 10 ملزمان کو شناخت کرلیا**

کراچی (این این آئی) انسداد دہشت گردی کی عدالت میں ایم کیو ایم رہنماؤں کے خلاف میڈیا ہاوسز پر حملے کے کیسز میں گواہ پولیس اہلکار نے 10 ملزموں کو شناخت کرلیا۔ اشتعال انگیز تقاریر کے مقدمات میں چار گواہوں کے بیانات قلمبند کرلئے گئے۔ انسداد دہشت گردی عدالت میں میڈیا ہاوسز پر حملے کے دو مقدمات کی سماعت ہوئی۔ ایم کیو ایم

بقیہ 13 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## اسٹیٹ بینک کے ترمیمی بل سے ایسٹ انڈیا کمپنی کی بنیاد پڑ جائیگی، کنور محمد دلشاد

**بل کی منظوری سے پارلیمنٹ وزیر خزانہ کا مرکزی بینک سے کنٹرول ختم ہوجائے گا، بیان**

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین نیشنل ڈیموکریٹک فاؤنڈیشن و سابق سیکریٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان کنور محمد دلشاد نے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک کے حوالہ سے جو بل حکومت لا رہی ہے اس طرح پاکستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی بنیاد پڑ جائے گی اس بل کی منظوری سے پارلیمنٹ وزیر خزانہ کا مرکزی بینک سے کنٹرول ختم ہوجائے گا اور گورنر اسٹیٹ بینک کو ایف آئی اے قومی احتساب بیورو کے دائرہ کار سے بھی باہر رکھا گیا ہے اور چیک

بقیہ 15 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

# رمضان سے قبل مہنگائی کا طوفان سر اٹھاتا ہے، جمال شاہ کاکڑ

حکومت کو چاہیے کہ وہ عملی طور پر ریلیف دینے کے لئے منافہ خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کاروائی کرے، سابق اسپیکر

**مصنوعی مہنگائی کا طوفان عوام کو چاروں جانب سے گھیر لیتا ہے اشیاء خورد و نوش سمیت ہر چیز مہنگی ہو جاتی ہے سامان بلیک میں فروخت کیا جاتا ہے**

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ رمضان کی آمد سے قبل مہنگائی کا طوفان ایک بار پھر سر اٹھا رہا ہے حکومت کو چاہیے کہ وہ عملی طور پر ریلیف دینے کے لئے منافہ خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کاروائی کرے زبانی جمع خرچ کی وجہ سے عوام کو پہلے ہی بہت نقصان پہنچ چکا ہے، یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں مذہبی ایام کے موقع پر خصوصی طور پر اشیاء کی قیمتیں کم کی جاتی ہیں تاجر اور حکومت دونوں ہی عوام کو ریلیف دیتے ہیں تاکہ ہر طبقہ مذہبی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### چاغی پولیس کی جانب سے کامیاب کاروائی موٹر سائیکل چور گرفتار

دالبندین (نامہ نگار) چاغی پولیس کی جانب سے کامیاب کاروائی موٹر سائیکل چور گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی محمد ارشد جدون کے ہدایت پر ایس ایچ او گل بدین سالانی، ایس آئی حفیظ اللہ، اے ایس آئی شبیر احمد، اے ایس آئی محمد حسن

بقیہ 4 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## فیملی پلاننگ سسٹم کو بحال کیا جائے گا، ممتاز علی مگسی

**عوام کو صحت کی تمام سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے**

گنداواہ (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر جھل مگسی ممتاز علی مگسی نے کہا ہے کہ عوام کو صحت کی تمام سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے میر یوسف عزیز مگسی پریس کلب گنداواہ میں آمد کے موقع پر صدر استاد فدا حسین ترین جنرل سیکرٹری و دیگر صحافیوں سے ملاقات کی اور انہوں نے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### مالی تنازعے نے دوست کے ہاتھوں دوست کی جان لے لی

کراچی (این این آئی) مالی تنازعے نے دوست کے ہاتھوں دوست کی جان لے لی۔ تفصیلات کے مطابق ساتھ پولیس کی جانب سے جاری بیان کے مطابق لیاری کے رہائشی لیاری میں قاتل عبدالستار اور مقتول نوید خان میں مالی تنازعہ چل رہا تھا،

بقیہ 5 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## حکومتی اقدامات سے عوام براہ راست مستفید ہو رہی ہے، نور محمد دمڑ

**موجودہ صوبائی حکومت عوام کی تعمیر و ترقی کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے**

ہرنائی (حریف ترین) بی اے پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت عوام کی تعمیر و ترقی کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے ان حکومتی اقدامات سے عوام براہ راست مستفید ہو رہی ہے ہم نے روز اول سے عوام کی خدمت کا تہیہ کر رکھا ہے تاکہ ان کے مسائل کا ازالہ کیا جا سکے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### عبدالشکور شاد اور رمضان گھانچی کی ہدایت پر ترقیاتی کام جاری

کراچی (این این آئی) پی ٹی آئی رکن قومی اسمبلی عبدالشکور شاد، اور ایم پی اے رمضان گھانچی کی ہدایت پر این اے 246 پی ایس 109 یوسیز میں ترقیاتی کام تیزی سے جاری جس میں علاقے کی گلیوں میں سی سی بلاک فلورنگ مین ہولز سیوریج کا

بقیہ 8 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاک سرزمین پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے صدر علاؤالدین ترین اور دیگر کا ڈی ایس پی آصف غور اور ایس ایچ او نیو سریاب عبدالحئی کو ہار پہنا کر بعد گروپ فوٹو

## شوگر مافیاز کیخلاف کارروائی مزید تیز

**چینی سٹہ مافیا نے غریب عوام کے ساتھ سنگین ترین مالی فراڈ کیا**

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے شوگر مافیاز کیخلاف کارروائی مزید تیز کرتے ہوئے شوگر ملز بلیک لسٹ کرنا شروع کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان نے 26 ارب روپے کے غبن میں ملوث شوگر ملز کو بلیک لسٹ کرتے ہوئے ان پر مقدمات درج کر لئے ہیں۔ بلیک لسٹ ہونے والی شوگر ملز میں

بقیہ 10 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### ہولی، امن، محبت، پیار اور خوشیوں کا تہوار ہے، شام سندر کے آڈوانی

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اقلیتی ونگ کے مرکزی رہنما ڈاکٹر شام سندر کے آڈوانی نے ہولی کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ ہولی، امن، محبت، پیار اور خوشیوں کا تہوار ہے جو بہار کی رتوں میں آتا ہے، جب ہر

بقیہ 9 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

# ملک کے محنت کش طبقے اور غریب عوام کا استحصال تسلیم نہیں، پی ڈبلیو سی

حکومتیں آئی ایم ایف اور ورلڈ بنک کی پالیسیوں پر عمل کر کے اداروں کو تباہ کر رہی ہیں

**وفاق کی طرح بلوچستان حکومت کو بھی 25 فیصد تنخواہ میں اضافہ کرنا ہوگا، خان زمان، عابد بٹ**

کوئٹہ (این این آئی) ملک کے بڑے اور منافع بخش اداروں کی نجکاری تسلیم نہیں کی جائے گی وفاقی اور چاروں صوبائی حکومتیں آئی ایم ایف اور ورلڈ بنک کی پالیسیوں پر عمل کرتے ہوئے بیروزگاری پھیلانے اور ملازمین کا معاشی قتل کرنے پر عمل پیرا ہیں محکمہ فنانس بلوچستان کی جانب سے اداروں کو مہیا کئے جانے والے فنڈز پر کٹ لگانے سے پبلک اداروں کے مسائل میں بڑھے ہیں۔ لاازین و مزدور دس دس ماہ سے تنخواہوں کو ترس گئے غریب کے بچے فاقوں پر مجبور ہو چکے ہیں پاکستان پوسٹ۔ واپڈا ریلوے کی نجکاری کیخلاف حکومت کو بھرپور مزاحمت

بقیہ 14 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین، بورڈ ممبر منور خان ترین اور دیگر اراکین بلوچستان کوچنگ اسٹاف کے ہیڈ کوچ فیصل اقبال اور دیگر ساتھیوں کو پشتون روایتی پگڑی پہنا رہے ہیں

# موجودہ سیاسی صورتحال سے ملک کو بہت بڑا نقصان پہنچا ہے، جعفر مندوخیل

2018ء کے الیکشن کے بعد بلوچستان میں سیاست ختم جبکہ ملکی سطح پر سیاست پر گہرے منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں

**پی ڈی ایم میں کوئی اختلاف نہیں، پیپلز پارٹی کا اپنا نظریہ اور سوچ ہے اس کا آخری پڑاؤ بھی پی ڈی ایم ہی میں ہوگا، رہنما ن لیگ**

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنماء و سابق صوبائی وزیر شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ موجودہ سیاسی صورتحال سے ملک کو بہت بڑا نقصان پہنچا ہے، 2018ء کے الیکشن کے بعد بلوچستان میں سیاست ختم جبکہ ملکی سطح پر سیاست پر گہرے منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں، پی ڈی ایم میں کوئی اختلاف نہیں، پیپلز پارٹی کا اپنا نظریہ اور سوچ ہے اس کا آخری پڑاؤ بھی پی ڈی ایم ہی میں ہوگا اقتدار صرف انجوائے کرنے کیلئے نہیں آتے عوامی مسائل اور حقیقی سیاست سیاستدان کیلئے اہم ہے، ملکی صورتحال کی بہتری کیلئے ہر ایک

بقیہ 40 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## راولپنڈی، تھانہ صدر بیرونی پولیس کی اہم کارروائی

**قتل و اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب کیٹیگری اے کے 04 اشتہاری مجرمان گرفتار**

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ صدر بیرونی پولیس نے اہم کارروائی کرتے ہوئے قتل و اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب کیٹیگری اے کے 04 اشتہاری مجرمان گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کا سنگین مقدمات میں ملوث اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، ایس ڈی پی او صدر سرکل کی

بقیہ 42 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### جیکب آباد کے بینظیر پارک سے موٹر سائیکل چوری

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد کے بینظیر پارک سے موٹر سائیکل چوری۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے سول لائین تھانہ کی حدود میں واقع بینظیر پارک سے فارما کے صوبو گل لوڑو کی سی ڈی موٹر سائیکل نمبر SKF9560 چوری ہوگئی صوبو

بقیہ 41 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## نیشنل رینکنگ گالف چمپئن شپ، حمزہ امین تھکاوٹ کا شکار

**نامور گالفر شبیر اقبال نے لیڈنگ بورڈ پر قبضہ جمالیا، ایونٹ میں گالفرز کی دلچسپی عروج پر ہے، رپورٹ**

کراچی (این این آئی) نیشنل رینکنگ گالف چمپئن شپ میں برتری حاصل کرنے والے حمزہ امین تھکاوٹ کا شکار ہوگئے۔ نامور گالفر شبیر اقبال نے لیڈنگ بورڈ پر قبضہ جمالیا، ایونٹ میں گالفرز کی دلچسپی عروج پر پہنچ گئی۔ چمپئن شپ میں پہلے دن سے برتری حاصل کرنے والے حمزہ امین تھکاوٹ کا شکار ہوئے اور کھیل کے تیسرے دن آسان پٹ

بقیہ 43 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عابد حسین بھٹی کا اراضی ریکارڈ سینٹر اور عام مارکیٹ کا دورہ

قصور (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عابد حسین بھٹی کا اراضی ریکارڈ سینٹر چونیاں اور عام مارکیٹ کا دورہ، ناجائز منافع خوری پر 3 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا۔ ڈپٹی کمشنر قصور کی ہدایات کی روشنی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عابد حسین بھٹی نے

بقیہ 44 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### وزیر اعظم باقی چیلنجز کی طرح مہنگائی پر قابو پالیں گے، سردار بابر موسیٰ خیل

دیلوالا (این این آئی) ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل نے کہا ہے کہ وزیر اعظم عمران خان باقی چیلنجز کی طرح مہنگائی پر قابو پالیں گے، عمران خان کو کرپٹ ثابت کرنے کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی

بقیہ 45 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### پاکستانی نوجوانوں کا عکاظ کے نام سے آن لائن کریانہ کی دکانوں کی چین کھولنے کا آغاز

کراچی (این این آئی) پاکستانی نوجوانوں کی ایک ٹیم نے مکہ کے مشہور بازار عکاظ کے برینڈ نام سے ملک کے شہر شہر، قریہ قریہ اور گلی گلی آن لائن کریانہ کی دکانوں کا ایک وسیع چین کھولنے کا آغاز کر دیا ہے جس کا باقاعدہ افتتاح کراچی میں پیر 29 مارچ کو مقامی ہوٹل میں منعقدہ تقریب میں کیا جائے

بقیہ 46 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

جمعیت (س) کے صوبائی سیکرٹریٹ میں نعیم خان بازئی کی شمولیت کے موقع پر مولانا مفتی عبدالواحد بازئی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## ہوٹلوں، شادی ہالز کے عملے کو وکلاء یونیفارم پہننے سے روکا جائے، اسلام آباد بار کونسل

**ہوٹلوں، ریسٹورنٹس اور شادی ہالز کے عملے کا وکلاء یونیفارم پہننا مقدس قانونی پیشے کی توہین ہے، بار کونسل**

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد بار کونسل نے چیف کمشنر کو خط لکھ کر کہا ہے کہ ہوٹلوں، شادی ہالز کے عملے کو وکلاء یونیفارم پہننے سے روکا جائے۔ ہفتہ کو منظر عام پر آنے والے خط میں کہا گیا کہ معلوم ہوا ہے کہ کچھ ہوٹل، ریسٹورنٹس اور شادی ہالز ملازمین کو وکلاء اور ججز والا یونیفارم پہناتے ہیں، ہوٹلوں، ریسٹورنٹس اور شادی ہالز کے عملے کا وکلاء یونیفارم

بقیہ 47 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## فلور ملز مالکان کی ملی بھگت سے آٹے کی بلیک مارکیٹنگ کا انکشاف

**تحصیل رائے ونڈ میں واقع تین درجن سے زائد فلور ملز مالکان آٹا ڈیلرز کو کم مال بھیج کر زیادہ کی وصولی لینے لگے**

رائے ونڈ (این این آئی) فلور ملز مالکان کی ملی بھگت سے آٹے کی بلیک مارکیٹنگ کا انکشاف، تحصیل رائے ونڈ میں واقع تین درجن سے زائد فلور ملز مالکان آٹا ڈیلرز کو کم مال بھیج کر زیادہ کی وصولی لینے لگے۔ تفصیلات کے مطابق رائے ونڈ میں آٹے کا بحران دوبارہ سر اٹھانے لگا، فلور ملز مالکان سرکاری کوٹے کے مطابق گندم وصول کرنے کے باوجود

بقیہ 16 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم کی مختلف کارروائیاں

**غیر قانونی تعمیرات پر پانچ پلاٹس اور ایک دکان کو سربمہر کردیا**

فیصل آباد/مکوآنہ (این این آئی) ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے عامر عزیز کی ہدایت پر ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے مختلف کارروائیوں کے دوران غیر قانونی تعمیرات پر پانچ پلاٹس اور ایک دکان کو سربمہر کردیا جبکہ ایک پرائیویٹ ہاسنگ سکیم میں پبلک بلڈنگ کیلئے مختص ساڑھے چار کنال اراضی کا قبضہ بھی حاصل کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق

بقیہ 19 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## آصف زرداری کے سامنے سب بچے ہیں، اعتزاز احسن

**پی ڈی ایم کے کچھ لوگ بڑی بڑی بیماریاں بنا کر لندن چلے جاتے ہیں، انٹرویو**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اعتزاز احسن نے کہا ہے کہ پریگمیٹک پالیٹکس میں آصف علی زرداری کے سامنے سب بچے ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری کو آج

بقیہ 20 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## پولی کلینک ہسپتال کے 30 ہیلتھ ورکرز میں کورونا کی تصدیق

**ہسپتال میں اب تک 212 فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز کورونا وائرس سے متاثر ہو چکے ہیں، ہسپتال ترجمان**

اسلام آباد (این این آئی) ہسپتال میں ایک ہفتے کے دوران 30 فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز میں کورونا کی تصدیق ہوئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پولی کلینک اسپتال اسلام آباد کے عملے پر کورونا کے حملے تیز ہوگئے اور گزشتہ ایک ہفتے کے دوران 30 فرنٹ

بقیہ 25 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## جامشورو سے KDA-33 تک ٹرانسمیشن لائن مکمل ہے، عمر ایوب

**ٹرانسمیشن لائن سے رواں سال گرمیوں میں کراچی کو اضافی 450 میگاواٹ بجلی میسر ہوگی**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی عمر ایوب خان نے کہا ہے کہ جامشورو سے KDA-33 تک ٹرانسمیشن لائن مکمل ہے، 220 کے وی کی جامشورو ٹرانسمیشن لائن کی تکمیل سے پی ٹی آئی حکومت کا ایک اور وعدہ پورا ہوا۔

بقیہ 27 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

# پاکستان میں مغربی ایجنڈے کو مسلط نہیں ہونے دینگے، مولانا طاہر توحیدی

مولانا فضل الرحمٰن کی کردار کشی کرنے والے ملک اسلام دشمن عناصر اپنے ناپاک عزائم میں ہرگز کامیاب نہیں ہونگے

**قادیانی نواز حکمران پاکستان پر ناجائز طور پر مسلط ہو کر قادیانیت کے فروغ اور ختم نبوت کے قانون کو ختم کرنے والے اپنے عزائم میں ناکام ہوں گے**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی رہنماؤں نے کہا کہ قادیانی نواز حکمران پاکستان پر ناجائز طور پر مسلط ہو کر قادیانیت کے فروغ اور ختم نبوت کے قانون کو ختم کرنے والے اپنے عزائم میں ناکام ہوں گے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن پاکستان کی بقا اور سالمیت کی علامت ہے مولانا فضل الرحمٰن کی کردار کشی کرنے والے ملک اسلام دشمن عناصر اپنے ناپاک عزائم میں ہرگز کامیاب نہیں ہونگے پاکستان میں مغربی ایجنڈے کو مسلط ہونے نہیں دیں گے ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی معاون

بقیہ 17 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### فیصل آباد، عطائیت کیخلاف ایکشن، دو کلینکس اور اپریشن تھیٹر، لیبر روم اور لیبارٹری سیل

فیصل آباد/مکوآنہ (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی ٹیموں نے عطائیت کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے دو کلینکس اور اپریشن تھیٹر، لیبر روم اور لیبارٹری سیل کردی۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ

بقیہ 18 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## فیصل آباد، اسسٹنٹ کمشنر صدر کی تحصیل آفس صدر میں ریونیو افسران سے تفصیلی میٹنگ

**سرکاری بقایاجات کی وصولی مہم کو مزید تیز کیا جائے اور مقررہ ہدف کا حصول یقینی بنائیں، عمر مقبول**

فیصل آباد/مکوآنہ (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر صدر عمر مقبول نے تحصیل آفس صدر میں ریونیو افسران سے تفصیلی میٹنگ کی اور ریونیو ریکوری کے اہداف سمیت زیر التوا میوٹیشن ایشوز، پرائس کنٹرول میکنزم پر عملدرآمد اور نرخناموں کی موجودگی یقینی بنانے کے حوالے سے بریفنگ لی۔ انہوں نے ریونیو افسران اور پٹواریوں کو ہدایت کی ہے کہ

بقیہ 21 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### عورت مارچ انتظامیہ کیخلاف درخواست اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) عورت مارچ انتظامیہ کے خلاف درخواست اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر کردی گئی۔ اطلاعات کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ میں عورت مارچ انتظامیہ کے خلاف تابش

بقیہ 24 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## جے یو آئی کو بھی موروثی جماعت بنانے کی کوشش کی گئی، حافظ حسین احمد

**جے یو آئی کے تمام دھڑے ختم کر کے انٹرا پارٹی الیکشن کرائے جائیں، میڈیا سے گفتگو**

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام پاکستان کے رہنما حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ جے یو آئی کے تمام دھڑے ختم کر کے انٹرا پارٹی الیکشن کرائے جائیں، جے یو آئی کو بھی موروثی جماعت بنانے کی کوشش کی گئی، مولانا فضل الرحمان کو صدارتی الیکشن لڑنے سے منع کیا تھا، پی ڈی ایم کا شیرازہ بکھر گیا ہے، مولانا فضل الرحمان فوری طور پر

بقیہ 22 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

### گلگت بلتستان حکومت کا سوشل میڈیا پر منافرت پھیلانیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا اعلان

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان حکومت نے سوشل میڈیا پر اشتعال انگیز مواد اور مذہبی منافرت پھیلانے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ داخلہ گلگت بلتستان کی جانب سے جاری

بقیہ 26 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

## ضلع شرقی میں سگ گزیدگی کی روک تھام کے لئے اقدامات

**یوسی 12 اور 17 سے سینکڑوں آوارہ کتے صاف کردیئے گئے، مہم کا دائرہ کار وسیع کیا جائیگا**

کراچی (این این آئی) سیکریٹری بلدیات سندھ سید نجم شاہ، ڈپٹی کمشنر/ایڈمنسٹریٹر ڈی ایم سی ایسٹ سید محمد علی شاہ اور میونسپل کمشنر شعیب احمد ملک کی ہدایت پر سگ گزیدگی کی روک تھام کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں یوسی 12 اور یوسی 17 میں مہم کے دوران سینکڑوں آوارہ کتوں کو علاقوں سے صاف کردیا گیا ہے جس پر علاقہ مکینوں

بقیہ 23 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، مطالبات تسلیم نہ ہونے پر خواتین اساتذہ وزیر اعلیٰ ہاؤس کے سامنے دھرنا دیئے بیٹھی ہیں

# قومی مسائل کے ذمہ دار حکومت و اپوزیشن ہے، جماعت اسلامی

جماعت اسلامی اقتدار میں آکر بغیر کسی تعصب کے تعلیم، صحت، رہائش، روزگار، صاف پانی، بجلی و گیس ہر شہری کو فراہم کریگی

**جماعت اسلامی حکومت واپی ڈی ایم کے کی کرپشن بچانے کے بجائے الگ عوامی حقوق کے حصول نفاذ اسلام کیلئے جدوجہد کر رہی ہے**

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی اقتدار میں آکر بغیر کسی تعصب کے تعلیم، صحت، رہائش، روزگار، صاف پانی، بجلی و گیس ہر شہری کو فراہم کرے گی۔ بلوچستان کے مسائل کا حل جماعت اسلامی کے پاس ہے جماعت اسلامی حکومت واپی ڈی ایم کے کی کرپشن بچانے کے بجائے الگ عوامی حقوق کے حصول نفاذ اسلام کیلئے جدوجہد کر رہی ہے۔ قومی مسائل کے ذمہ دار حکومت و اپوزیشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ اور موجودہ حکومتوں نے عوام پر مہنگائی کے کوڑے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

# بلوچستان کے ساحل اور وسائل پر بلوچستان کے عوام کا حق ہے، نیشنل پارٹی

موجودہ حکومت بلوچستان کو مسائلستان کی جانب لے جا رہی ہے بی این پی کبھی عوام کے حقوق پر سمجھوتہ نہیں کیا

**سردار عطاءاللہ مینگل اور سردار اختر جان مینگل کی مدبرانہ سیاسی جدوجہد ہمیشہ بلوچستان کے عوام کے حقوق اور ان کے ساتھ ہونیوالی زیادتیوں کیخلاف آواز اٹھانے کیلئے رہی ہے**

بیلا (آن لائن) بلوچستان کے ساحل اور وسائل پر بلوچستان کے عوام کا حق ہے اس حق سے دستبرداری کسی صورت میں ممکن نہیں موجودہ حکومت بلوچستان کو مسائلستان کی جانب لے جا رہی ہے بی این پی کبھی عوام کے حقوق پر سمجھوتہ نہیں کیا سردار عطاءاللہ مینگل اور سردار اختر جان مینگل کی مدبرانہ سیاسی جدوجہد ہمیشہ بلوچستان کے عوام کے حقوق اور ان کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کے خلاف آواز اٹھانے کے لئے رہی ہے ان خیالات کا اظہار بلوچستان نیشنل پارٹی لسبیلا کے ضلعی صدر بیرسٹر جہانزیب قاسم رونجھو نے "آن لائن" سے

بقیہ 48 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں